

ماہنامہ

راہنمائے عملیات


لاہور

July 2018 Rs.60/-

الیکشن 2018



مسائل کا نورانی حل

لوحِ شرف قمر	روزمرہ زندگی سے متعلق کسی بھی معاملہ کے فوری روحانی حل کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔
لوحِ شرف شمس	عزت، شہرت، کامیابی، حکومت، سیاست، حصول عہدہ، اعلیٰ پوزیشن، نوکری میں استحکام اور ترقی، اولادِ نرینہ، سرکاری نوکری
لوحِ شرف عطارد	تعلیم، حافظہ اور زبان دانی، کاروبار تجارت اور رزق نوکری، دماغی امراض، اندرون و بیرون ملک سفر
لوحِ شرف زہرہ	عوام و خواتین میں مقبولیت، تسخیر محبوب، رجوع خلقت، شادی، خوبصورتی اور کشش پیدا کرنے کے لیے
لوحِ شرف مریخ	مخالفین پر غلبہ، دشمنوں کو شکست، مقدمہ یا لڑائی میں کامیابی، سحری و آسیبی امراض سے بچاؤ، تحفظ صحت، قوت جسمانی اور مردانہ حیوانی طاقت۔
لوح شرف مشتری	مال و دولت، تجارت و کاروبار میں اضافہ، جائیداد، انعامی بانڈ، لاٹری، خاتمہ غربت مالی۔
لوحِ شرف زحل	جب چلتے کام رکنے لگ جائیں اور کام ہوتے ہوتے رہ جائیں تو آپ کو اس لوح کی ضرورت ہے۔ مختلف قسم کی ناکامیوں اور پریشانیوں سے تحفظ کے لیے۔ وراثتی جائیداد کا مسئلہ
لوح خوش قسمتی	جب مسائل کا کوئی حل نظر نہ آئے تو عمومی خوش قسمتی کے لیے واحد علاج، بہترین مثبت اثرات۔
لوح بدنظری	بچہ کا ایک دم دودھ یا پڑھائی چھوڑ دینا، کاموں نوکری کا اچانک خاتمہ یا خرابی، چلتے کاروبار کی بندش، اچانک بیماری کا جکڑ لینا، بھوک کا خاتمہ، مرتبہ سے بلاوجہ گرنا۔
زعفرانی نقوش	بیماری چاہے کوئی بھی ہو اور کتنی پرانی یا موذی کیوں نہ ہو، ایک کورس اپنا اثر دیکھائے گا۔
طلسم تسخیر وحاجت	رزق، دولت، شادی، تسخیر مطلوب، تسخیر خلق، حصول عہدہ، انعامی بانڈ، تسخیر دشمن، حصول اولاد، صحت، جادو سحر سے حفاظت، حفظ و امان یا کسی بھی مطلب و مقصد کے لیے حاصل کر سکتے ہیں۔
لوح نورانی وکبیر	حروف نورانی کی یہ لوح نوکری، روزگار، بزنس، اولاد، سفر، خوش قسمتی، صحت تندرستی، تعلیم حافظہ عقل و دانش، روحانیات، ردسحر، تحفظ یا جو بھی کوئی اور نیک مقصد ہو اس کے لیے موثر۔
لوح زچگی	زچہ و بچہ کی حفاظت، ان کو سحر، جادو، ٹونا اور ہر قسم کے سحری اور جسمانی نقائص اور اثرات سے حفاظت۔

فہرست مضامین

ماہنامہ راہنمائے عملیات لاہور

سرپرست

خالد اسحاق راٹھور، ایم اے ہسٹری

ایڈیٹر

عبدالباسط راٹھور

سب ایڈیٹر

عبدالحی راٹھور

قیمت

راہنمائے عملیات -/60 فی شمارہ

راہنمائے عملیات (12 شمارہ) -/850 زرسالانہ

راہنمائے عملیات (12 شمارہ) -/55 ڈالرز زرسالانہ (بیرون ملک)

خالد روحانی جنتری	-/250
خالد ہندی جنتری	-/250

ویب سائٹ

www.khalidrathore.com

ای میل

kirathor@yahoo.com

فیس بک

Rehnuma-e-amliyat

Eastern Artist

دفتری اوقات کار

صبح 11:00 تا شام 06:00 تک

تعطیل اتوار و دیگر حکومتی اعلانات کے مطابق

فون نمبرز

0300-8442060
0321-4753240
0300-4783518
042-36293245
042-36374864

ترسیل زر:

آن لائن بنک اکاؤنٹ

A/C # 05570017139203
Khalid Ishaq Rathore, Habib Bank Limited, Allama Iqbal Road, Lahore, Pakistan.

بیرون ملک

Western Union, Xpress money, Ria

منی آرڈر

خالد اسحاق راٹھور، راٹھور مینشن، مکان نمبر 2، گلی نمبر 11، محمد نگر، گڑھی شاہو لاہور، پاکستان۔

ایزی پیسہ

عبدالباسط راٹھور

Account & Phone No.
03464387683

عبدالحی راٹھور

Account & Phone No.
03464387682

موبی کیش

Account & Phone No.
03008442060

ناشر۔ شائستہ خالد راٹھور
پرنٹر۔ الامین ٹریڈرز لاہور
جلد 22 شمارہ 5

خالد اسحٰق راٹھور، مکان نمبر 2، گلی نمبر 11، محمد نگر گڑھی شاہو لاہور

دائرۃ البروج میں حرکت کرتے ہوئے کامیابی، ترقی اور شہرت کا ستارہ شمس 11 جولائی 2018 دوپہر 01 بجکر 21 منٹ پر اوجی طاقت حاصل کرے گا۔ اس کی یہ اوجی حالت 12 جولائی دوپہر 2 بج کر 30 منٹ تک رہے گی۔

چال بادی

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

بادی نقش

یا اللہ یا رافع یا معز

یا عزیز یا فتاح

۱۰۶۹	۱۰۵۵	۱۰۶۲	۱۰۶۶
۱۰۶۱	۱۰۶۷	۱۰۶۸	۱۰۵۶
۱۰۶۴	۱۰۶۰	۱۰۵۷	۱۰۷۱
۱۰۵۸	۱۰۷۰	۱۰۶۵	۱۰۵۹

یا عزیز یا فتاح

یا اللہ یا رافع یا معز

اوجِ شمس میں، شمس کی ساعت میں دی گئی چال کے مطابق نقش کو مکمل کریں۔ نقش تحریر کرنے کے لیے زعفران کی سیاہی تیار کریں۔ دوران عمل بخور شمس مسلسل جلائیں۔ عطر شمس اپنے جسم اور کپڑوں پر لگائیں اور بعد تکمیل لوح پر بھی لگائیں۔ اس کے علاوہ جس کے لیے بھی نقش بنائیں اس کو بھی عطر شمس کا استعمال کروائیں۔ اسماء الٰہی " یا اللہ یا رافع یا معز یا عزیز یا فتاح " کو روزانہ سات دن پڑھنا ہے اور پڑھائی کرنے کے بعد لوح پر دم کریں۔ انشاء اللہ آپ کے جائز مقاصد پورے ہوں گے۔ جن کو علم عملیات کی سمجھ

محبانِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم

حضرت عقبہ بن عامر جہنی رضی اللہ عنہ

ان صفحات کو ان محبان رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے مخصوص کیا گیا جن کی زندگی نبی اکرم ﷺ کی خدمت اور اسلام کی سر بلندی کے لیے بسر ہوئی۔

جناب عقبہ بن عامر جہنیؓ رسول اللہ ﷺ کے اس جلوس کا مشاہدہ نہ کر سکے جب مدینہ کی وادی اور اس کے لوگ آپ کے انتظار میں تھی اور آمد رسول مکہ سے مدینہ طے ہو چکی تھی، بھولی بھالی بچیاں اپنے ہاتھوں میں دف لیے پڑھ رہی تھیں ''ثنیۃ الوداع کی گھاٹیوں سے طلوع ہو کر ماہ کامل ہمارے سامنے آ گیا۔ جب تک بلانے والا اللہ تعالیٰ کی طرف بلاتا رہے ہمارے اوپر اس کا شکر واجب ہے'' (ا) لوگ نبی رحمت ﷺ اور ان کے رفیق جناب ابوبکر صدیقؓ کی ملاقات کی خوشی میں گھروں کے دروازوں اور مکانوں کی چھتوں پر آ گئے تھے۔ جناب عقبہ بن عامر جہنیؓ کی محرومی کی وجہ یہ تھی کہ وہ اپنی بکریوں کو لے کر چرانے کے لیے وادیوں کی طرف نکل گئے تھے، کیونکہ بھوک پیاس کی وجہ سے ان کے ہلاک ہو جانے کا اندیشہ تھا جو کہ ان کا کل سرمایہ تھیں۔

فرحت و سرور کی وہ کیف پرور فضا جو مدینہ پر چھائی ہوئی تھی اور اس کی ضیاباریوں سے سارے کہسار و بیابان جگمگا اٹھے تھے دوسروں کی طرف اس کی خوشخبری جناب عقبہؓ کے کانوں میں بھی پہنچ گئی، حالانکہ وہ مدینہ سے دور وسیع میدانوں میں اپنی بکریاں چراتے پھر رہے تھے۔

نبی کریم ﷺ سے ان کی ملاقات کیسے اور کن حالات میں ہوئی؟ اس کی تفصیل ہم انہیں کے الفاظ میں ہدیہ قارئین کر رہے ہیں:۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ تشریف لائے تو میں اس وقت اپنی بکریوں

> **حضرت عقبہ بن عامر جہنی رضی اللہ عنہ**
>
> آپ ﷺ جہاں تشریف لے جاتے، آپ ﷺ کے خچر کی لگام ان کے ہاتھ میں ہوتی۔ جدھر بھی رخ کرتے وہ ہمیشہ آپ ﷺ کے آگے آگے چلتے اور بسا اوقات آپ ﷺ انہیں اپنی سواری پر اپنے پیچھے بٹھا لیتے تھے۔ جس کی وجہ سے وہ ''ردیف رسول اللہ ﷺ'' کے لقب سے پکارے جانے لگے۔

میں تھا۔ آپ ﷺ کی تشریف آوری کی خبر جیسے ہی مجھے ملی، میں نے بکریوں کو وہیں چھوڑا اور بلا تاخیر آپ ﷺ سے ملنے کے لیے مدینہ روانہ ہو گیا اور بارگاہ نبوی ﷺ میں پہنچ کر عرض کیا ''اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! آپ میری بیعت قبول فرمائیں گے؟''

''تم کون ہے؟'' آپ ﷺ نے پوچھا۔

''عقبہ بن عامر جہنی''۔ میں نے جواب دیا۔

''کون سی بیعت تمہیں پسند ہے۔ تم بیعت اعرابیہ کرو گے یا بیعت ہجرت؟'' آپ ﷺ نے پوچھا۔

''بیعت ہجرت'' میں نے جواباً عرض کیا۔

اس کے بعد رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے بھی انہیں باتوں پر بیعت کی جن پر اور مہاجرین سے لی تھی۔ پھر میں آپ ﷺ کی خدمت میں ایک رات گزار کر واپس اپنی بکریوں میں آ گیا۔

ہم لوگ کل بارہ آدمی تھے جو اسلام لانے کے بعد اپنی بکریاں چرانے کے لیے مدینہ منورہ سے دور وادیوں میں اقامت گزین تھے۔ ایک دن ہمارے ایک ساتھی نے کہا ''اگر ہم رسول اللہ ﷺ سے دین سیکھنے اور ان کے اوپر آسمان سے نازل ہونے والی وحی کو سننے کے لیے باری باری خدمت اقدس میں حاضری نہ دے سکیں تو ہمارے اندر خیر کی کوئی بات نہ ہو گی۔ مناسب یہ ہے کہ روزانہ ہم میں سے ایک آدمی یثرب جائے اور اپنی بکریاں باقی ساتھیوں کی حفاظت میں چھوڑ جائے''۔ میں نے کہا کہ ''تم لوگ یکے بعد دیگرے رسول اللہ ﷺ کے پاس جاؤ اور ہر جانے والا اپنی بکریاں میرے حوالے کر جایا کرے۔ میں اپنی بکریوں کے بارے میں بہت محتاط رہتا تھا اور انہیں کسی کے سپرد کر جانا مجھے گوارا نہ تھا۔

اس کے بعد سے روزانہ صبح کو میرا ایک ساتھی نبی ﷺ کی خدمت میں جاتا اور اس کی بکریوں کو چرانے کی ذمہ داری میں انجام دیتا، اور واپسی پر میں وہ تمام باتیں اس سے پوچھ کر معلوم کر لیتا جو وہاں سے سن کر اور دیکھ کر وہ آتا تھا۔

لیکن چند روز کے بعد میں نے اپنے آپ سے کہا ''تمہارا برا ہو۔ کیا تم ان چند حقیری بکریوں کو رسول اللہ ﷺ کی صحبت اور ان سے براہ راست اور بالمشافہ دین سیکھنے پر ترجیح دینا چاہتے ہو''۔ پھر میں اپنی بکریوں سے کنارہ کش ہو کر مدینہ منورہ کی طرف روانہ ہو گیا تا کہ وہاں پہنچ کر رسول اللہ ﷺ کے زیر ہمسائیگی مسجد نبویؐ میں قیام کروں۔

اہم فیصلہ کرتے ہوئے جناب عقبہؓ اپنے مستقبل کے بارے میں ناآشنا

تھے اور آنے والے اپنے مقام کا تعین نہ کر سکتے تھے، کہ جس کے بارے میں صرف اللہ تعالیٰ ہی جانتے تھے۔

مدینہ منورہ آ کر جناب عقبہ بن عامرؓ نے مستقل طور پر رسول اللہ ﷺ کی صحبت اختیار کر لی۔ وہ سائے کی طرح ہمیشہ آپ ﷺ کے ساتھ رہتے۔ جہاں تشریف لے جاتے، آپ ﷺ کے خچر کی لگام ان کے ہاتھ میں ہوتی۔ جدھر بھی رخ کرتے وہ ہمیشہ آپ ﷺ کے آگے آگے چلتے اور بسا اوقات آپ ﷺ انہیں اپنی سواری پر اپنے پیچھے بٹھا لیتے تھے۔ جس کی وجہ سے وہ ”ردیف رسول اللہ ﷺ“ کے لقب سے پکارے جانے لگے۔ بارہا ایسا بھی ہوتا کہ نبی ﷺ خود اپنی سواری سے اتر جاتے تا کہ وہ سوار ہو جائیں اور آپ ﷺ خود پا پیادہ چلیں۔ خود ان کا بیان ہے کہ ”ایک دفعہ میں رسول اللہ ﷺ کے خچر کی لگام تھامے مدینہ کے ایک بن میں آپ ﷺ کے آگے چل رہا تھا۔ آپؐ نے مجھے مخاطب کرتے ہوئے فرمایا ”عقبہ! کیا تم سوار نہیں ہو گے؟“۔ میرے دل میں آیا کہ کہہ دوں ”نہیں“ مگر پھر اس خوف سے کہ کہیں اس میں نبی ﷺ کی نافرمانی نہ ہو جائے، میں نے کہا ”جی ہاں! اے اللہ کے نبی ﷺ“۔ تب آپ ﷺ اپنے خچر سے نیچے اتر آئے اور میں امتثال امر کے طور پر سوار ہو گیا اور آپ ﷺ پیدل چلنے لگے۔ تھوڑی دیر کے بعد میں نیچے اتر آیا اور رسول اللہ ﷺ سوار ہو گئے۔ پھر آپؐ نے فرمایا ”عقبہ! میں تم کو دو بے مثل سورتیں بتاؤں؟“ میں نے کہا ہاں اے اللہ کے رسول ﷺ! ضرور بتائیں“۔

تب آپ ﷺ نے مجھے ”قل اعوذ برب الفلق“ اور ”قل اعوذ برب الناس“ پڑھایا۔ اس کے بعد جب نماز کھڑی ہوئی تو آپ ﷺ نے امامت فرمائی اور انہیں دونوں سورتوں کو اس نماز میں پڑھا اور مجھ سے فرمایا ”سونے سے پہلے اور نیند سے بیدار ہونے کے بعد ان دونوں سورتوں کو ضرور پڑھ لیا کرو“ (۲)۔ اس کے بعد سے میں زندگی بھر اس وظیفے پر عمل پیرا رہا۔

جناب عقبہ بن عامر جہنیؓ نے صرف دو چیزوں علم اور جہاد پر اپنی تمام توجہ مرکوز کر دی تھی اور اپنی تمام ظاہری اور باطنی صلاحیتوں کو ان کے لیے وقف کر دیا تھا۔ وہ علم کے گہرے اور میٹھے چشمے۔۔۔ چشمہ نبوت سے خوب سیراب ہوئے اور مختلف اصناف علم میں رسول اللہؐ سے کسب فیض کیا۔ حتیٰ کہ قرآن وحدیث، تفقہ فی لدین وفرائض، ادب وفصاحت اور شعر وشاعری میں درجہ کمال کو پہنچ گئے۔ آپؓ نہایت خوش گلو شخص تھے۔ قرآن نہایت خوش الحانی اور ترتیل کے ساتھ پڑھتے۔ رات کے سناٹے اور پرسکون فضا میں کتاب اللہ کی طرف متوجہ ہو جاتے اور تلاوت شروع کرتے تو صحابہ کرامؓ ان کی قرات کو سننے کے لیے ہمہ تن گوش ہو جاتے۔ سننے والوں کے دلوں میں سوز وگداز ہو جاتا اور آنکھیں اشک ریز ہو جاتیں۔

انتقال کے بعد جناب عقبہ بن عامرؓ اپنے ہاتھ کا لکھا ہوا ایک مصحف چھوڑ گئے تھے۔ یہ مصحف مصر کی ایک جامع مسجد جامع عقبہ بن عامرؓ میں بہت زمانے تک موجود تھا۔ جس کے آخر میں ”کتبہ، عقبۃ بن عامر الجہنیؓ“ کے الفاظ درج

قدیم اور بیش قیمت سرمایوں کی طرح زمانے کی دست برد سے بچ نہ سکا۔

اور جہاں تک جہاد میں ان کی سرگرمیوں اور کارناموں کا تعلق ہے، تو اتنا ہی جان لینا کافی ہے کہ جناب عقبہ بن عامرؓ غزوہ احد اور اس کے بعد تمام غزوات میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ شریک رہے۔ وہ ان جانبازوں میں سے ایک تھے جنہوں نے فتح دمشق کے موقع پر غیر معمولی شجاعت اور ہمت ومردانگی کا مظاہرہ کیا اور دشمن کے چھکے چھڑا دیے۔ جناب ابوعبیدہ ابن جراحؓ نے اس صلہ میں ان کو اس اعزاز سے نوازا کہ فتح دمشق کی خوش خبری انہیں کے ذریعہ سے امیر المومنین جناب عمر بن خطابؓ کی خدمت میں مدینہ بھجوائی۔ وہ ایک جمعہ سے دوسرے جمعہ تک آٹھ دن سات راتیں کہیں رکے بغیر تیز رفتاری کے ساتھ سفر کر کے وہاں پہنچے اور جناب عمرؓ کو فتح عظیم کی خوش خبری سنائی۔ وہ اس لشکر اسلام کے قائدین میں سے تھے جس نے مصر کو فتح کیا تھا اور اس کا بدلہ امیر المومنین جناب معاویہ بن ابی سفیانؓ نے یہ دیا کہ انہیں وہاں کا گورنر مقرر کر دیا۔ وہ تین سال تک اس عہدے پر فائز رہے۔ پھر جناب معاویہؓ نے انہیں جہاد کے لیے بحر ابیض متوسط میں واقع جزیرہ روڈس (۳) بھیج دیا۔

جہاد سے ان کے شوق وتعلق کا یہ عالم تھا کہ انہوں نے جہاد سے متعلق بہت سی احادیث نبویہ ﷺ کو اپنے سینے میں محفوظ کر لیا تھا اور ان کی روایت خاص طور پر مسلمانوں سے کرتے تھے۔ وہ بڑی جانفشانی اور شوق ودلچسپی کے ساتھ تیر اندازی کی مشق کرتے اور اس میں غیر معمولی مہارت پیدا کرنے کی کوشش کرتے۔

جناب عقبہؓ مرض الموت میں مبتلا ہوئے تو مصر میں تھے، اپنے لڑکوں کو پاس بلا کر یہ نصیحت کی۔ میرے جگر گوشو! میں تم کو تین باتوں سے روکتا ہوں ان کی سختی کے ساتھ پابندی کرنا:

(1) رسول اللہ ﷺ کی حدیث کبھی کسی غیر ثقہ سے قبول نہ کرنا۔

(2) کبھی قرض نہ لینا، خواہ تم فقر واحتیاج کے اس درجے تک پہنچ جاؤ کہ تمہیں کمبل اور معمولی کپڑے پہننے پڑیں۔

(3) اشعار کبھی نہ لکھنا، کہ اس کی مشغولیت کے نتیجے میں تمہارے دل قرآن سے غافل ہو جائیں۔

جب ان کی وفات ہو گئی تو انہیں جبل مقطم کی تلی میں دفن کیا گیا۔ پھر جب لوگ ان کے ترکے کی طرف متوجہ ہوئے تو معلوم ہوا کہ انہوں نے ستر سے اوپر کمانیں چھوڑی ہیں اور ہر کمان کے ساتھ ترکش اور تیر بھی ہیں۔ ان کے متعلق ان کی یہ وصیت موجود تھی کہ انہیں اللہ تعالیٰ کی راہ میں وقف کر دیا جائے۔

اللہ تعالیٰ قاری، عالم اور غازی جناب عقبہ بن عامر جہنیؓ کے چہرے کو شاداب رکھے اور انہیں اسلام اور مسلمانوں کی طرف سے بہترین اجر سے نوازے۔ آمین۔

(۱) بیہقی بہ حوالہ سیرت النبیؐ / امام ابن کثیر ۱: ۲۷۵ (۲) صحیح مسلم، کتاب فضائل القرآن (۳) بحر متوسط میں واقع ایک جزیرہ قبرص کے مغربی اور ترکی کے جنوب مغربی


از: عبدالباسط راٹھور

دنیا ستاروں کی روشنی میں

ملکی اور بین الاقوامی حالات ■ سٹاک مارکیٹ کا جائزہ

پاکستان

یہ ماہ ملک میں بڑھتی ہوئی سیاسی ہلچل کے ساتھ ساتھ ذاتیات کی سیاست کو فروغ دینے اور اخلاقیات کو پامال کرنے کی طرف بھی اشارہ کر رہا ہے۔ ملک میں موجود عدالتی اور قانونی نظام پر اعتراض اٹھتے ہوئے دکھائی دیں گے اور قانونی اداروں کو نشانہ بنایا جائے گا۔ اس ماہ قانونی اداروں کی طرف سے ایسے فیصلے بھی سامنے آسکتے ہیں جسے عوام نامنظور یا متعصب فیصلہ سمجھے۔ قانونی اداروں اور دیگر سرکاری اداروں میں رشوت کا بازار گرم رہے گا۔ بعض سیاسی اور مذہبی رہنما ملک میں انتشار کی فضاء بھی بلند کرتے نظر آئیں گے۔ ملک میں صحت کے مسائل بڑھتے ہوئے معلوم ہوتے ہیں۔ حادثات کے ذریعے ہونے والی اموات میں بھی اضافہ ہوگا پانی کے مسائل بھی بڑھتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں۔ بارشوں میں اضافہ ہوگا نیز پانی کی وجہ سے تباہی بھی پیدا ہوسکتی ہے۔ دوسرے ممالک کے ساتھ تعلقات بہتر بنانے اور تجارتی سرگرمیوں کو فروغ دینے کے لیے ہر ممکن کوشش کی جائے گی۔



نواز شریف صاحب کے لیے جاری وقت شہرت و کامیابی کے حوالے سے کافی اچھا ہے۔ بہت سی کامیابیاں سمیٹتے نظر آتے ہیں۔ بعض اوقات زیادہ جذباتی اور پریشان صورتحال میں ایسے بیانات بھی دے سکتے ہیں جو بعد میں ان کے لیے پریشانی کا سبب ہیں۔

عمران خان صاحب کا ذاتی زائچہ کافی اچھا اور متحرک نظر آتا ہے خصوصاً 10 جولائی سے شروع ہونے والا وقت ان کے لیے زیادہ بہتر ہے۔ ان کے پرجوش انداز اور وعدوں سے عوام کی ایک کثیر تعداد متاثر ہوتی ہوئی دکھائی دیتی ہے۔

آصف علی زرداری صاحب کا زائچہ ایک بہترین حکمت عملی کے مظہر انسان کا زائچہ ہے۔ جاری ماہ ان کے لیے بہت زیادہ کامیابیوں کی طرف تو اشارہ نہیں کر رہا البتہ دوسروں کے لیے مسائل کا پیش خیمہ ضرور ہے۔ نیز اس دفعہ مرکز میں آنے اور بننے والی حکومت کا حصہ بننے کے لیے بھی کافی تگ و دو کرتے نظر آئیں گے۔

اسٹاک مارکیٹ

پہلے مہینے میں ملا جلا رجحان رہے گا۔ دوسرے اور تیسرے مہینے میں قدرے تیزی دیکھنے کو ملے گی۔ آخری مہینے میں اونچ نیچ کے ساتھ مندی کا رجحان رہے گا۔

مالیاتی ادارے

ماہ کی شروعات قدرے مندی سے ہوگی البتہ مجموعی طور پر پہلے دو عشرے تیزی کو ظاہر کررہے ہیں آخری عشرے میں ملا جلا رجحان رہے گا۔

آئل اینڈ گیس سیکٹر

پہلا عشرہ اونچ نیچ کے سات مندی کو ظاہر کر رہا ہے البتہ آخری دو عشروں میں قدرے تیزی دیکھنے کو ملے گی۔

انرجی سیکٹر

پہلا عشرہ قدرے تیزی کو ظاہر کر رہا ہے۔ دوسرا عشرہ ملے جلے رجحان کو ظاہر کر رہا ہے تیسرے عشرہ میں مندی کا رجحان رہے گا۔

فوڈ سیکٹر

ماہ کی شروعات قدرے مندی سے ہوگی البتہ مجموعی طور پر تیزی کا

رجحان ملے گا۔

ٹیلی کام سیکٹر

اونچ نیچ کے ساتھ تیزی دیکھنے کو ملے گی۔ البتہ آخری مہینے میں مندی کا رجحان رہے گا۔

ٹیلی کام سیکٹر

پہلے دو ہفتے قدرے تیزی کے رجحان کو ظاہر کر رہے ہیں۔ اس کے بعد قدرے ملا جلا رجحان رہے گا۔

سیمنٹ سیکٹر

مجموعی طور پر ملا جلا رجحان رہے گا۔ البتہ آخری ہفتے میں مندی کا رجحان بڑھے گا۔

فوڈ سیکٹر

پہلے عشرے میں قدرے تیزی دیکھنے کو ملے گی۔ آخری دو عشروں میں ملا جلا رجحان رہے گا۔

بین الاقوامی حالات

امریکہ

ملک میں صحت کے مسائل بڑھتے ہوئے معلوم ہوتے ہیں۔ جرائم کی شرح میں اضافہ ہوتا ہوا دکھائی دے گا۔ دوسرے ممالک کے ساتھ تعلقات بہتر بنانے پر زور دیا جائے گا۔ البتہ حکومت مخالف آوازوں میں بھی اضافہ ہوتا ہوا دکھائی دیتا ہے۔ خطرناک ہتھیاروں کی دوڑ میں مزید کامیابیاں ملتی ہوئی نظر آتی ہیں۔ پھلوں / فصلوں کی پیداوار میں بھی بہتری آئے گی۔

برطانیہ

اسٹاک مارکیٹ میں مجموعی طور پر مندی کا رجحان رہے گا۔ بعض ممالک کے ساتھ تعلقات کشیدہ صورتحال اختیار کر سکتے ہیں۔ البتہ ہمسایہ ممالک کے ساتھ بہتر تجارتی تعلقات قائم کرنے پر زور دیا جائے گا۔ طب کے شعبے میں خصوصی توجہ دی جائے گی۔ اسٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں اضافہ ہوگا۔

چین

معاشی لحاظ سے قدرے بہتر وقت کی شروعات ہو رہی ہے۔ دوسرے ممالک خصوصاً امریکہ کے ساتھ جاری بہت سے تنازعات بہتر طریقے سے حل کرنے کی بھرپور کوشش کی جائے گی جس کے مثبت نتائج آئیں گے۔ فصلوں کی پیداوار امید کے مطابق نہ ہوگی۔ بھارت کے ساتھ معاملات میں وقتی طور پر کشیدگی پیدا ہو سکتی ہے۔ ملک میں بے روزگاری کی شرح میں قدرے کمی آئے گی۔ ملک میں عدالتی اور قانونی نظام مزید مضبوط اور بہتر ہوگا۔ عوام کو جلد انصاف کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا۔

انڈیا

حکومت کے لیے قدرے بہتر وقت کی شروعات ہو رہی۔ بہت سے بڑے ترقیاتی منصوبوں پر کام کیا جائے گا۔ البتہ مزدور طبقہ حکومت سے قدرے غیر مطمئن ہوتا نظر آئے گا اور بیرونی سرمایہ کاری بڑھے گی۔ بارشوں سے فصلوں کو نقصان پہنچنے کا خدشہ ہے۔ ملک میں لاقانونیت بڑھے گی۔ رشوت کا بازار گرم رہے گا۔ کمزور اور غریب طبقے کو انصاف ملنا ناممکن سا عمل ہوگا۔

ایران

معاشی معاملات مزید خراب صورتحال اختیار کرتے نظر آتے ہیں۔ بین الاقوامی پابندیوں اور تعلقات میں خرابی کے باعث حالات مزید خراب ہوں گے۔ ملک میں فصلوں کی پیداوار میں کمی آئے گی۔ ذرائع اجناس کی قیمتوں میں اضافے اور قلت کا بھی سامنا ہو سکتا ہے۔

افغانستان

ملک کے اندر سیکورٹی کی صورتحال قدرے غیر تسلی بخش رہے گی۔ ملک میں جرائم پیشہ عناصر کافی متحرک نظر آئیں گے۔ ملک میں حکومت اور طالبان کے درمیان ہونے والے تصادم کے واقعات میں اضافہ ہوگا۔ نیز امریکی افواج کی کارروائیوں میں بھی تیزی آتی ہوئی نظر آئے گی۔ ملک میں صحت کے مسائل بڑھتے اور وبائی امراض پھیلنے کی بھی توقع ہے۔

لوح بدنظری

بدنظر، بدنظری، نظر لگنا، نظروں میں کھا جانا، نظر لگانا سے مراد کسی بھی مرد و زن کی وہ نظر اور دیکھنے کا طریقہ و نیت ہے جو سامنے والے کو مشکل و پریشانی میں ڈال دے اور دیکھتے ہی دیکھتے ہنستے بستے گھر یا معاملے کا بیڑا غرق کر دے اور انسان کو یہ سمجھ ہی نہ آئے کہ یہ کیا ہوا ہے؟ دودھ پیتے بچے کا ایک دم دودھ چھوڑ دینا، پڑھتے بچے کا پڑھائی چھوڑ دینا، لگی ہوئی نوکری کا اچانک خاتمہ، چلتے کاروبار کی بندش، اچھی خاص صحت ہوتے ہوئے بیماری کا جکڑ لینا اور ایسے ہی ملتے جلتے بدنظری کے مسائل کے حل کے لیے ہی لوح بدنظری موثر و مفید ثابت ہوتی ہے۔

اس ماہ کے خاص عملیاتی روحانی وظائف و اعمال

تحریر: عبدالباسط راٹھور

نظرات کواکب پر مضامین کا ایک خاص سلسلہ

الیکشن میں کامیابی کے لیے

اوج شمس

	ابتداء اوج	اختتام اوج
تاریخ	11-07-2018	12-07-2018
وقت	13:21:10	14:30:34

وہ افراد جو کسی مقابلے میں کامیابی حاصل کرنے کے خواہش مند ہوں انھیں اس خوش قسمت وقت سے ضرور فائدہ اٹھانا چاہیے۔ الیکشن میں کامیابی کے حوالے سے بھی ایک موثر ترین عمل ہے۔

الاسماء الحسنیٰ: یا اللہ یا فتاح یا باقی یا رشید یا مجید یا والی

بادی نقش

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا اللہ یا فتاح یا باقی یا رشید یا مجید یا والی

٣٢٧	٣١٤	٣٢١	٣٢٤
٣٢٠	٣٢٥	٣٢٦	٣١٥
٣٢٢	٣١٩	٣١٦	٣٢٩
٣١٧	٣٢٨	٣٢٣	٣١٨

یا اللہ یا فتاح یا باقی یا رشید یا مجید یا والی

بادی چال سے دو عدد نقش تیار کریں ایک سائل کو پہننے کے لیے دیں اور دوسرا گھر میں لٹکانے کے لیے انشاء اللہ فتح و کامیابی کا حصول ہوگا۔ لوح کو کسی دھات پر تیار کرنا زیادہ مفید ثابت ہوگا۔

صدقہ: تین دن متواتر نر جانور حسب توفیق بکرا/مرغا ذبح کروا کر صدقہ کریں۔

بخور: بخور نورانی کا استعمال کریں۔

نمکیات و خون کی کمی کو پورا کرنے کرنا

شمس تثلیث مشتری

	ابتداء نظر	تکمیل نظر	اختتام نظر
تاریخ	04-07-18	05-07-16	06-07-2018
وقت	15:22	16:05	16:53

بیماری اور صحت دونوں انسانی زندگی کے جزو ہیں۔ انسان ہر پل بیماری سے لڑنے اور اس کے علاج کے لیے تدابیر کرتا نظر آتا ہے اسی طرح مختلف بیماریوں میں مختلف طرح کی ادویات پرہیز اور نقوش استعمال کیے جاتے ہیں۔ مگر چند مخصوص غذائیں اور پرہیز ایسے ہوتے ہیں جو ہر پل لازم ہوتے ہیں اسی طرح بعض نقوش پہلے بیان کیے جا چکے ہیں۔ جو ہر طرح کے مرض میں شفاء یابی کے ضامن ہیں۔ مگر اس دفعہ جو خصوصی نقش پیش کیا جا رہا ہے اس کا مقصد ایسی بیماریوں کے خلاف جہاد ہے جو جسم میں نمکیات اور خون کی کمی کی وجہ سے پیدا ہوتی ہیں۔

الاسماء الحسنیٰ: یا اللہ یا حلیم یا وکیل یا سلام یا رقیب یا لطیف

بادی نقش

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا اللہ یا حلیم یا وکیل یا سلام یا رقیب یا لطیف

۲۰۱	۱۹۷	۱۹۰	۲۰۴
۱۹۱	۲۰۳	۲۰۲	۱۹۶
۲۰۶	۱۹۲	۱۹۵	۱۹۹
۱۹۴	۲۰۰	۲۰۵	۱۹۳

یا اللہ یا حلیم یا وکیل یا سلام یا رقیب یا لطیف

آبی نقش

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا اللہ یا حلیم یا وکیل یا سلام یا رقیب یا لطیف

۲۰۴	۱۹۰	۱۹۷	۲۰۱
۱۹۶	۲۰۲	۲۰۳	۱۹۱
۱۹۹	۱۹۵	۱۹۲	۲۰۶
۱۹۳	۲۰۵	۲۰۰	۱۹۴

یا اللہ یا حلیم یا وکیل یا سلام یا رقیب یا لطیف

آبی چال سے 3 عدد نقش تیار کریں اور مریض کو پینے کے لیے دیں۔ایک نقش تین دن استعمال کروائیں۔اگر مرض میں شدت کم ہو تو ایک نقش سات دن بھی استعمال کرواسکتے ہیں۔بادی نقش مریض کو پہننے کے لیے دیں۔انشاءاللہ جلد ہی اس کے اثرات واضح ہونے لگ جائیں گے۔

بخور:۔ لوبان اور مشک کی اگربتی سلگائیں۔

صدقہ:۔ میٹھی چیز تین دن متواتر بانٹیں۔

ناکام کرنے کے لیے

عطارد مقابلہ مریخ

اختتام نظر	تکمیل نظر	ابتداء نظر	
06-07-18	05-07-18	04-07-18	تاریخ
10:26	16:49	23:29	وقت

کسی شخص کا کام روکنے اور اس کے مقاصد میں اسے ناکام کرنے کے لیے ایک نادر عمل پیش کیا جارہا ہے۔اس عمل کو آپ اپنے جائز مقاصد کے لیے استعمال کرسکتے ہیں۔کوئی شخص آپ کا ناجائز حق مار رہا ہو یا آپ کو بدنام اور ناکام کرنے کے لیے غلط افواہوں اور ناجائز اعمال کا سہارا لے رہا ہو تو ایسے دشمن کی ناکامی کے لیے یہ عمل تیار کرسکتے ہیں۔

الاسماء الحسنیٰ

یا اللہ یا موخر یا قھار یا ضار یا آخر یا جبار یا خافض

بادی نقش

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا اللہ یا موخر یا قھار یا ضار یا آخر یا جبار یا خافض

۱۱۷۹	۱۱۷۶	۱۱۶۹	۱۱۸۳
۱۱۷۰	۱۱۸۲	۱۱۸۰	۱۱۷۵
۱۱۸۵	۱۱۷۱	۱۱۷۴	۱۱۷۷
۱۱۷۳	۱۱۷۸	۱۱۸۴	۱۱۷۶

یا اللہ یا موخر یا قھار یا ضار یا آخر یا جبار یا خافض

آبی نقش

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا اللہ یا موخر یا قھار یا ضار یا آخر یا جبار یا خافض

۱۱۸۳	۱۱۶۹	۱۱۷۶	۱۱۷۹
۱۱۷۵	۱۱۸۰	۱۱۸۲	۱۱۷۰
۱۱۷۷	۱۱۷۴	۱۱۷۱	۱۱۸۵
۱۱۷۲	۱۱۸۴	۱۱۷۸	۱۱۷۳

یا اللہ یا موخر یا قھار یا ضار یا آخر یا جبار یا خافض

خاکی نقش

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا اللہ یا موخر یا قھار یا ضار یا آخر یا جبار یا خافض

۱۱۶۹	۱۱۸۳	۱۱۷۹	۱۱۷۶
۱۱۸۰	۱۱۷۵	۱۱۷۰	۱۱۸۲
۱۱۷۴	۱۱۷۷	۱۱۸۵	۱۱۷۱
۱۱۸۴	۱۱۷۲	۱۱۷۳	۱۱۷۸

یا اللہ یا موخر یا قھار یا ضار یا آخر یا جبار یا خافض

آتشی نقش

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا اللہ یا موخر یا قھار یا ضار یا آخر یا جبار یا خافض

۱۱۷۶	۱۱۷۹	۱۱۸۳	۱۱۶۹
۱۱۸۶	۱۱۷۰	۱۱۷۵	۱۱۸۰

۱۱۷۱	۱۱۸۵	۱۱۷۷	۱۱۷۴
۱۱۷۸	۱۱۷۳	۱۱۷۲	۱۱۸۴

یا اللہ یا موخر یا قھار یا ضار یا آخر یا جبار یا خافض

نقش کو چاروں چالوں سے تیار کریں اور آبی چال سے لکھے گئے نقش کو بہا دیں۔ بادی نقش کو اجڑے درخت پر لٹکا دیں۔ خاکی نقش کو پرانی قبر میں دفنا دیں۔

آتشی نقش کو فریج کی پچھلی طرف لگا دیں جہاں اسے مسلسل حرارت ملتی رہے۔

صدقہ:۔ ایک عدد مرغا ذبح کروا کر صدقہ کریں۔

بخورا:۔ عمل کے دوران بخور نحس اعمال سلگائیں۔

نفسانی امراض کا علاج

شمس تثلیث نیپچون

	ابتداء نظر	تکمیل نظر	اختتام نظر
تاریخ	07-07-2018	08-07-2018	09-07-2018
وقت	18:48	19:42	20:36

نفسانی امراض کے حوالے سے کسی بھی طرح کا مسئلہ ہو، خواہ معاملات کتنے ہی پیچیدگی اختیار کر گئے ہوں۔ اللہ کے فضل و کرم سے یہ عمل آپ کو ضرور فائدہ دے گا اور آپ جلد صحت یاب ہو جائیں گے۔

اسماء الحسنٰی

یا اللہ یا حی یا قیوم یا واحد یا قوی یا ھادی

آبی نقش

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا اللہ یا حی یا قیوم یا واحد یا قوی یا ھادی

۱۰۵	۹۱	۹۸	۱۰۱
۹۷	۱۰۲	۱۰۴	۹۲
۹۹	۹۶	۹۳	۱۰۷
۹۴	۱۰۶	۱۰۰	۹۵

یا اللہ یا حی یا قیوم یا واحد یا قوی یا ھادی

بادی چال

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

بادی نقش

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا اللہ یا حی یا قیوم یا واحد یا قوی یا ھادی

۱۰۱	۹۸	۹۱	۱۰۵
۹۲	۱۰۴	۱۰۲	۹۷
۱۰۷	۹۳	۹۶	۹۹
۹۵	۱۰۰	۱۰۶	۹۴

یا اللہ یا حی یا قیوم یا واحد یا قوی یا ھادی

7 عدد نقش آبی چال سے تیار کریں۔ ایک نقش 3 دن میں 3 مرتبہ پئیں۔ بادی چال سے تیار کیے گئے نقش کو گلے میں پہنیں۔

صدقہ:۔

1 عدد سرخ مرغا اور سوا کلو بڑا گوشت بطور صدقہ دیں۔

بخور:۔

مشک اور عود کا بخور جلائیں۔

خالد روحانی جنتری...... جولائی2018 / شوال1439 / ہاڑ2075

ماہانہ تقویم					[illegible]	[illegible]	امور قمر				لاہور		کراچی		پشاور		کوئٹہ		راولپنڈی		ملتان	
دن	جولائی	شوال	ہاڑ	سرطان			برج	ابتداء	منزل	ابتداء	طلوع	غروب	طلوع	غروب	طلوع	غروب	طلوع	غروب	طلوع	غروب	طلوع	غروب
اتوار	1	16	17	11	ن	3			اخبیہ	03:03	05:01	19:12	05:44	19:28	05:06	19:29	05:34	19:38	05:02	19:21	05:17	19:20
پیر	2	17	18	12	م	4	حوت	22:30	مقدم	05:11	05:02	19:12	05:44	19:28	05:07	19:29	05:34	19:38	05:02	19:21	05:17	19;20
منگل	3	18	19	13	س	5			موخر	07:08	05:02	19:11	05:44	19:28	05:07	19:29	05:35	19:38	05:03	19:21	05:18	19:20
بدھ	4	19	20	14	س	6			رشا	08:43	05:03	19:11	05:45	19:28	05:07	19:29	05:35	19:38	05:03	19:21	05:18	19:20
جمعرات	5	20	21	15	م	7	حمل	09:49	شرطین	09:49	05:03	19:11	05:45	19:28	05:08	19:29	05:36	19:38	05:03	19:21	05:18	19:20
جمعہ	6	21	22	16	ن	8			بطین	10:18	05:03	19:11	05:46	19:27	05:08	19:28	05:36	19:38	05:04	19:21	05:19	19:20
ہفتہ	7	22	23	17	س	9	ثور	17:50	ثریا	10:04	05:04	19:11	05:46	19:27	05:09	19:28	05:37	19:38	05:04	19:21	05:19	19:20
اتوار	8	23	24	18	س	1			دبران	09:07	05:04	19:11	05:46	19:27	05:09	19:28	05:37	19:37	05:05	19:21	05:20	19:20
پیر	9	24	25	19	ن	2	جوزا	21:58	ہقعہ	07:27	05:05	19:11	05:47	19:27	05:10	19:28	05:38	19:37	05:05	19:20	05:20	19:20
منگل	10	25	26	20	ن	3			ہنعہ	05:08	05:05	19:10	05:47	19:27	05:10	19:27	05:38	19:37	05:06	19:20	05:21	19:19
بدھ	11	26	27	21	س	4	سرطان	22:58	ذراعہ نثرہ	02:15 22:58	05:06	19:10	05:48	19:27	05:11	19:27	05:39	19:37	05:07	19:20	05:21	19:19
جمعرات	12	27	28	22	س	5			طرفہ	19:25	05:06	19:10	05:48	19:27	05:12	19:27	05:39	19:36	05:07	19:20	05:22	19:19
جمعہ	13	28	29	23	س	6	اسد	22:30	جبہ	15:43	05:07	19:09	05:49	19:26	05:12	19:26	05:40	19:36	05:08	19:19	05:22	19:19
ہفتہ	14	29	30	24	س	7			زبرہ	12:05	05:08	19:09	05:49	19:26	05:13	19:26	05:40	19:36	05:08	19:19	05:23	19:18
اتوار	15	ذی القعد	31	25	س	8	سنبلہ	22:30	صرفہ	08:38	05:08	19:09	05:50	19:26	05:13	19:26	05:41	19:35	05:09	19:18	05:23	19:18
پیر	16	2	ساون	26	س	9			عوا	05:31	05:08	19:08	05:50	19:26	05:14	19:25	05:41	19:35	05:09	19:18	05:24	19:18
منگل	17	3	2	27	ن	1			سماک	02:49	05:09	19:08	05:51	19:25	05:15	19:25	05:42	19:35	05:10	19:18	05:24	19:17
بدھ	18	4	3	28	س	2	میزان	00:42	غفرہ زبانہ	00:42 23:12	05:10	19:08	05:51	19:25	05:15	19:24	05:42	19:34	05:11	19:17	05:25	19:17
جمعرات	19	5	4	29	ن	3			اکلیل	22:20	05:10	19:07	05:51	19:25	05:16	19:24	05:43	19:34	05:11	19:17	05:26	19:16
جمعہ	20	6	5	30	ن	4	عقرب	06:12	قلب	22:09	05:11	19:07	05:52	19:24	05:17	19:23	05:44	19:33	05:12	19:16	05:26	19:16
ہفتہ	21	7	6	31	س	5			شولہ	22:36	05:12	19:06	05:52	19:24	05:17	19:23	05:44	19:33	05:13	19:16	05:27	19:16
اتوار	22	8	7	32	س	6	قوس	15:12	نعائم	23:35	05:12	19:06	05:53	19:23	05:18	19:22	05:45	19:32	05:13	19:15	05:27	19:15
پیر	23	9	8	اسد	س	7					05:13	19:05	05:53	19:23	05:19	19:21	05:45	19:32	05:14	19:14	05:28	19:15
منگل	24	10	9	2	ن	8			بلدہ	01:01	05:14	19:04	05:54	19:23	05:19	19:21	05:46	19:31	05:15	19:14	05:28	19:14
بدھ	25	11	10	3	س	9	جدی	02:48	ذابح	02:48	05:14	19:04	05:54	19:22	05:20	19:20	05:46	19:31	05:15	19:13	05:29	19:13
جمعرات	26	12	11	4	س	1			بلعہ	04:49	05:15	19:03	05:55	19:22	05:21	19:19	05:47	19:30	05:16	19:12	05:30	19:13
جمعہ	27	13	12	5	ن	2	دلو	15:40	سعود	06:56	05:15	19:03	05:55	19:21	05:21	19:19	05:48	19:30	05:17	19:12	05:30	19:12
ہفتہ	28	14	13	6	س	3			اخبیہ	09:06	05:16	19:02	05:56	19:21	05:22	19:18	05:48	19:29	05:17	19:11	05:31	19:12
اتوار	29	15	14	7	س	4			مقدم	11:10	05:17	19:01	05:56	18:20	05:23	19:17	05:49	19:28	05:18	19:10	05:31	19:11
پیر	30	16	15	8	ن	5	حوت	04:27	موخر	13:04	05:17	19:00	05:57	19:19	05:24	19:16	05:50	19:28	05:19	19:10	05:32	19:10
منگل	31	17	16	9	م	6			رشا	14:39	05:18	19:00	05:57	19:19	05:24	19:16	05:50	19:27	05:19	19:09	05:33	19:10

"راہنمائے عملیات" ہمارا نہیں آپ کا ہے' آپ اِسے پڑھتے ہیں اور اس کو آپ کے معیار اور خواہش کے مطابق ترتیب دینا ہماری ذمہ داری ہے۔ "راہنمائے عملیات" میں آپ اگر کوئی بھی کمی محسوس کرتے ہیں تو ہمیں ضرور لکھیں۔

بانڈنمبر::: بانڈنمبروں کے لیے ہماری کتب اور جنتریوں کا مطالعہ کریں۔ اِن میں فارمولوں کے علاوہ حل شدہ نمبر بھی دیئے گئے ہیں تا کہ جو لوگ خود حل نہیں کر سکتے، اِن کے لیے آسانی ہو۔

تحریر و تحقیق: خالد اسحاق راٹھور

کون سی نظرات مؤثر ہیں' کون سی نہیں؟

اس مضمون کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ نقوش وعملیات تیار کرنے والے عامل یا عام لوگ جن کو نجوم وعملیات کی معمولی سمجھ ہے یا بالکل نہیں ہے اس مضمون کی مدد سے صرف ایسے وقت میں نقش یا اعمال تیار کریں جو موثر ثابت ہوں اور ان کا وقت' رقم اور محنت ضائع نہ ہو۔ بہت سے لوگ بلا علم ہر نظر کی ظاہری سعادت ونحوست پر اعمال تحریر کر دیتے ہیں جو کہ فائدہ مند ثابت نہیں ہوتے۔ سو راہنمائے عملیات کے قارئین کی خصوصی راہنمائی کے لیے ہر ماہ یہ مضمون تحریر کیا جاتا ہے۔ تا کہ کوئی بھی کواکبی نظر ہو آپ اس مضمون سے زیادہ سے زیادہ بہتر اور قوت اور طریق سے عمل تیار کر سکیں۔ یہ ایسے ہی ہے کہ زہرہ اور مشتری کی باہم سعد نظر کو ہر مسئلہ کا حل مانا جاتا ہے۔ لیکن اگر بلحاظ زائچہ بہ وقت اور نظر بلحاظ حساب قوی نہ ہو تو عمومی بیان کردہ احکامات کبھی پیدا نہ ہوں گے۔ اللہ آپ کو کامیابی عطا فرمائے۔

جولائی

کواکبی نظر	ابتداء نظر	تکمیل نظر	اختتام نظر	احکام نظر......یعنی نقش' تعویذ وعمل تیار کریں یا نہ؟
شمس تثلیث مشتری	04-07-18 15:22	05-07-18 16:05	06-07-18 16:53	سعد وقت ہے جو بھی عمل ولوح تیار کرنا چاہیں کر سکتے ہیں۔ کامیابی ستر فی صد کے قریب ہے۔ تاہم اثرات ایک خاص وقت تک رہیں گے۔ معاملات واپس پرانی ڈگری پر آ سکتے ہیں۔
عطارد مقابل مریخ	04-07-18 23:29	05-07-18 16:49	06-07-18 10:26	نظری اعتبار سے نحس وقت ہے۔ اعمال ونقوش جو منفی اور نحس ہوں ان میں کامیابی کا امکان ساٹھ فی صد تک ہے۔
عطارد تربیع مشتری	08-07-18 16:46	09-07-18 14:14	10-07-18 12:38	اعمال نحس کے لیے یہ وقت بہت زیادہ موثر نہیں ہے۔ ہاں ایک حد تک یا جزوی کامیابی ہو سکتی ہے۔
زہرہ تثلیث زحل	13-07-18 15:24	14-07-18 11:45	15-07-18 08:09	بلحاظ کواکب اور نظر صرف سعادت دیکھنے کو ملتی ہے تاہم بلحاظ زائچہ وکواکبی پوزیشن درحقیقت ایسا نہیں ہے۔ کامیابی کا تناسب کچھ زیادہ نہ ہوگا۔
زہرہ تسدیس مشتری	21-07-18 15:34	22-07-18 14:21	23-07-18 13:17	بظاہر تو سعادت ہے لیکن وہ کچھ نہیں ملے جس کی خواہش ہے۔
شمس مقابلہ مریخ	26-07-18 14:41	27-07-18 10:14	28-07-18 05:46	گو نظر نحس ہے لیکن بلحاظ اثرات قوی نہیں ہے اس لیے جو بھی عمل تیار کریں اس کے حوالے سے زیادہ خوش اُمیدی کا شکار نہ ہوں۔

اعمال اوج شمس

خالد اسحاق راٹھور

ایک زود اثر اور یقینی عمل

علم نجوم میں سورج یعنی شمس تخلیق، اقتدار، حکومت، بادشاہت، عزت، وقار، طاقت، شہرت، قوت، جاہ و جلال اور لیڈر شپ سے منسوب ہے۔ عملیات کے میدان میں یہ وقت بہت اہمیت کا حامل ہے۔ اس سعد اور طاقت ور وقت کے دوران معاشرے میں عزت و وقار حاصل کرنے، بلند مرتبہ، عظمت، شہرت، کامیابی، ترقی، کاروبار، الیکشن میں کامیابی، اعلیٰ عہدہ و حکومت، دشمنوں پر غلبہ حاصل کرنے کے لیے خصوصی نقش یا لوح تیار کی جاتی ہے۔ ذیل میں تحریر کردہ طریقہ کار پر عمل کرتے ہوئے آپ بھی اس سعد وقت میں اپنی کامیابی کے لیے نقش و لوح تیار کر سکتے ہیں یا اس مقصد کے لئے ادارے سے رجوع کر سکتے ہیں۔

طریقہ عمل:

مندرجہ بالا مقاصد کے حوالے سے خصوصی اسماء الہی کے اعداد شمسی جو کہ 4252 بنتے ہیں۔ ان میں سائل کے نام اور اس کی والدہ کے نام کے اعداد ابجد شمسی سے حاصل کر کے جمع کریں۔ کل اعداد میں سے تیس عدد تفریق کر دیں اور باقی کو چار سے تقسیم کریں۔ جو حاصل قسمت ہو اس کو چال کے مطابق خانہ اول میں تحریر کریں اور اسی کے مطابق تمام نقش مکمل کریں۔ چار سے تقسیم کرنے سے کچھ بچ جائے تو اس طرح عمل کریں۔ باقی قسمت

اضافہ کر دیں۔

نقش کی چال یوں ہوگی۔

١١	٨	١	١٤
٢	١٣	١٢	٧
١٦	٣	٦	٩
٥	١٠	١٥	٤

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بادی نقش

یا اللہ یا رافع یا معز

١٠٦٦	١٠٦٢	١٠٥٥	١٠٦٩
١٠٥٦	١٠٦٨	١٠٦٧	١٠٦١
١٠٧١	١٠٥٧	١٠٦٠	١٠٦٤
١٠٥٩	١٠٦٥	١٠٧٠	١٠٥٨

یا عزیز یا فتاح

یا عزیز یا فتاح

یا اللہ یا رافع یا معز

ضروری ہدایات:

1- نقش کے ماتھے پر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم تحریر کریں۔

3- چاروں اضلاع کے گرد چاروں فرشتوں مقرب جبرائیل' عزائیل' میکائیل اوراسرافیل کے نام لکھیں۔

4- اضلاع کے ساتھ اطراف میں اللہ تعالیٰ کے درج ذیل نام تحریر کریں
یااللہ' یارافع' یامعز' یاعزیز' یافتاح'

5- نقش کے چاروں اضلاع بسم اللہ سے مکمل کریں۔

6- نقش کے اردگرد موکل استخراج کر کے لکھیں۔

7- نقش کو بہ مرتبہ چال مکمل کریں۔

نقش اوج شمس کی مناسبت سے ساعت شمس میں تحریر کریں۔ میرا مشورہ ہے کہ اس کو سونے پر کندہ کروالیں تو زیادہ بہتر ہے۔ تاہم اگر ایسا ممکن نہ ہو تو پھر چاندی پر یا بحالت مجبوری کاغذ پر بھی تحریر کر سکتے ہیں۔ قوی اثرات بالترتیب سونے' چاندی اور کاغذ سے حاصل ہوں گے۔ آپ اس کو بصورت لاکٹ' انگوٹھی' ہار یا جیب میں رکھ کر استعمال کر سکتے ہیں۔ قبل استعمال شمس کی مناسبت سے صدقہ دیں۔

ساعت عمل:

اوج شمس کے حوالے سے جو بھی عمل تیار کریں کوشش کریں کہ ساعت شمس میں اور دن کے اوقات میں ہو۔ شرف شمس کا عمل رات کی بجائے دن کے قوت زیادہ موثر ہوتا ہے۔

وقت شرف:

اس سال شمس کو اوج 11 جولائی 2018 دوپہر 01:21 تا 12 جولائی دوپہر 2:30 تک رہے گا اس وقت درجہ اوج کی ابتداء ہوگی۔ یعنی ان اوقات کے درمیان آپ ساعت شمس میں یہ نقش یا لوح تیار کر سکتے ہیں۔ اس مقصد کے لیے رات کی بجائے دن کا وقت زیادہ موزوں ہے۔

بخور: نقش لکھتے یا لوح کندہ کرتے ہوئے صندل و زعفران کا بطور بخور استعمال کریں۔

سیاہی: کاغذ پر نقش تحریر کریں تو زعفران خالص اور آب زم زم ملا کر سیاہی تیار کریں۔

قلم: کسی پھل دار درخت کی شاخ کو بطور قلم استعمال کریں۔

موکل: جس قدر کل اعداد ہو ان کے حروف استخراج کریں۔ ان حروف کے موکل نقش کے چاروں طرف تحریر کردیں۔

طریقہ استعمال: دو نقش مندرجہ بالا چال سے تحریر کرنے کے بعد ایک نقش ہمہ وقت اپنے پاس رکھیں اور دوسرا نقش اپنے دفتر یا فیکٹری وغیرہ میں اونچی جگہ پر لٹکا دیں۔

صدقہ: نقش کا استعمال شروع کرنے سے قبل جانور مثل مرغ' بکری وغیرہ بقدر گنجائش برنگ سنہرا بطور صدقہ دیں۔

ذکر: جس قدر کل اعداد حاصل ہو اس قدر ان اسماء الٰہی کا ذکر روزانہ طلوع آفتاب کے وقت کریں۔ کل اعداد کا مفرد عدد حاصل کر کے اتنے ہزار مرتبہ روزانہ ذکر کرنا ہے۔

حاکم اعلیٰ یا حکام میں مقبولیت

☆ اس مقصد کے لئے درج ذیل مثلث کو طالع اسد میں شرف شمس کے وقت کندہ کروائیں۔ سائل مرد ہو تو چاندی کی اور عورت ہو تو سونے کی انگوٹھی پر تحریر کرنا چاہئے۔ اعلیٰ حکام بادشاہ وقت کے پاس مقبولیت حاصل ہو اور ان کے پاس رکے ہوئے کام مکمل ہوں۔

ا	ا	ا
ا	ا	ا
ا	ا	ا

اولاد نرینہ

عموماً عاملین شرف و اوج شمس کے وقت تسخیر' حکومت' بادشاہت' امارت' عہدے اور مرتبے وغیرہ کے اعمال تیار کرتے ہیں۔ تاہم میں ان میں سے کوئی عمل یہاں تحریر نہیں کر رہا بلکہ ایک ایسا عمل تحریر کر رہا ہوں جس کا ذکر بھی پہلے آپ کی سماعت سے نہ گزرا ہوگا۔

وہ جوڑے جو اولاد نرینہ سے محروم ہیں وہ اس وقت سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ شمس کے تحت اس سعد وقت میں اگر اسم الٰہی "اول" جو کہ حرف "ا" سے شروع ہوتا ہے کو بھی شامل کر لیا جائے تو اس کے اثرات دو چند ہو جاتے ہیں۔

قاعدہ:۔



تبدیلی شخصیت

ماراوئی علوم میں مانا جاتا ہے کہ انسان کے گرد مختلف روشنیوں کا ایک خاص ہالہ ہوتا ہے۔جس کو اورا کا نام دیا جاتا ہے۔ گولڈن پکھراج یا اس سے ملتا جلتا رنگ جب پکھراج کا ہوتو یہ انسان کے اس روشنیوں کے سمندر میں مثبت تبدیلی اور شخصیت میں سکون وتوازن لانے کا باعث ہوتا ہے۔فطرتی طور پر مثبت حالات و واقعات انسانی زندگی میں پیش آنا شروع ہوجاتے ہیں۔ گولڈن پکھراج

اولادنرینہ کے لئے نقش تیار کرنے کا طریقہ کچھ یوں ہے۔

۱۔ نام سائل بمعہ نام والدہ سائل (زوجین) کے لیں۔

۲۔ ان میں اسم الٰہی ''اول'' کا اضافہ کریں۔

۳۔ تمام الفاظ کی بسط حرفی کریں مگر تکرار والے حروف کو کاٹیں مت۔

۴۔ اس سطر کی تکسیر حاصل کریں۔

۵۔ اس تکسیر میں جس قدر حروف نورانی حاصل ہوں ان کے اعداد کے مطابق نقش تحریر کر کے طالب وسائل کو دیں۔

۶۔ طالب کی مالی حیثیت کے مطابق سونے یا چاندی کی لوح پر کندہ کریں۔یوں اس کو کاغذ پر بھی تحریر کر سکتے ہیں۔

۷۔ تکسیر سے موکل اور اعوان استخراج کر کے نقش کے چہار اطراف میں تحریر کریں۔

۸۔ نقش کے اضلاع بسم اللہ سے بنائیں اور چاروں کونوں میں چاروں مقرب ترین فرشتوں کے نام تحریر کردیں۔

مثال:۔

مندرجہ بالا قواعد کی وضاحت کے لئے حقیقی مثال نہیں لی جا سکتی کیونکہ وہ بہت طویل ہوجائے گی۔مختصراً سائل اور اسم الٰہی سے کر تکسیر کرتے ہیں۔

نام سائل۔احمد

اسم الٰہی:۔اول

ا ح م د ا و ل

ل ا و ح ا م د

د ل م ا ا و ح

ح د و ل ا م ا

ا ح م د ا و ل

ل ا و ح ا م د

د ل م ا ا و ح

ح د و ل ا م ا

ا ح م د ا و ل

اب تمام حروف نورانی کا استخراج کریں اور ان کی عددی قیمت لیں۔ہماری مثال میں ان کی کل عددی قیمت ۷۲۰ بنتی ہے۔اس کے مطابق نقش ۱۰۲ الف پُر کریں۔خیال رہے یہ چال ہے مسدس کی جو کہ منسوب شرف آفتاب سے ہے۔عموماً تجربہ کار اور صاحب علم عاملین کو اس نقش کے لکھنے کے بارے میں مزید وضاحت کی ضرورت نہیں ہوتی۔تاہم یاددہانی کے لئے تحریر کیے دیتا ہوں کہ جس قدر اعداد حاصل ہوں۔ان میں سے ۱۰۵ عدد قانون کے تفریق کر کے باقی کو ۶ سے تقسیم کردیں۔جو حاصل آئے اس کو چال کے خانہ اول میں رکھ کر نقش مکمل کرلیں۔اگر تقسیم سے کچھ بچ جائے تو بمطابق کسر مختلف خانوں میں سے متعلقہ خانے میں ایک عدد کا اضافہ ہوگا۔

۱۰۲

۶	۳۲	۳۴	۳	۳۵	۱
۷	۱۱	۲۷	۲۸	۸	۳۰
۱۸	۱۴	۲۱	۲۲	۲۳	۱۳
۱۹	۲۰	۱۵	۱۶	۱۷	۲۴
۲۵	۲۹	۱۰	۹	۲۶	۱۲
۳۶	۵	۴	۳۳	۲	۳۱

خارج قسمت ۱ ہوتو خانہ ۳۱ میں' دو ہوتو خانہ ۲۵ میں' تین ہوتو خانہ ۱۹ میں' چار ہوتو خانہ ۱۳ میں اور اگر پانچ ہوتو خانہ ۷ میں ایک کا اضافہ کردیں۔

اگر آپ کا ارادہ یہ نقش تحریر کرنے کا ہوتو قبل از وقت اس کی تیاری کر لیں اور عین وقت پر اس کو سونے' چاندی یا کاغذ پر منتقل کرلیں۔اللہ مدد کرنے والا ہے۔

شرف شمس + حروف نورانی = فتحنامہ

جب یہ مضمون آپ کی آنکھوں کے سامنے ہوگا تو اس ماہ ایک خاص وقت شرف شمس بھی ہوگا۔ سو اس مناسبت سے حروف نورانی کے حوالے سے شمس طاقتوں کے حصول کا ایک عمل تحریر کر رہا ہوں تاکہ حروف نورانی اور شرف شمس کی قوتوں کو یکجا کیا جا سکے۔

عمل

اس مقصد کے لیے حروف نورانی کے اور فرد کے ناموں کی بسط حرفی کرنے کے بعد تکسیر بنالیں۔ تکسیر کے حاصلہ اعداد کے مطابق چاروں چالوں سے کاغذ پر نقش بنالیں اور بلحاظ طبع اِن کو استعمال کریں اور فرد نے اپنے پاس (ان میں سے) کوئی نقش نہیں رکھنا۔ یعنی آتشی کو حرارت والی جگہ پر رکھ دیں یا دفن کر دیں، بادی کو کسی درخت کے ساتھ لٹکا دیں۔ آبی کو پانی میں بہا دیں اور خاکی کو زمین میں دفن کر دیں۔

خاص نقش

حاصلہ اعداد کو چار سے تقسیم کریں اور دیکھیں باقی قسمت کیا ہے۔ اگر

۱ بچے تو نقش کی چال آتشی ہوگی۔

۲ بچے تو نقش کی چال بادی ہوگی۔

۳ بچے تو نقش کی چال آبی ہوگی۔

۴ بچے تو نقش کی چال خاکی ہوگی۔

حاصلہ چال کا ایک اور نقش کاغذ یا چاندی یا سونے یا تابنے پر تحریر یا کندہ کروالیں۔ اس نقش یا لوح کو آپ اپنے تصرف میں رکھیں۔ انشاء اللہ اس شمسی عمل کی قوتیں آپ کے لیے مسخر ہو جائیں گی۔

ذاتی عمل

وہ جو اس عمل کو اپنی ذات کے لیے تیار کرنا چاہیے اپنا اور والدہ کا مکمل نام شامل کریں اور نقش بنانے کے لیے دائرہ شمسی سے اعداد حاصل کریں۔

عمومی عمل

ذاتی عمل کیونکہ فرد خاص کے لیے استعمال ہو سکتا ہے اور راہنمائے عملیات کے پڑھنے والے ہر فرد کے لیے اس کو تیار کرنا ممکن نہیں ہوتا۔ سو اس حوالے سے سطور ذیل میں ایک عمومی عمل دیا جا رہا ہے۔ تاکہ قارئین راہنمائے عملیات کی ایک بڑی تعداد بلا کسی مشکل کے اس سے فائدہ اٹھا سکے۔ تاہم جو ذاتی عمل تیار کرنا چاہیں، وہ مندرجہ بالا طریق کے مطابق کر سکتے ہیں۔ وہ جو خود تیار نہیں کر سکتے ذاتی یا عمومی عمل کے لیے ادارہ سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔ عمومی حل شدہ عمل یوں ہے؛

آتشی چال

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

نقش

بسم اللہ الرحمن الرحیم					
یا اللہ	ال م ص ر ک ہ ی ع ط س ح ق ن				یا اللہ
ا	۱۰۶۲۳۸	۱۰۶۲۵۲	۱۰۶۲۴۸	۱۰۶۲۴۵	۱
ل	۱۰۶۲۴۹	۱۰۶۲۴۴	۱۰۶۲۳۹	۱۰۶۲۵۱	ل
ل	۱۰۶۲۴۳	۱۰۶۲۴۶	۱۰۶۲۵۴	۱۰۶۲۴۰	ل
ہ	۱۰۶۲۵۳	۱۰۶۲۴۱	۱۰۶۲۴۲	۱۰۶۲۴۷	ہ
یا اللہ	ال م ص ر ک ہ ی ع ط س ح ق ن				یا اللہ

بادی چال

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

نقش

بسم اللہ الرحمن الرحیم					
یا اللہ	ال م ص ر ک ہ ی ع ط س ح ق ن				یا اللہ
ا	۱۰۶۲۵۲	۱۰۶۲۳۸	۱۰۶۲۴۵	۱۰۶۲۴۸	ا
ل	۱۰۶۲۴۴	۱۰۶۲۴۹	۱۰۶۲۵۱	۱۰۶۲۳۹	ل
ل	۱۰۶۲۴۶	۱۰۶۲۴۳	۱۰۶۲۴۰	۱۰۶۲۵۴	ل
ہ	۱۰۶۲۴۱	۱۰۶۲۵۳	۱۰۶۲۴۷	۱۰۶۲۴۲	ہ
یا اللہ	ال م ص ر ک ہ ی ع ط س ح ق ن				یا اللہ

آبی چال

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

نقش

بسم اللہ الرحمن الرحیم					
یا اللہ	ال م ص ر ک ہ ی ع ط س ح ق ن				یا اللہ
ا	۱۰۶۲۴۸	۱۰۶۲۴۵	۱۰۶۲۳۸	۱۰۶۲۵۲	ا
ل	۱۰۶۲۳۹	۱۰۶۲۵۱	۱۰۶۲۴۹	۱۰۶۲۴۴	ل
ل	۱۰۶۲۵۴	۱۰۶۲۴۰	۱۰۶۲۴۳	۱۰۶۲۴۶	ل
ہ	۱۰۶۲۴۲	۱۰۶۲۴۷	۱۰۶۲۵۳	۱۰۶۲۴۶	ہ
یا اللہ	ال م ص ر ک ہ ی ع ط س ح ق ن				یا اللہ

خاکی چال

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

نقش

بسم اللہ الرحمن الرحیم					
یا اللہ	ال م ص ر ک ہ ی ع ط س ح ق ن				یا اللہ
ا	۱۰۶۲۴۵	۱۰۶۲۴۸	۱۰۶۲۵۲	۱۰۶۲۳۸	ا
ل	۱۰۶۲۵۱	۱۰۶۲۳۹	۱۰۶۲۴۴	۱۰۶۲۴۹	ل
ل	۱۰۶۲۴۰	۱۰۶۲۵۴	۱۰۶۲۴۶	۱۰۶۲۴۳	ل
ہ	۱۰۶۲۴۷	۱۰۶۲۴۲	۱۰۶۲۴۱	۱۰۶۲۵۳	ہ
یا اللہ	ال م ص ر ک ہ ی ع ط س ح ق ن				یا اللہ

عمومی عمل سے فائدہ اٹھانے والے اپنے پاس رکھنے والے نقش ولوح کے لیے بادی چال کے نقش کا انتخاب کریں۔

خصوصی نوٹ:

جو خود یہ اعمال تیار نہ کرسکیں وہ خالد اسحاق راٹھور، بانی ادارہ، راہنمائے عملیات سے تیار کرواسکتے ہیں۔ عین وقت سے قبل رابطہ کریں۔


الیکشن 2018

عبدالباسط راٹھور

زائچہ الیکشن ملک میں غیر شفاف الیکشن اور منظم دھاندلی کی طرف اشارہ کر رہا ہے۔ نیز الیکشن میں تنازعات اور فسادات کی وجہ سے انسانی جان کے ضیاع کا بھی خدشہ ہے۔

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے ایک اور جمہوری دور کا اختتام ہوا اور جمہوری انداز کو آگے بڑھاتے ہوئے الیکشن 2018 کا انعقاد ہونے جا رہا ہے اسی سلسلے میں سیاسی نجوم کی روشنی میں اپنے قارئین کے لیے زائچہ الیکشن 2018 پیش کیا جا رہا ہے۔

الیکشن کے زائچے پر غور کیا جائے تو طالع برج سنبلہ بنتا ہے۔ جس کا مالک عطارد بارہویں گھر میں شمس کے ساتھ بیٹھا ہوا ہے۔ جب کہ طالع میں زہرہ اپنے ہبوطی برج میں مقیم ہے۔ قمر زائچے کے پانچویں گھر میں زحل کے ساتھ قران بنا رہا ہے ۔قمر یہاں حالت حضیض میں بیٹھا ہوا ہے۔ دسویں گھر کا مالک عطارد ہے جو بارہویں گھر میں بیٹھا ہوا ہے۔ زائچے میں مریخ حضیضی برج میں ہونے کے ساتھ ساتھ رجعت کی حالت میں ہے۔ زحل بھی اس وقت رجعت کی حالت میں ہوگا۔ زائچے کی مجموعی صورتحال کافی خراب اور کمزور ہے جو اس چیز پر دلالت کرتی ہے کہ آئندہ بننے والی حکومت کافی کمزور یا مخلوط ہوگی۔ اس کے ساتھ ہی طالع کی کمزوری مکمل طور پر منصفانہ الیکشن کو بھی ظاہر نہیں کر رہی ہے۔ طالع میں زہرہ کی موجودگی ظاہر کرتی ہے کہ عوامی رائے کے برعکس نتائج آنے اور منظم دھاندلی کی کوشش کی جائے گی۔




زائچے کے پانچویں گھر کا مالک زحل تو اپنے گھر میں ہے مگر رجعت کی حالت میں اور قمر کے ساتھ قران بنا رہا ہے۔ قمر یہاں حالت حضیض میں ہے۔ یہ تمام صورتحال الیکشن کے دن ہونے والے جلوسوں اور ہنگامی حالات کو ظاہر کر رہی ہے۔ عوام میں اختلاف رائے کے سبب تنازعات اور فسادات ہوں گے۔ نیز یہ فسادات کسی کے لیے زندگی کے آخری لمحات بھی ثابت ہو سکتے ہیں۔ یعنی ان الیکشن میں فسادات کی وجہ سے اموات، زخمی اور حادثات کے واقعے کثرت سے ہوں گے۔

مسلم لیگ ن کے زائچے پر نظر ڈالیں تو طالع کا مالک زحل ٹرانزٹ میں بارہویں گھر میں مقیم ہے جو کہ پیدائشی زحل کے ساتھ قران

بنا رہا ہے۔ دسویں گھر کا مالک مریخ ٹرانزٹ میں طالع میں اپنے حضیضی برج میں ہے۔ یہ تمام صورتحال زائچے کی کمزوری اور مسلم لیگ ن کی گرتی ہوئی ساکھ کی طرف اشارہ کر رہی ہیں، البتہ نواز شریف صاحب کے ذاتی زائچے کو دیکھا جائے تو وہ اس وقت کافی مضبوط حالت میں ہے۔ ان کے طالع اور دسویں گھر کا مالک مشتری ہے۔ جو پورے زائچے میں سب سے مضبوط حالت میں ہے۔ یعنی ہم کہہ سکتے ہیں کہ نواز شریف کی ذاتی شخصیت پارٹی کو جتوانے اور کامیابیاں سمیٹنے میں اہم کردار ادا کرے گی۔

پیپلز پارٹی کا قمری طالع برج عقرب ہے۔ جس کا مالک




انہیں وفاقی حکومت کا حصہ بننے کا بھی موقع دلوا سکتی ہے۔ خصوصاً اگر یہ بلاول بھٹو کی بجائے اپنی کسی بیٹی کو سیاست میں لائیں تو کامیابی کے امکانات بڑھ جائیں گے کیونکہ فی الحال اُن کے زائچے بلاول بھٹو کی نسبت زیادہ قوی معلوم ہوتے ہیں۔

تحریک انصاف کے زائچے پر نظر ڈالی جائے تو طالع کا مالک شمس اپنے ہی گھر میں موجود ہے۔ جو ایک سعد حالت ہے۔ البتہ دسویں گھر کا مالک زہرہ ہبوطی برج حوت میں نحس حالت میں ہے۔ مریخ زائچے میں ساتویں گھر میں نحس حالت میں موجود ہے۔ جب کہ ساتویں گھر کا مالک زحل حالت رجعت میں

پیپلز پارٹی اپنے ہی گھر سندھ میں دوبارہ حکومت بناتی نظر آتی ہے۔

مریخ ٹرانزٹ میں حضیضی برج دلو میں موجود ہے۔ اور دسویں گھر کے مالک شمس کے ساتھ مقابلے کی نظر بنا رہا ہے۔ البتہ دسویں گھر کا مالک شمس اپنے ہی گھر میں موجود ہے اور ایک اچھی حالت میں بیٹھا ہوا ہے جو اس بات کی نشاندہی کر رہا ہے کہ پیپلز پارٹی اپنے ہی گھر سندھ میں دوبارہ حکومت بنا سکے گی۔

بلاول بھٹو کے زائچے پر نظر ڈالی جائے تو فی الوقت سیاسی اعتبار سے ان کا زائچہ قوی نہ ہے۔ طالع میں زحل کی موجودگی ساڑھ ستی کی علامت ہے۔ دسویں گھر کا مالک بھی ہبوطی برج میں مقیم ہے۔ البتہ دوسری طرف آصف علی زرداری صاحب کا زائچہ قوی اور مضبوط حکمت عملی کو ظاہر کر رہا ہے۔ پیپلز پارٹی کے ذاتی زائچے کی مضبوطی اور آصف علی کے زائچے میں ظاہر ہونے والی تیزی اور حکمت عملیاں



چھٹے گھر میں مقیم ہے۔ البتہ عمران خان صاحب کا ذاتی زائچہ قوی حالت میں موجود ہے۔ عمران خان صاحب کی ذاتی طاقت اور پارٹی کے مضبوط طالع کی بنا پر ہم کہہ سکتے ہیں کہ انہیں کامیابیاں ملتی تو نظر آتی ہیں مگر دسویں گھر کی کمزوری انہیں ایسی طاقت نہیں دے رہی کہ یہ آزاد صوبائی یا وفاقی حکومت بنا سکیں۔

تحریک انصاف کے زائچے میں ایک اور قابل غور بات یہ ہے کہ ان کے زائچہ میں ساتویں اور چوتھے گھر کے ساتھ بننے والی نظرات اس بات کی علامات ہیں کہ مخلوط حکومت بنانے کے لیے کی گئی کوششوں میں انہیں کافی مشکلات پیش آئیں گی۔ دوسری جماعتیں با آسانی ان کے ساتھ ملتی یا مل کر مخلوط حکومت بنانے کو ترجیح نہ دیں گی۔ جس کی وجہ سے صوبائی اور وفاقی حکومت قائم کرنے کی توقعات کم

مسلم لیگ (ن) کے قائد نواز شریف کا زائچہ کافی قوی ہے۔ البتہ حکومت حاصل کرنے کے لیے ایک مضبوط اتحاد کی ضرورت ہے۔


ہوتی جاتی ہیں۔ البتہ عمران خان کسی ایسے بندے کا انتخاب کریں جو اتحاد بنانے اور جوڑ توڑ کا ماہر ہو تو پھر حکومت بنانے کی کوئی نا کوئی صورت پیدا ہوسکتی ہے ورنہ ان کے اپنے زائچے میں ایسی کوئی صورت نظر نہیں آتی۔


ایم کیو ایم کے زائچے پر غور کیا جائے تو طالع کا مالک مریخ نحس حالت میں ہے۔ البتہ دسویں گھر کا مالک اپنے ہی گھر میں رجعت کی حالت میں بیٹھا ہوا ہے۔ نیز قمر اور زحل حالت قران میں بھی ہیں۔ لہٰذا ہم کہہ سکتے ہیں کہ ایم کیو ایم اپنی ہی سیٹیں دوبارہ جیتتی نظر آئے گی بلکہ ان میں بھی کمی کے امکانات قوی ہیں۔


پی ایس پی کا زائچہ فی الوقت ٹرانزٹ میں اتنا قوی نہیں ہے۔ البتہ مصطفیٰ کمال کا ذاتی زائچہ مضبوط حالت میں موجود ہے جس کی بنا پر وہ ذاتی حیثیت کی کوششوں سے چند کامیابیاں سمیٹ سکتے ہیں۔

عوامی نیشنل پارٹی کے زائچے کی روشنی میں پچھلے الیکشن کی نسبت معمولی بہتری کی توقع کی جاسکتی ہے مگر کوئی نمایاں کارکردگی کی توقع بالکل نہیں ہے۔

تحریک لبیک پاکستان پہلی دفعہ پاکستان کی سیاست میں قدم رکھ رہی ہے۔ اس حوالے سے پچھلے سال شائع ہونے والی خالد روحانی جنتری 2018ء میں یہ پیشن گوئی کی جاچکی تھی کی اس دفعہ کے الیکشن میں مذہبی جماعتوں کا عمل دخل بڑھے گا اور اسی کے نتیجے میں ایم ایم اے کا قیام عمل میں آیا اور تحریک لبیک سامنے آئی۔ یہ دونوں







پارٹیاں الیکشن میں بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کریں گی۔ مگر فی الوقت تحریک لبیک کے لیے کوئی نمایاں صورتحال پیدا ہوتی ہوئی نظر نہیں آتی۔

خیبر پختونخواہ میں بننے والے اتحاد ایم ایم اے ایک مضبوط اور قدرے کامیاب ہوتا ہوا اتحاد معلوم ہوتا ہے۔ ایم ایم اے کی نسبت ان کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن کا زائچہ زیادہ متحرک اور اہم منصوبوں کا مرکز معلوم ہوتا ہے۔ جس کی بنا پر یہ صوبائی سطح پر حکومت بنانے یا حکومت کا حصہ بننے میں کامیاب ہوسکتے ہیں۔

بلوچستان کی صوبائی اسمبلی پر نظر ڈالی جائے تو اس دفعہ نیشنل پارٹی اور مسلم لیگ ن دونوں ہی کے زائچے کافی متحرک اور کامیابیاں سمیٹتے نظر آتے ہیں۔

جیسا کہ پہلے بیان کیا جاچکا ہے کہ مسلم لیگ ن کا اپنا زائچہ اتنا قوی نہ ہے۔ البتہ نواز شریف کا زائچہ اس وقت کافی متحرک اور کامیابی کی علامت ہے اس کے ساتھ ساتھ شہباز شریف کا زائچہ بھی اپنے عروج کی حالت میں ہے جو انہیں پنجاب کی حد تک حکومت بنانے میں کافی معاون و مددگار ثابت ہوسکتا ہے۔ مسلم لیگ (ن) کے قائد نواز شریف کا زائچہ کافی قوی ہونے کے باعث قومی اسمبلی میں اکثریت حاصل کرنے میں کامیاب ہوتی ہوئی نظر آتی ہے البتہ حکومت بنانے کے لیے انہیں ایک مضبوط اتحاد قائم کرنے کی ضرورت ہے۔

واللہ اعلم بالصواب

اگربتیاں

ہمارے ہاں گھر میں اگربتی جلانے کی روایت ہے۔ ذیل میں مختلف خوشبوؤں کی اگر بتیاں دی گئی ہیں۔ ان کو آپ عملیاتی اور عام گھریلو دونوں مقاصد کیلئے استعمال کر سکتے ہیں۔

نام اگربتی	تعداد	قیمت
صندل	ایک درجن	60
بخور	ایک درجن	60
غلاف کعبہ	ایک درجن	60
عود	ایک درجن	60
گلاب	ایک درجن	60
موتیا	ایک درجن	60
دربار	ایک درجن	60
لوبان	ایک درجن	60
مشک	ایک درجن	60
عنبر	ایک درجن	60
کیوڑہ	ایک درجن	60

خاص اگربتیاں

عاملین کی روزمرہ ضرورتوں اور عام لوگوں کے مختلف معاملات کے حل کیلئے یہ اگر بتیاں خصوصی طور پر تیار کی گئی ہیں۔ ایک طرف یہ سستی اور استعمال میں سادہ ہیں اور دوسری طرف اپنی تاثیر اور افادیت میں موثر ہیں۔

نام اگربتی	تعداد	قیمت
حب وسعادت	ایک درجن	300
بغض ونحوست	ایک درجن	300
شان اگربتی عملیاتی، روحانی وموکلاتی	ایک عدد	475
ردسحر وجادو	ایک درجن	250

عطریات

خوشبو کا استعمال سنت نبویؐ ہے۔ ذیل میں دیئے گئے عطر آپ عام گھریلو استعمال اور عملیاتی مقاصد میں بھی کر سکتے ہیں۔ یہ عطر ہر طرح کے ممنوع اجزاء سے پاک ہے۔

نام عطر	چھوٹی 1/4 تولہ	درمیانی 1/2 تولہ	بڑی 1 تولہ
عطر گلاب	200	370	750
عطر روح گلاب	200	370	750
عطر مشک	300	570	1100
عطر عنبر	350	670	1300
عطر مشک عنبر مکس	330	630	1200
عطر چنبیلی	200	370	750
عطر صندل	200	370	750
عطر رات کی رانی	200	370	750
عطر موتیا	200	370	750
عطر خس	300	570	1100
عطر گل	2000	3900	7800
عطر زعفران	300	570	1100
عطر عود ہندی	750	1400	2800
عطر عود	1200	2300	4500
عطر دھن عود	1600	3000	5900
عطر نرگس	350	670	1300
عطر نسرین	500	950	1800
عطر کرنا	500	950	1800
عطر غلاف کعبہ	500	950	1800
عطر حجر اسود	500	950	1800
عطر زمزم	350	670	1300
عطر مکہ	350	670	1300
عطر بخور	300	570	1100
عطر اصیل	300	570	1100
مخلوط العرب	250	480	950
عطر شمامہ	550	1000	2000
عطر سلطان	260	500	1000
عطر مجموعہ	350	650	1300
عطر کیوڑہ	300	570	1100

خاص عطریات

مختلف اعمال روحانی کے مطابق عاملین کو خاص روحانی عطر درکار ہوتے ہیں۔ آپ کسی بھی عمل کے لیے حسب ضرورت یہ خاص عطریات استعمال کر سکتے ہیں۔

نام عطر	چھوٹی 1/4 تولہ	درمیانی 1/2 تولہ	بڑی 1 تولہ
عطر اعمال سعد	300	570	1100
عطر اعمال نحس	300	570	1100
عطر سبعہ کواکب	500	950	1800
عطر تسخیر ورجوع	500	1000	2000
عطر نورانی	350	670	1300
عطر ردسحر وجادو	350	670	1300

کواکبی عطر

عاملین کو مختلف کواکب کے خاص اوقات اور نظرات وغیرہ کے اعمال میں کواکبی عطر درکار ہوتے ہیں۔ کواکبی عطر اور بخور دونوں عاملین اور شائقین عملیات کیلئے پیش کر دیئے ہیں۔

عطر	چھوٹی 1/4 تولہ	درمیانی 1/2 تولہ	بڑی 1 تولہ
قمر	230	400	800
شمس	230	400	800
عطارد	230	400	800
زہرہ	230	400	800
مریخ	230	400	800
مشتری	230	400	800
زحل	230	[illegible]	800

خالد اسحاق راٹھور، راٹھور مینشن، مکان نمبر 2، گلی نمبر 11، محمد نگر، گڑھی شاہو، لاہور، پاکستان۔

عبدالحئی راٹھور

علم نجوم کی روشنی میں آپ کا ماہ کیسا گزرے گا



حمل

عرصہ حکومت	21مارچ تا20اپریل
منسوبی کوکب	مریخ
منسوبی حروف	ا،ل،ع،ی
خوش قسمت اعداد	9'7'2'1

آپ کا برج؟

آپ کس برج کے تحت آتے ہیں یا کون سا برج آپ پر زیادہ اثر انداز ہوگا۔ یہ دیکھنے کے تین طریقے ہیں:......

☆پہلا طریقہ یہ ہے کہ اپنی تاریخ پیدائش کے مطابق دیکھیں کہ کون سا برج آپ کا ہے۔اگلے صفحات میں ہر برج کے ساتھ اس کا عرصہ حکومت بھی تحریر ہے۔

☆دوسرا طریقہ یہ ہے کہ دیکھیں آپ کا نام کس حرف سے شروع ہو رہا ہے۔بس اس حرف سے متعلق برج سے حالات پڑھیں۔

☆تیسرا طریقہ یہ ہے کہ اپنے نام اور والدہ کے اعداد دی گئی عددی جدول کی مدد سے نکالیں اور کل اعداد کو۱۲ سے تقسیم کر دیں جو نمبر بچے گا وہی آپ کا برج ہوگا۔

رجعتِ کواکب

جو کواکب کی رجعت کا شکار ہوں وہ دی گئی عزیمت رجعت و نحوست سیارگان کو روزانہ گیارہ بار پڑھنا اپنا معمول بنالیں۔اول آخر ۳ مرتبہ درود شریف بھی پڑھیں اور صدق دل سے اللہ سے دعا کریں۔حسب گنجائش صدقہ دیں۔

یَا اَللّٰهُ یَا رَحمٰنُ یَا رَحِیمُ بِحَقِ کھیٰعٓصٓ وَ بِحَقِ حٰمٓ عٓسٓقٓ قِنَا مِنْ نُحُوْسَةِ الْکَوَاکِبِ وَ رُجُوْعِهٖ وَوَبَالِهٖ وَ سُوْءِ نَظْرِهٖ بِحَقِ یَا اَللّٰهُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ صَلَّی اللّٰهُ

وَآلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ۔

عددی جدول

ا،ی،ق،غ	۱
ب،پ،ک،گ،ر،ڑ	۲
ج،چ،ل،ش	۳
د،ڈ،م،ت،ٹ	۴
ھ،ن،ث	۵
و،س،خ	۶
ز،ژ،ع،ذ	۷
ح،ف،ض	۸
ط،ص،ظ	۹

مثال

اکبر ا ک ب ر

۱ ۲ ۲ ۲ =۷

خوش قسمت پتھر	مرجان، یاقوت
خوش قسمت دن	ہفتہ، اتوار، منگل
خوش قسمت رنگ	لال، نارنجی، ہلکا آسمانی

یکم تا 8 جولائی

انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔اولاد کے ساتھ ناراضگی تھی تو وہ دور ہوتی نظر آ رہی ہے اور اولاد آپ کے حکم کی تکمیل بھی کرے گی۔اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو آپ کی یہ خواہش پوری ہوتی نظر نہیں آ رہی۔داماد کے ساتھ ناراضگی رہے گی۔بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں تھوڑی خرابی آئے گی۔ان سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ حل نہ ہو سکیں گے۔شادی بیاہ اور اس طرح کی دوسری تقریبات میں آپ کی شرکت رہے گی۔قانونی نوعیت کے مسائل درپیش ہیں تو کوشش کریں ان کا فیصلہ آپ کے حق میں ہوتا نظر آ رہا ہے۔ملازمت پیشہ افراد کو نوکری میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا ہوگا۔

9تا16جولائی

ذاتی اور شراکتی کاروبار سے منسلک افراد اپنے کام میں بہتری کے لیے جو محنت کر رہے ہیں ان کی محنت رنگ لاتی نظر آ رہی ہے۔زمین و جائیداد، گاڑی وغیرہ کی خرید وفروخت کرنے کے لیے یہ وقت بہتر ثابت نہ ہوگا۔انٹرلیول اور اس سے کم درجے کی تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ اپنی پڑھائی کی طرف کم رہے گی۔حکومتی اداروں یا عہدیداروں سے وابستہ اگر کوئی کام درپیش ہیں تو وہ حل ہوتے نظر آ رہے ہیں۔خواہشات کو پوری کرنے کے لیے تھوڑی بہت محنت کرنا ہوگی۔لیکن آپ کی زیادہ تر خواہشات با آسانی پوری ہو جائیں گی۔انعامی سکیمیں، لاٹری، بانڈ وغیرہ کھیلتے ہیں تو اس میں فائدہ ہوتا نظر نہیں آ رہا۔اولاد کے ساتھ تعلقات میں اونچ نیچ رہے گی۔

17تا24جولائی

غیر ضروری اخراجات میں واضح کمی

تسبیح موتی

تسبیح ان چیزوں میں شاید سب سے اہم ہے جو مسلمان مذہبی حوالے سے ایک دوسرے کو تحفے کے طور پر دیتے ہیں۔ حج عمرہ سے آنے والے ہر فرد کی پچھلے زمانے میں یہ خواہش ہوتی تھی کہ وہ اپنے ملنے والوں کو اللہ اور اس کے نبی کے محبوب شہروں مکہ، مدینہ سے جائے نماز، تسبیح، ٹوپی، کھجوریں اور آب زم زم تحفہ کرے۔ تاہم مہنگائی نے عام آدمی کو اس قابل نہیں چھوڑا کہ وہ یہ سب کچھ کر سکے اس حوالے سے ادارہ راہنمائے عملیات نے اصل موتیوں پر مشتمل تسبیحوں کو قارئین تک پہنچانے کا منصوبہ بنایا ہے۔ بطور مسلمان ہم کوشش کرتے ہیں کہ اپنی مالی حالت کے مطابق بہتر تسبیح حاصل کر سکیں۔ سچے موتیوں کی یہ تسبیح جہاں اپنی اصل میں پاکیزگی لیے ہونے کے باعث اہمیت کی حامل ہے وہاں اس کی خوبصورتی اور دلکشی بھی ناقابل انکار ہے آپ عبادت، محبت اور خوبصورتی کے ساتھ انجام دے سکتے ہیں۔ یوں بھی موتی سکون، اطمینان اور روحانی مدارج کے حوالے سے موثر مانا جاتا ہے۔ سو موتی کی تسبیح پر ذکر الٰہی کا اپنا لطف اور سکون آتا ہے۔

کریں گے۔ مالی مشکلات بھی دور ہوتی نظر آ رہی ہیں۔ رشتے کی تلاش میں ہیں تو رواں دنوں میں معاملات طے پاتے نظر آ رہے ہیں۔ اپنے دشمنوں سے خائف تھے یا دبے ہوئے تو اس ہفتے میں اللہ کی مدد سے اپنے دشمنوں کو مناسب جواب دینے کی پوزیشن میں ہوں گے اور ان پر غالب رہیں گے۔ خط و کتابت اور نیٹ کا استعمال رواں دنوں میں کم رہے گا۔ گھریلو مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا۔ کام کے یا تعلیم کے سلسلے میں بیرون ملک سفر کرنے کے موزوں وقت ہے۔ ملازمت پیشے افراد کے لیے ساتھ کام کرنے والے لوگ پریشانی کا باعث بنیں گے۔ ہمسایوں کے ساتھ اونچ نیچ ہوتی نظر آ رہی ہے رواں دواں دنوں میں اپنی ذات اور صحت کی طرف توجہ دیتے نظر نہیں آ

25 تا 31 جولائی

آپ کے اندر کئی ایک خواہشات اور تمنائیں پیدا ہوں گی۔ تاہم ان کے حصول کو اس قدر آسان نہیں کہا جا سکتا۔ وہ بچے بچیاں جو تعلیم حاصل کر رہے ہیں ان کی ذہانت اور تعلیمی کامیابیوں کا گراف اونچا ہوگا۔ وہ خواتین وحضرات جو تحریر و تقریر کے شعبے میں آنا چاہتے ہیں یا ان کو ایسے مواقع دستیاب ہیں تو اب ان کی کامیابی یقینی ہوگی۔ آپ کی سوشل زندگی آپ کے گرد جال سا بنتی نظر آتی ہے۔ لوگ آپ کے قریب بھی آ سکتے ہیں اور پھر دور بھی جا سکتے ہیں۔ تعلقات کے حوالے سے بعض اوقات ایسے واقعات سے واسطہ پڑ سکتا ہے جن کی توجیہ کرنا شاید آپ کے اپنے بس میں بھی نہ ہو کہ ایسا کیوں ہوا ہے۔ عشق و محبت کے کاموں سے دور رہنا ہی مناسب ہوگا۔

سعد تاریخیں	1-10-14-23-24-28-29
نحس تاریخیں	19-26
لکی نمبر	1-3-51



عرصہ حکومت	21 اپریل تا 20 مئی
منسوبی کوکب	زہرہ
منسوبی حروف	ب، و
خوش قسمت اعداد	9'6'3
خوش قسمت پتھر	ہیرا، نیلم
خوش قسمت دن	جمعرات، جمعہ، ہفتہ
خوش قسمت رنگ	سفید، لائٹ بلیو

یکم تا 8 جولائی

ذاتی اور شراکتی کاروبار سے وابستہ لوگوں کو کام کے حوالے سے چند ایک پریشانیوں کا

بیماری کا شکار ہیں تو صحت میں بہتری آتی نظر آ رہی ہے۔ زمین و جائیداد اور دوسری قیمتی اشیاء کی خرید و فروخت کرنے کے لیے منصوبہ بندی کر رہے ہیں تو یہ وقت عملی شکل دینے کے لیے بہتر ہے۔ حکومتی عہدیداروں سے وابستہ اگر کوئی کام درپیش ہیں تو وہ حل نہ ہو سکیں گے۔ انعامی سکیمیں، لاٹری بانڈ وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند نہ رہے گا۔ بہن بھائیوں سے کوئی ناچاقی تھی تو اب تعلقات میں بہتری آئے گی۔ اولاد کے ساتھ تعلقات میں اونچ نیچ پیدا ہوتی نظر آ رہی ہے۔ شادی بیاہ اور دوسری تقریبات میں آپ کی شرکت کم رہے گی۔

9 تا 16 جولائی

ذاتی کاروبار سے منسلک افراد کے کام میں بہتری آئے گی، لیکن شراکتی کاروبار سے وابستہ افراد کو کام میں چھوٹی موٹی پریشانیوں کا سامنا رہے گا۔ قانونی نوعیت کے مسائل درپیش ہیں تو کوشش کریں وہ حل ہوتے نظر آ رہے ہیں۔ صحت کے حوالے سے پریشانی ہے تو وہ دور ہو جائے گی۔ ملازمت پیشہ افراد کو نوکری میں اگر کسی مسئلہ کا سامنا ہے تو وہ مسئلہ ان کی خواہش کے مطابق حل ہو جائے گا۔ ساس کے ساتھ تعلقات میں اونچ نیچ رہے گی۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ کام حل نہ ہو سکیں گے۔ انٹر لیول تک کے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف کم رہے گی۔ مذہبی معاملات کی طرف خاصی توجہ دیں گے۔ غیر ضروری اخراجات کی مد میں اضافہ ہوتا نظر آ رہا ہے۔

17 تا 24 جولائی

اپنی ذات پر خاصی توجہ دیں۔ شریک حیات اور اولاد کے معاملات توجہ طلب ہوں گے۔ انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ بہتر نہ ہوگا۔ آپ کو چاہیے کہ ہر مسئلہ کو اس کے حساب سے حل کرنے کی کوشش کریں۔ قرض دی ہوئی رقم رواں دنوں میں واپس ملتی نظر آ رہی ہے۔ وہ افراد جو رزق حلال کے لیے کوشاں

امکانات ہیں۔ رشتے داروں کے ساتھ معاملات میں خرابی کے امکانات ہیں۔ خواہشات کو حقیقی شکل دینے کے لیے مناسب وقت ہے کوشش کریں تو کامیابی ملے گی۔ قانونی معاملات سے دور رہنے کی کوشش کریں، معاملات آپ کے حق میں جانے کے امکانات کم ہیں۔ عشق و محبت جیسے معاملات سے دور رہنا مناسب رہے گا۔

25 تا 31 جولائی

گمشدہ اشیاء رواں دنوں میں واپس ملنے کے قوی امکانات ہیں۔ کاروباری حوالے سے بہت سے کام بنتے بنتے بگڑ جائیں گے۔ بہت سے ایسے کام جن کے بارے میں یقین تھا کہ ان میں کامیابی ملے گی، عین وقت پر پریشانی کا باعث بن جائیں گے۔ گھر کی تزئین و آرائش پر آپ کے اخراجات ہوں گے۔ بازاری غذا اور مشروبات کا استعمال رواں دنوں میں زیادہ رہے گا۔ قانونی نوعیت کے درپیش مسائل میں التوا پیدا کرنے کی کوشش کریں، آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں اونچ نیچ رہے گی۔ اس میں جتنا ہاتھ آپ کا ہوگا اتنا شریک حیات کا بھی ہو گا۔

سعد تاریخیں	7-12-16-17
نحس تاریخیں	1-20-28-29
لکی نمبر	0-6-9



عرصہ حکومت	21 مئی تا 20 جون
منسوبی کوکب	عطارد
منسوبی حروف	ک، ق
خوش قسمت اعداد	1'5'9
خوش قسمت پتھر	زمرد، پکھراج

خوش قسمت دن	منگل، بدھ، جمعرات
خوش قسمت رنگ	سبز، پیلا، بسنتی

یکم تا 8 جولائی

کاروبار سے منسلک افراد کے کام میں بہتری آئے گی نیز اگر کاروبار کے سلسلے میں اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو یہ وقت فائدہ مند ثابت ہو گا۔ شریک حیات کے ساتھ ناراضگی ہے تو اب تعلقات میں بہتری آئے گی۔ حکومتی عہدیداروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو کوشش کریں حل ہو جائیں گے۔ بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ ساس کے ساتھ ان بن رہے گی۔ صحت کے حوالے سے تھوڑی بہت پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ملازمین سے وابستہ کام مقررہ وقت پر حل نہ ہوسکیں گے۔ انٹر لیول تک کے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف کم رہے گی۔ دشمنوں سے ہوشیار رہنا ہو گا۔ یہ آپ کو نقصان پہنچانے کی بھرپور کوشش کریں گے۔

9 تا 16 جولائی

قرضہ لینا چاہتے ہیں تو اس عرصے میں مل تو جائے گا، لیکن جس مقصد کے لیے لینا چاہتے ہیں اس مقصد میں استعمال نہ ہو سکے گا۔ بیرون ملک سفر کی کوشش کر رہے ہیں تو کامیابی ملتی نظر آ رہی ہے لیکن دوران سفر آپ کو چند ایک پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ قانونی اور وراثتی مسائل حل ہوتے نظر نہیں آ رہے۔ اگر آپ کسی خطرناک بیماری کا شکار ہیں تو صحت میں بہتری آئے گی۔ اولاد کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ ساس ہیں تو بہو کے ساتھ ناراضگی رہے گی۔ سیر و تفریح کے لیے بھی جائیں گے۔ آپ کا اندازِ گفتگو لوگوں کے ساتھ بہتر نہ ہوگا۔ مذہبی معاملات کی طرف رجحان بڑھے گا نیز صدقہ خیرات بھی کریں گے۔

17 تا 24 جولائی

منگنی وغیرہ کی رسومات کی ادائیگی کے لیے اچھا وقت ہے، شریک حیات کے ساتھ معاملات

لوحِ خوش قسمتی

خاص کواکبی حالتوں یعنی کواکب کی آپس میں سعد نظرات، شرف، اوج اور بعض خاص یوگ بننے کے اوقات میں لوح خوش قسمتی تیار کی جاتی ہے۔ زندگی کے عمومی مسائل کے خاتمے اور زندگی میں پیش آنے والی مختلف مشکلات، رکاوٹوں اور مسائل کے حل کے لیے موثر اور مجرب لوح ہے۔ زائچہ کی عمومی نحوست کو دور کرنے کے لیے لوحِ خوش قسمتی موثر ہے۔ ہر فرد کو لوحِ خوش قسمتی سے فائدہ اُٹھانا چاہیے۔

خوشگوار رہیں گے۔ سواری وغیرہ کی خرید و فروخت کے لیے موزوں وقت نہیں۔ ادھار دی رقم واپس ملنے کے امکانات نہیں ہیں۔ صحت کے حوالے سے لاپرواہی برتیں گے، جس کی وجہ سے آپ بیماری کا شکار ہو جائیں گے۔ اس وقت ملازمین پر ضرورت سے زیادہ اعتبار صحیح نہیں ہے۔ کاروبار سے وابستہ افراد کے کام میں بہتری دیکھنے میں آئے گی۔ انعامی سکیمیں وغیرہ کھیلتے ہیں تو انعام نکلنے کے قوی امکانات ہیں۔ بیرون ملک سفر کے لیے کوشش کر رہے ہیں تو کام بنتا نظر نہیں آ رہا۔ دشمنوں اور مخالفوں سے مقابلہ کی پوزیشن میں ہیں۔

25 تا 31 جولائی

یہ وقت روحانیت اور فلسفہ وغیرہ کے حوالے سے بھی ذہنی وسعتِ نظری پیدا کرنے کا باعث ہوگا۔ مذہب سے لگاؤ بڑھ جائے گا اور آپ دل سے نماز اور قرآن کی طرف توجہ دیں گے

والدین کے ساتھ تعلقات کی نوعیت مستقل بنیادوں پر بہتر ہو جائے گی۔ صحت پر خاص طور پر توجہ دیں۔ صحت کی خرابی متوقع ہے۔ دشمنوں کو لے کر ڈھیلے نہ ہوں، وہ آپ کے خلاف سازشیں کر رہے ہیں۔ قانونی نوعیت کے مسائل سے دور رہنے کی کوشش کریں، کیونکہ اگر آپ اس میں پھنستے ہیں تو آپ کو مسائل کے سوا کچھ حاصل نہ ہوگا۔ اگر کسی سے شراکتی کاروبار کے حوالے سے مشورہ ملتا ہے تو وہ آپ کے لیے شراکتی کاروبار اور مالی لحاظ سے فائدہ مند ثابت ہوگا۔

سعد تاریخیں	1-10-14-19-28-29
نحس تاریخیں	3-4-23-24-27
لکی نمبر	4-7-8

سرطان



عرصہ حکومت	21جون تا22 جولائی
منسوبی کوکب	قمر
منسوبی حروف	ح، ھ
خوش قسمت اعداد	8'6'2
خوش قسمت پتھر	سفید موتی، ہیرا، مرجان
خوش قسمت دن	پیر، منگل، جمعہ
خوش قسمت رنگ	سفید، بسنتی، پیلا

یکم تا 8جولائی

ملازمت پیشہ افراد کی چند ایک مشکلات دور ہوتی نظر آ رہی ہیں۔ آپ کا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ بہتر رہے گا، اور لوگ بھی آپ کے کام آئیں گے۔ مذہبی کاموں کی طرف آپ کی توجہ رہے گی۔ نیز آپ اپنا مال رفاعی کاموں میں بھی خرچ کریں گے۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو وہ اس وقت میں نہ مل سکے گا۔ بڑے بہن بھائیوں کی وجہ سے مالی حوالے سے چند

زمین وجائیداد وغیرہ کی خرید و فروخت کرنا آپ کے لیے فائدہ مند ثابت نہ ہوگا۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف زیادہ رہے گی۔ قانونی نوعیت کے درپیش مسائل ہیں تو کوشش کریں حل ہو جائیں گے۔

9تا 16جولائی

سیر و تفریح کے لیے جانا ہوگا۔ طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف زیادہ رہے گی۔ قرضہ لینے کے بارے میں سوچ رہیں ہیں تو کوشش کریں مل جائے گا۔ شراکتی کاروبار سے منسلک افراد کے کام میں بہتری آئے گی۔ ذاتی کاروبار کرنے والے افراد کو اس عرصے کے دوران پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ حکومتی اداروں سے وابستہ کام ڈیل کے بغیر حل نہ ہو پائیں گے۔ ساس ہیں تو بہو کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ آپ کے تھوڑے بہت اخراجات بڑے بہن بھائیوں اور یار دوستوں پر ہوں گے۔ کسی خطرناک بیماری کا شکار ہیں تو صحت میں بہتری آئے گی۔ ساس یا شریک حیات کے ساتھ ناراضگی ہے تو وہ دور ہوتی نظر آ رہی ہے۔

17تا24جولائی

خفیہ دشمن اور مخالف آپ کے خلاف سازشیں کرتے رہیں گے۔ آپ اپنے اُستاد اور پیر سے ملاقات کریں اور اپنے مسائل ان کو بیان کریں، بہتر مشورہ ملے گا۔ سواری کی خریداری کرتے نظر آرہے ہی۔ وہ افراد جو ذاتی مکان کی تلاش کر رہے ہیں ان کو امید کے مطابق گھر ملتا نظر آرہا ہے۔ قانونی مسائل کا شکار ہیں تو اس میں مثبت پیش رفت ہوتی نظر آ رہی ہے۔ نوکری کی تلاش میں ہیں تو غیر سرکاری نوکری ملنے کی امید ہے۔ اندرون ملک سفر کا ارادہ کر رکھا ہے تو رواں عرصے میں جانا نہ ہو سکے گا۔ آپ کچھ ایسے قدم اٹھائے گے جس کی وجہ سے آپ کی عزت متاثر ہوگی۔ انعامی سکیمیں بانڈ نمبر وغیرہ سے مالی فائدہ حاصل نہ ہوگا۔

25تا31جولائی

اس عرصہ میں لین دین کے معاملات میں خاص طور پر محتاط رہیں، اگر آپ نے اپنے مزاج پر قابو نہ پایا تو ممکن ہے کہ آپ لڑائی جھگڑے کے کاموں میں ملوث ہو جائیں۔ وراثت کے معاملات کا فیصلہ چاہتے ہیں تو ایسے فیصلے آپ کے حق میں ہونے کے امکانات بہت کم ہیں۔ یہ وقت ایسا ہے کہ آپ اپنی بات چیت اور طرزِ گفتگو کے ذریعے سامنے والے فرد پر اثر انداز ہو سکتے ہیں۔ وہ ملازمت پیشہ افراد جن کے ترقی کے امکانات کافی دیر سے بنے ہوئے ہیں۔ اس رواں عرصہ میں اسی حوالے سے کوئی نہ کوئی خوشخبری سننے کو ضرور ملے گی۔ لیکن اس کے لیے ان کو خود بھی ہاتھ پاؤں چلانے پڑیں گے۔ دوران ڈرائیونگ اور پیدل سفر کے دوران احتیاط کریں۔ آپ کو ہلکی پھلکی چوٹ لگنے کا اندیشہ ہے۔

سعد تاریخیں	7-12-16-17
نحس تاریخیں	6-19-26
لکی نمبر	5-6-9

اسد



عرصہ حکومت	23جولائی تا23اگست
منسوبی کوکب	شمس
منسوبی حرف	م
خوش قسمت اعداد	9'6'5'1
خوش قسمت پتھر	یاقوت، مرجان
خوش قسمت دن	اتوار، منگل، بدھ
خوش قسمت رنگ	سنہرا، سبز، سرخ

یکم تا 8جولائی

قرضہ لینا چاہتے ہیں تو کوشش کریں آپ کو اپنے مقصد میں کامیابی ملتی نظر آ رہی ہے۔ نیز اس سلسلے میں اپنے بہن بھائیوں سے بھی ضرور رابطہ کریں۔ یہ دن کاروباری حضرات کے کام میں خاص

پُراعتماد گفتگو

نیلا پکھراج

ہر انسان کے لیے اس کو لاحق تکلیف ہی سب سے زیادہ دردناک ہوتی ہے۔ وہ جن کی زبان فر فر چلتی ہے شاید ان کے لیے یہ بات اہم نہ ہو لیکن جن پر کسی دوسرے سے بات کرنا یا اپنا مطلب بیان کرنا عذاب بن جاتا ہے ان کو اس تکلیف سے نجات کا راستہ ایک صورت میں مل سکتا ہے اور وہ ہے کامیابی اور دولت کے کوکب سے منسوب جواہر ''پکھراج''۔ لیکن صرف وہ پکھراج اس مرض میں مفید رہے گا جو اپنے اندر نیلے رنگ کی شعاعیں لیے ہوئے ہو۔ یعنی نیلا رنگ کھلا کھلا اور دیکھنے میں خوبصورت ہو، بند قسم کا مفید نہ ہے۔ بے رنگ یا دیگر رنگ کا پکھراج اس مقصد کے لیے کام نہ کرے گا۔



عرصہ حکومت	24 اگست تا 22 ستمبر
منسوبی کوکب	عطارد
منسوبی حروف	پ، غ
خوش قسمت اعداد	6'5'3
خوش قسمت پتھر	پنا، پکھراج، ہیرا
خوش قسمت دن	بدھ، جمعرات، جمعہ
خوش قسمت رنگ	سبز، پیلا، سفید

یکم تا 8 جولائی

ساس اور شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ شراکتی کاروبار سے منسلک افراد کے لیے یہ دن فائدہ مند رہیں گے۔ انٹرلیول تک کے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف زیادہ رہے گی۔ ذاتی کاروبار سے منسلک افراد کو چند ایک پریشانیوں کا سامنا ہو گا۔ حکومتی عہدیداروں سے وابستہ کام حل نہ ہو سکیں گے۔ شریک حیات اور اولاد کے ساتھ سیر و تفریح کے لیے جائیں گے۔ آپ کا رجحان مذہبی کاموں کی طرف کم رہے گا۔ آپ کا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ بہتر رہے

ہیں تو صحت میں بہتری آئے گی۔ سیر و تفریح کے لیے بھی جائیں گے۔ ساس اور شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں اونچ نیچ ہوتی رہے گی۔ آپ کا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ بہتر نہ ہوگا۔ شراکتی اکاونٹ کا مسئلہ ہے تو کوشش کریں حل ہو جائے گا۔ اولاد کے ساتھ ناراضگی تھی تو وہ دور ہو جائے گی۔ انعامی سکیمیں، بانڈ نمبر وغیرہ کھیلتے ہیں تو انعام نکلنے کے امکانات ہیں۔ خواہشات کی تکمیل کے لیے کوشش کریں گے لیکن کامیابی نہ مل سکے گی۔

9 تا 16 جولائی

آپ کے مالی حالات میں بہتری آئے گی۔ ملازمت پیشہ اور کاروباری حضرات کو اگر کام میں کسی پریشانی کا سامنا ہے تو وہ مسئلہ بھی کافی حد تک حل ہو جائے گا۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلتے ہیں تو اس سے فائدہ ہوگا۔ لیکن وہ منافع آپ کی اُمید سے کم ہوگا۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو وہ نہ مل سکے گا۔ حکومتی اداروں سے وابستہ کام، ڈیل کے بغیر حل نہ ہو سکیں گے۔ صحت کے حوالے سے پریشانی تھی وہ بھی دور ہو جائے گی۔ وراثت کا مسئلہ ہے تو وہ حل نہ ہو سکے گا۔ اپنے خفیہ دشمنوں کی وجہ سے پریشانی کا سامنا ہوگا۔ ساس ہیں تو بہو کے ساتھ تعلقات خراب رہیں گے۔

17 تا 24 جولائی

عشق و محبت کے معاملات میں خاص توجہ دیں گے۔ اولاد کے ساتھ وقت گزاریں گے۔ شریک حیات کے ساتھ ناراضگی پیدا ہوتی نظر آ رہی ہے سیر و تفریح کے لیے جانا ہوگا۔ بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں تلخی رہے گی۔ ڈرائیونگ کے دوران احتیاط کا مظاہرہ کرنا ہوگا، ورنہ دوسری صورت حادثہ ہے۔ مالی معاملات میں تنگی رہے گی۔ کاروبار سے وابستہ افراد کے کام میں تیزی آئے گی نیز کاروبار میں چند ایک تبدیلیاں بھی کریں گے۔ قرض دی ہوئی رقم مطالبہ کرنے پر واپس ملنے

کے امکانات ہیں۔ مکان کرایہ پر دے رکھا ہے تو کرایہ داروں کی طرف سے پریشانی کا سامنا ہوگا۔

25 تا 31 جولائی

ذہن پر دباؤ رہے گا اور ذہن مختلف خیالات کا مرکز بنا رہے گا۔ شریک حیات اور آپ کی ایک دوسرے کی چھوٹی سے چھوٹی بات پر نقص نکالنے کی وجہ سے تعلقات بہتر نہ رہ پائیں گے۔ کاروباری لوگوں کے لیے تو یہ وقت انتہائی کڑا ہے۔ ان کے لیے ہمارا مشورہ ہے کہ اگر وہ اپنی سنجیدگی کو نہ چھوڑیں اور سُستی کو اپنے اندر نہ داخل ہونے دیں تو حالات پر تھوڑا بہت قابو پا سکتے ہیں اور یوں وقت کی سختی کو کم کر سکتے ہیں۔ اس عرصہ میں آپ کی توجہ بچوں اور سیر و تفریح کی طرف رہے گی اور بچوں کے معاملات کی طرف دھیان دیں گے۔ اخراجات قابو میں رہیں گے۔ ملازمت پیشہ افراد میں کام کرنے کا ایک خاص جوش نظر آئے گا۔ لیکن یہ جوش وقتی طور پر ہی ہوگا۔ اپنی صحت کا خیال رکھیں، ہو سکتا ہے کہ زیادہ کھانے کی وجہ سے صحت کے مسائل سے واسطہ پڑ جائے۔

سعد تاریخیں	6-10-14-23-24
نحس تاریخیں	1-20-28-29
لکی نمبر	2-8-1

گا۔ بیرون ملک سفر کی خواہش پوری نہ ہو سکے گی۔ دشمنوں پر حاوی رہیں گے۔ ننھیالی رشتے داروں سے وابستہ کام حل نہ ہو سکیں گے۔ قانونی معاملات میں مثبت پیش رفت ہونے کے امکانات ہیں۔

9 تا 16 جولائی

انعامی سکیمیں بانڈ وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ آپ کا رجحان عشق و محبت جیسے کاموں کی طرف زیادہ رہے گا۔ آپ کے مالی حالات میں بہتری آئے گی۔ تعلقات اپنے بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ بہتر نہ ہوں گے۔ قیمتی اشیاء زیورات وغیرہ کی خرید و فروخت آپ کے لیے فائدہ مند نہ رہے گی۔ اگر قانون سے وابستہ کوئی کام ہیں تو کوشش کریں حل ہو جائیں گے۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف زیادہ رہے گی۔ لوگ آپ کی ساخت کو نقصان پہنچنے کی سازشیں کرتے نظر آ رہے ہیں۔ اگر آپ نوکری کی تلاش میں ہیں تو وہاں پر بھی ضرور کوشش کریں، جہاں آپ کے خاندان میں سے پہلے کوئی نوکری کر چکا ہو یا کر رہا ہو۔

17 تا 24 جولائی

بیرون ملک سفر کے لیے جانا ہوگا، یہ سفر کام کے سلسلے میں بھی ہو سکتا ہے اور تعلیم کے لیے بھی۔ رواں عرصہ میں آپ کو گھریلو سکون میسر رہے گا۔ کاروبار کے سلسلے میں اندرون ملک سفر کرنا فائدہ مند ثابت نہ ہوگا۔ مالی معاملات میں بہتری آئے گی۔ منگنی، نکاح کرنے کے لیے موزوں وقت ہے۔ شریک حیات کے ساتھ سیر و تفریح کے لیے جانا ہوگا۔ لوگوں سے وابستہ کام بآسانی حل نہ ہو سکیں گے۔ بہو کے ساتھ تعلقات میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے، ان دنوں میں کسی کو قرض نہ دیں رقم واپس ملنے کے امکانات کم ہیں۔ طالب علم تعلیم کے ساتھ ساتھ غیر نصابی سرگرمیوں میں بھی دلچسپی لیں گے۔

25 تا 31 جولائی

معاملات سے دور رہیں اور ان اُمور کو پھر کسی وقت کے لیے اُٹھا رکھیں۔ منگنی ضروری ہو تو ذاتی حساب کروائیں۔ زیادہ کھانے کی وجہ سے صحت کے مسائل سے واسطہ پڑ جائے گا۔ اس کے علاوہ دشمنوں یا نوکری کی وجہ سے بھی صحت خراب ہو سکتی ہے۔ لہٰذا ان کی طرف بھی توجہ دیں۔ آپ کے اخراجات کا تناسب بڑھا ہوا رہے گا۔ پیسہ بڑھے گا تو اخراجات بھی بڑھیں گے۔ یہ اخراجات اچانک ہوں گے۔ وہ افراد جن کے گھریلو اور خاندانی معاملات گرما گرمی کا شکار تھے، رواں دنوں میں ان کو موقع ملے گا کہ معاملات کو بہتر اور اچھے انداز میں حل کریں۔ لوگوں کی نظر میں اپنی عزت اور شہرت بڑھانے کے لیے یہ وقت آپ پر مہربان ہے۔ آپ جو بھی درست کام کریں گے واہ واہ ہوگی۔

سعد تاریخیں	7-12-16-17
نحس تاریخیں	3-4-23-24-27
لکی نمبر	6-9-4



عرصہ حکومت	23 ستمبر تا 23 اکتوبر
منسوبی کوکب	زہرہ
منسوبی حروف	ت، ر، ط
خوش قسمت اعداد	9'6'4'1
خوش قسمت پتھر	ہیرا، سفید موتی
خوش قسمت دن	جمعہ، اتوار، منگل
خوش قسمت رنگ	پیلا، نارنجی، گندمی

یکم تا 8 جولائی

بہن بھائیوں اور رشتے داروں کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ نیز آپ کا ان سے ملنا جلنا بھی رہے گا۔ ان سے وابستہ اگر کوئی کام

ایک خواہشات بھی پوری ہوتی نظر آ رہی ہیں۔ قانونی نوعیت کے اگر کوئی کام ہیں تو وہ حل نہ ہو سکیں گے۔ اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو کوشش کریں، سفر ممکن ہے۔ آپ کا رجحان مذہبی کاموں کی طرف کم رہے گا۔ ملازمت پیشہ افراد کی چند ایک مشکلات دور ہوتی نظر آ رہی ہیں۔ اپنے دشمنوں کی وجہ سے پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا تھا تو وہ پریشانی بھی دور ہو جائے گی۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو نہ مل سکے گا۔

9 تا 16 جولائی

زمین و جائیداد وغیرہ کی خرید و فروخت کرنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ انعامی سکیمیں بانڈ وغیرہ کھیلتے ہیں تو اس میں بھی آپ کو مالی فائدہ ہو گا۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو کوشش کریں ملتا نظر آ رہا ہے۔ اگر آپ کسی خطرناک بیماری کا شکار ہیں تو آپ کی صحت میں بہتری آئے گی۔ ذاتی کاروبار سے منسلک افراد کو کام میں مسائل کا سامنا ہوگا۔ حکومتی اداروں سے وابستہ کام حل نہ ہو سکیں گے۔ انٹر لیول تک کے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف زیادہ رہے گی۔ بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے۔ آپ کو اپنی خواہشات کی تکمیل میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ مذہبی معاملات پر لوگوں سے بحث و مباحثہ کرتے نظر آ رہے ہیں۔

17 تا 24 جولائی

اپنی ذات کی طرف خاص توجہ دیں گے۔ اپنے آپ کو لوگوں سے افضل سمجھیں گے۔ ہمسایوں سے ملنا جلنا ہوگا۔ کتابیں پڑھنے کا شوق اجاگر ہوگا۔ بیماری کا شکار ہیں تو ان دنوں میں صحت میں بہتری آئے گی۔ قرض دی ہوئی رقم رواں دنوں میں واپس ملتی نظر آ رہی ہے۔ وراثتی مسئلہ کی شکار ہیں تو ان کا فیصلہ ہونے کے امکانات کم رہے ہیں۔ یار دوستوں سے میل ملاقات کریں گے۔ بیرون ملک سفر کے لیے موزوں وقت نہیں ہے۔ مخالفوں سے محتاط رہنے کی ضرورت ہے آپ کے

کام میں کمی دیکھنے میں آئے گی نیز ان دنوں میں کام میں نقصان کا خدشہ بھی ہے۔ وہ افراد جو نوکری کی تلاش میں ان دنوں میں ان کا سبب بنتا نظر آرہا ہے۔

25 تا 31 جولائی

گھریلو اُمور میں توجہ و رجحان رہے گا۔ اہل خانہ اور گھر کی تزئین و آرائش پر اخراجات ہوں گے۔ بڑی اور چھوٹی عمر کے افراد کو خاص طور پر اپنی صحت کے معاملات پر توجہ دینی چاہیے۔ خصوصاً اگر کوئی ایسا مرض ہو جو پرانا ہو یا جو طوالت اختیار کر سکتا ہو، اس کے علاج میں تاخیر یا التواء کے عنصر کو حاوی نہ ہونے دیں۔ صحت میں بہتری کے لیے آپ لوح صحت و شفا استعمال کریں، انشاء اللہ آپ صحت یاب ہو جائیں گے (یہ لوح آپ ہمارے روحانی ادارے سے حاصل کر سکتے ہیں)۔ اولاد کے ساتھ گھر سے باہر گھومنے پھرنے کے لیے جائیں گے۔ آپ کو اپنی اُمیدوں اور تمناؤں کو پورا کرنے کی بھرپور کوشش کریں گے، ان پر اپنا کافی وقت بھی لگائیں گے۔ آپ کو اپنے مقصد میں کامیابی ملے گی اور آپ کی اکثر اُمیدیں اور تمنائیں پوری ہو جائیں گی۔ موسیقی کی طرف دلچسپی لیں گے۔

سعد تاریخیں	1-10-14-23-24-28-29
نحس تاریخیں	6-26
لکی نمبر	6-2-6

عقرب



عرصہ حکومت	24 اکتوبر تا 22 نومبر
منسوبی کواکب	مریخ، پلوٹو
منسوبی حروف	ذ، ز، ض، ظ، ن
خوش قسمت اعداد	8،3،2،1
خوش قسمت پتھر	مرجان، روبی
خوش قسمت دن	اتوار، پیر، منگل، جمعرات
خوش قسمت رنگ	لال، سفید، کریم کلر

یکم تا 8 جولائی

بڑے، بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں خرابی آئے گی۔ ذاتی کاروبار سے منسلک افراد کے کاروبار میں بہتری آئے گی۔ آپ کا رجحان مذہبی کاموں کی طرف رہے گا۔ انعامی سکیمیں لاٹری بانڈ وغیرہ کھیلتے ہیں تو اس سے خاص فائدہ نہ ہوگا۔ جائیداد یا سواری کی خرید و فروخت کے لیے مناسب وقت نہیں ہے۔ اولاد کے معاملات کی طرف توجہ دیں گے۔ شریک حیات اور اولاد کے ساتھ سیر و تفریح کے لیے بھی جائیں گے۔ آپ کا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ بہتر رہے گا۔ مالی حوالے سے درپیش چند ایک پریشانیاں دور ہو جائیں گی۔ داماد کے ساتھ تعلقات میں خرابی آئے گی۔ قرضہ لینے کے بارے میں سوچ رہے ہیں تو اس عرصے میں کامیابی نہ مل سکے گی۔

9 تا 16 جولائی

بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ ان سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو کوشش کریں حل ہو جائیں گے۔ شریک حیات کے ساتھ ناراضگی تھی تو وہ بھی دور ہو جائے گی۔ شراکتی کاروبار سے منسلک افراد کے کام میں بہتری آئے گی۔ حکومتی اداروں سے وابستہ کام اس عرصے میں حل نہ ہو سکیں گے۔ ذاتی کاروبار سے منسلک افراد کو کام میں پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو یہ وقت بہتر ثابت ہوگا۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو کوشش کریں، حل ہو جائیں گے۔ آپ کے تعلقات اپنی ساس کے ساتھ بہتر رہیں گے۔ مخالفین کی سازششوں کا منہ توڑ جواب دیں گے۔ روحانی اور مذہبی معاملات سے دور ہوتے نظر آرہے ہیں۔

17 تا 24 جولائی

خواہشات کو پورا کرنے کے لیے کافی کوشش کریں گے۔ لیکن پھر بھی آپ کو کوئی خاص کامیابی نہ مل پائے گی۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلتے ہیں تو آپ انعام حاصل کرنے میں کامیاب رہیں گے۔ سیر و تفریح کے لیے جانا ہوگا۔ رشتے کی تلاش میں ہیں تو اچھا رشتہ ملنے کے قوی امکانات ہیں۔ کاروبار کے آغاز کے لیے مناسب وقت ہے۔ طالب علم تعلیم کے بجائے دوسری سرگرمیوں کی طرف زیادہ توجہ دیتے نظر آرہے ہیں۔ دشمنوں اور مخالفوں کو لے کر پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ان کی سازشوں کا بھرپور طریقے سے جواب دینے کی پوزیشن میں ہیں۔ گھر یا سواری کی مرمت وغیرہ پر اخراجات ہوں گے۔

25 تا 31 جولائی

کاروباری دنیا سے منسلک لوگ کچھ زیادہ سکون آمیز وقت نہ گزاریں گے، کیونکہ کاروباری معاملات حسب توقع طے نہ ہو رہے ہوں گے۔ مگر اس عرصہ میں مال و دولت کے حصول میں کچھ آسانیاں ملیں گی۔ گھریلو معاملات میں تھوڑی بہت خرابی آسکتی ہے۔ شریک حیات اور آپ کی والدہ کے درمیان کسی بات پر گھر کے ماحول میں تناؤ کی کیفیت پیدا ہو سکتی ہے۔ بہتر یہی رہے گا کہ کسی کی طرف داری نہ کریں۔ ان دنوں میں شراکتی کاموں یا معاملات سے دور رہنا چاہیے، کامیابی کا امکان کم ہی ہے۔ ہمسایوں کے ساتھ تعلقات ایک خاص نوعیت سے آگے نہیں بڑھیں گے۔ اعلیٰ افسران یا حکومتی اداروں سے کام کرانا چاہتے ہیں تو وہ رواں دنوں میں ممکن ہے۔ لیکن اس کے لیے آپ کو محنت کرنا ہو گی۔ اگر آپ ڈھیلے ڈھیلے رہے تو کام نہ ہو پائیں گے۔

سعد تاریخیں	12-16-17
نحس تاریخیں	1-20-28-29
لکی نمبر	1-3-7

قوس



عرصہ حکومت	23 نومبر تا 21 دسمبر
منسوبی کوکب	مشتری
منسوبی حرف	ف
خوش قسمت اعداد	5'3'1
خوش قسمت پتھر	پکھراج' پنا' روبی
خوش قسمت دن	بدھ' جمعرات' اتوار
خوش قسمت رنگ	پیلا' ہلکا زرد

یکم تا 8 جولائی

بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ ساس کے ساتھ ناراضگی تھی تو وہ بھی دور ہوتی نظر آ رہی ہے۔ کاروبار سے منسلک افراد کو کام میں رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ نیز ان کو کاروبار سے فائدہ حاصل کرنے کے لیے محنت زیادہ کرنی پڑے گی۔ حکومتی اداروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ حل ہوتے نظر نہیں آ رہے۔ شریک حیات کے ساتھ ان بن رہے گی۔ نیز اگر ان کے ساتھ اندرون ملک سفر کا پلان تھا تو وہ منصوبہ عملی شکل اختیار نہ کر سکے گا۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ حل ہوتے نظر آ رہے ہیں۔ طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف ہوگی۔ نیز اگر ان کو تعلیم میں کسی پریشانی کا سامنا ہے تو وہ پریشانی بھی دور ہو جائے گی۔

9 تا 16 جولائی

آپ کے مالی حالات میں بہتری آئے گی۔ بہن بھائیوں کے ساتھ ناراضگی تھی تو وہ بھی دور ہوتی نظر آ رہی ہے۔ بہن بھائیوں اور یار دوستوں سے ملنا جلنا بھی رہے گا۔ انعامی سکیمیں کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ لیکن آپ کی پوری دلچسپی انعامی سکیموں اور بانڈ وغیرہ کی طرف نہ ہوگی۔ اولاد کے ساتھ تھوڑی بہت ناراضگی رہے گی۔ ساس ہیں تو بہو کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ گاڑی، زمین و جائیداد وغیرہ کی خرید و فروخت کرنا آپ کے لیے نقصان دے رہے گا۔ کسی خطرناک بیماری کا شکار

ہیں تو آپ کو تھوڑی بہت پریشانی کا سامنا ہوگا۔ آپ کا رجحان مذہبی کاموں کی طرف کم رہے گا۔ بیرون ملک سفر کی کوشش کر رہے ہیں تو کامیابی نہ مل سکے گی۔

17 تا 24 جولائی

شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں خرابی دیکھنے میں آئے گی۔ یار دوستوں سے ملنا جلنا ہوگا۔ ان دنوں میں اپنی ذات کی طرف توجہ دیں گے۔ گمشدہ اشیاء کوشش کرنے پر واپس ملنے کے امکانات ہیں۔ مکان کی تلاش میں ہے تو امید کے مطابق مکان ملنے کے امکانات ہیں۔ کاروبار سے وابستہ افراد کو ان دنوں میں نقصان کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ اولاد کو آپ کی توجہ کی ضرورت ہے جو رواں دنوں میں ملتی نظر نہیں آ رہی۔ ساس کے ساتھ تعلقات خوشگوار رہیں گے۔ شراکتی کاروبار سے وابستہ افراد کو ان دنوں میں نقصان کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔

25 تا 31 جولائی

اس ہفتہ میں ایسے دوستوں سے ملاقات کا امکان ہے۔ جن سے آپ کی کافی عرصہ سے بات یا ملاقات نہیں ہوئی۔ یہ رابطہ فون یا ای میل کے ذریعے بھی ممکن ہے۔ اندرون ملک سفر کرتے وقت احتیاط کریں، اگر ضروری نہ ہو تو سفر سے ہی باز رہیں۔ وہ افراد جو بیرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں ان کو ہمارا مشورہ یہ ہے کہ رواں دنوں کے دوران ایجنٹ کو پیسے نہ دیں۔ بہت ممکن ہے کہ آپ کا کام بھی نہ ہو اور پیسے بھی ڈوب جائیں۔ شراکتی بنیادوں پر کیے گئے کام آپ کے لیے فائدہ لے کر آئیں گے۔ سسرالی رشتے داروں سے تعلقات بہتر رہیں گے اور ان سے کوئی مدد درکار ہو تو کہ ضرور ملے گی۔ صحت کے حوالے سے بدپرہیزی نہ کریں۔ پرانی بیماری ہے تو اس حوالے سے بالکل بھی ڈھیلے نہ پڑیں فوراً علاج کروائیں۔

سعد تاریخیں	1-6-14-19-28-29
نحس تاریخیں	3-4-20-27
لکی نمبر	7-9-8

جدی



عرصہ حکومت	22 دسمبر تا 19 جنوری
منسوبی کوکب	زحل
منسوبی حروف	خ' ج' گ
خوش قسمت اعداد	8'6'5
خوش قسمت پتھر	نیلم' ہیرا
خوش قسمت دن	بدھ' جمعہ' ہفتہ
خوش قسمت رنگ	نیلا' سفید' سبز

یکم تا 8 جولائی

شریک حیات کے ساتھ تعلقات خوشگوار رہیں گے۔ شریک حیات کے ساتھ سیر و تفریح کے لیے جانا ہوگا۔ قانونی مسائل کا شکار ہوتے نظر آ رہے ہیں۔ اخراجات میں کمی آئے گی۔ اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو سفر ممکن ہے۔ یہ سفر شراکتی کاروبار کے سلسلے میں بھی ہو سکتا ہے۔ کسی حادثے وغیرہ کا شکار ہوئے تھے تو آپ کی صحت میں بہتری آئے گی۔ چھوٹے بہن بھائیوں اور قریبی رشتے داروں کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی اور ان سے ملنا جلنا بھی رہے گا۔ ملازمت پیشہ افراد کو کام کی وجہ سے چند ایک پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ننھیالی رشتے داروں سے وابستہ کام ہیں تو وہ حل ہوتے نظر نہیں آ رہے۔ آپ کا رجحان مذہبی کاموں کی طرف کم رہے گا۔

9 تا 16 جولائی

ذاتی کاروبار سے منسلک افراد کے کام میں خاص طور پر بہتری آئے گی۔ اگر ان کو کاروبار میں کسی پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے تو مسئلہ کافی حد

تک حل ہو جائے گا۔ اولاد کے ساتھ ناراضگی ہے تو اس عرصے میں دور ہو جائے گی۔ اگر اولاد جوان ہے تو ان کے باعث آپ کے مالی حالات میں بہتری آئے گی۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ کام حل نہ ہو سکیں گے۔ طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف کم اور دوسرے کاموں میں زیادہ ہو گی۔ آپ کا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ خوشگوار رہے گا۔ انعامی سکیمیں، لاٹری، بانڈ وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند ثابت نہ ہو گا۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو آپ کو قرضہ ملتا نظر نہیں آ رہا۔ وارثت وغیرہ کا مسئلہ ہے تو وہ حل نہ ہو سکے گا۔

17 تا 24 جولائی

قانونی مسائل کا شکار ہیں تو رواں دنوں میں پیش رفت ہوتی نظر آ رہی ہے۔ انعامی سکیمیں بانڈز نمبر وغیرہ کھیلنے میں کو انعام نکلتا نظر آ رہا ہے۔ کتابیں پڑھنے کا شوق اجاگر ہو گا۔ کاروبار سے منسلک افراد کے لیے یہ عرصہ بہتری لے کر آ رہا ہے۔ وہ افراد جو کاروبار میں پیسہ لگانا چاہتے ہیں، ان کے لیے بھی یہ وقت بہتر ہے۔ والد کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ ان سے اپنے مسائل بیان کریں، بہتر مشورہ ملنے کی اُمید ہے۔ لوگوں سے گفتگو کے دوران لفظوں کا انتخاب دھیان سے کریں۔ شریک حیات کے ساتھ ناچاقی پیدا ہوتی نظر آ رہی ہے۔

25 تا 31 جولائی

مالی معاملات میں بہتری آئے گی۔ مذہبی کاموں میں دلچسپی لیں گے۔ اپنے ملنے والوں میں عزت کا مقام گا۔ وہ افراد جو رہائش تبدیل کرنے کے خواہاں تھے ان کا تبدیلی رہائش کا خواب پورا ہو گا۔ آسان ذرائع سے آمدن کا حصول رواں دنوں میں ممکن نہ ہو گا۔ تقریر و تحریر کی طرف آپ کا رجحان رہے گا۔ خاندانی جائیداد کا مسئلہ چل رہا ہے تو رواں عرصہ میں بھی اس کے حل کی کوئی خاص اُمید نہیں ہے۔ دوستوں یا بڑے بہن بھائیوں کو قرضہ دے رکھا ہے تو وہ رقم یا شے واپس ملنے کے آثار نظر نہیں آتے۔ وہ افراد جو قرضہ لینا چاہتے ہیں تو ان کو چاہیے کہ والدین یا اپنے ساتھ کام کرنے والے لوگوں سے رابطہ کریں کوئی نہ کوئی حل ضرور نکلے گا۔ حکومتی اداروں سے وابستہ کام حل ہونے کے قوی امکانات ہیں۔

سعد تاریخیں	7-16-17
نحس تاریخیں	6-19-26
لکی نمبر	2-5-9

دلو



عرصہ حکومت	20 جنوری تا 18 فروری
منسوبی کواکب	زحل، یورانس
منسوبی حروف	س، ش، ث، ص
خوش قسمت اعداد	8,6,3
خوش قسمت پتھر	نیلم، پکھراج، ہیرا
خوش قسمت دن	جمعرات، جمعہ، ہفتہ
خوش قسمت رنگ	نیلا، گلابی، ہرا

یکم تا 8 جولائی

سیر و تفریح کا پروگرام بنائیں لیکن جانا نہ ہو سکے گا۔ آپ کے مالی حالات میں بہتری آتی نظر آ رہی ہے۔ بہن بھائیوں کے ساتھ ناراضگی ہے تو وہ دور ہو جائے گی۔ ان سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو کوشش کریں وہ حل ہو جائیں گے۔ چند ایک خواہشات پوری ہوتی نظر آ رہی ہیں۔ وراثت وغیرہ کا مسئلہ ہے تو وہ حل ہوتا نظر نہیں آ رہا۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند نہ رہے گا۔ لوگوں کے ساتھ انداز گفتگو میں بہتری آئے گی۔ شریک حیات کے ساتھ ناراضگی تھی تو وہ دور ہو جائے گی۔ زمین و جائیداد وغیرہ کی خرید و فروخت کرنا آپ کے لیے فائدہ مند نہ رہے گے۔ اولاد جوان ہے تو ان کے ساتھ بھی تھوڑی بہت ناراضگی ہو سکتی ہے۔

9 تا 16 جولائی

مذہب کی طرف توجہ رہے گی نیز لوگوں کو بھی تلقین کرتے نظر آ رہے ہیں۔ سفر کا پلان بنا رکھا ہے تو کسی مجبوری کی وجہ سے جانا نہ ہو سکے گا۔ بیرون ملک سفر کی کوشش کر رہے ہیں تو اپنی کوششوں کو جاری رکھیں، کیونکہ آپ کو کامیابی ملتی نظر آ رہی ہے۔ کاروبار سے منسلک افراد کو کام میں پریشانی کا سامنا ہو گا۔ اگر آپ کاروبار میں بہتری چاہتے ہیں تو آپ کو محنت زیادہ کرنی ہو گی۔ ساس کے ساتھ ناراضگی ہے تو وہ بھی دور ہوتی نظر آ رہی ہے۔ شریک حیات کے ساتھ ناراضگی رہے گی۔ طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف زیادہ رہے گی۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو کوشش کریں، حل ہو جائیں گے۔ لوگوں سے ملنا جلنا اور گفتگو کرنے کے رجحان میں کمی آئے گی۔

17 تا 24 جولائی

اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف بھرپور رہے گی۔ اس سلسلے میں یار دوستوں سے بھی مدد لیں گے۔ اندرون ملک سفر کرنے کے حوالے سے یہ وقت مناسب نہیں۔ شادی، بیاہ اور دوسری تقریبات میں آپ کی شرکت کم رہے گی۔ گھر کی تزئین و آرائش کی طرف توجہ دیں گے۔ یار دوستوں سے میل ملاقات کریں گے۔ بہو کے ساتھ معاملات میں بہتری آئے گی۔ مذہبی معاملات کی طرف خاصی توجہ دیں گے نیز سائل کے سلسلے میں صاحب علم لوگوں سے بھی مشورہ لیں گے۔ حکومتی اداروں سے وابستہ کام کے حل کی امید نظر نہیں آ رہی۔ مالی معاملات میں بہتری آئے گی اور غیر ضروری اخراجات پر بھی قابو پا لیں گے۔ رشتے داروں کے ساتھ ناراضگی پیدا ہوتی نظر آ رہی ہے۔ لون اپلائی کرنے کے لیے موزوں وقت ہے۔

25 تا 31 جولائی

آپ کو اپنے خاندان کے بزرگ افراد

سے محتاط رہنا ہوگا۔ انہیں اپنے نجی اور ذاتی معاملات میں شامل نہ کریں تو بہتر ہوگا۔ مشین یا گاڑی وموٹر سائیکل وغیرہ چلاتے ہوئے یا سڑک پار کرتے ہوئے حادثے کا امکان ہے محتاط رہیں۔ کسی دوسرے شہر جا کر ریسٹ ہاؤس میں قیام موثر ثابت نہ ہوگا۔ کرایہ دار یا کرایہ پر مکان تلاش کر رہے ہیں تو اس کام کو آگے چلانے کے حوالے سے یہ وقت سعد نہیں۔ ممکن ہے کہ آپ کے ساتھ فراڈ کیا جا رہا ہو۔ ذہنی پریشانی کا شکار تھے تو وہ رواں دنوں میں کافی حد تک دور ہو جائے گی۔ مذہبی رجحان بڑھے گا۔ علوم مخفی میں دلچسپی لیں گے۔ اس حوالے سے مختلف لوگوں سے بات چیت بھی رہے گی۔

سعد تاریخیں	6-10-19-23-24
نحس تاریخیں	20-26
لکی نمبر	8-9-0



حوت

عرصہ حکومت	19 فروری تا 20 مارچ
منسوبی کواکب	مشتری' نیچون
منسوبی حروف	چ' د
خوش قسمت اعداد	3'6'9
خوش قسمت پتھر	پکھراج' مرجان' مونگا
خوش قسمت دن	منگل' جمعرات' جمعہ

یکم تا 8 جولائی

ذاتی کاوربار سے منسلک افراد کے کام میں واضح بہتری آتی نظر آ رہی ہے۔ ملازمت پیشہ افراد کو اگر نوکری میں کسی پریشانی کا سامنا تھا تو وہ پریشانی بھی دور ہوتی نظر آ رہی ہے۔ پچھلے چند ہفتوں کے دوران اگر آپ کی کوئی چیز گم ہوئی ہے تو وہ واپس ملتی نظر آ رہی ہے۔ اس عرصے میں آپ اپنے اوپر زیادہ توجہ دیں گے اور اپنے بارے میں زیادہ سوچیں گے۔ ملازمت پیشہ افراد جن کی ترقی کی فائل رُکی ہوئی تھی اس عرصے میں اس پر دوبارہ نظرثانی کی جائے گی۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ حل ہوتے نظر نہیں آ رہے۔ خاندانی یا ذاتی زمینیں ہیں تو اس سے حاصل ہونے والی آمدن میں کمی ہوتی نظر آ رہی ہے۔ طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف کم رہے گی۔ سفر کرنا چاہتے ہیں تو وہ اس عرصے میں ممکن نہیں۔

9تا 16 جولائی

صحت اچھی رہے گی۔ بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ وہ اخراجات جوان کے اوپر ہو رہے ہیں اس میں بھی خاطر خواہ کمی آئے گی۔ قرضہ لینے کی کوشش کر رہے ہیں تو اپنی کوشش کو جاری رکھیں آپ کو اس عرصے میں قرضہ ضرور مل جائے گا۔ انعامی سکیمیں بانڈ وغیرہ کھیلتے ہیں تو اس سے خاطر خواہ فائدہ نہ ہوگا۔ اولاد کے ساتھ تھوڑی بہت ناراضگی ہوگی۔ کاروبار سے منسلک افراد کے لیے یہ عرصہ بہتری لاتا نظر آ رہا ہے۔ شادی بیاہ اور دوسری تقریبات میں آپ کی شرکت کم رہے گی۔ آپ کا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ بہتر نہ ہوگا۔ زمین و جائیداد کی خرید و فروخت کے بارے میں نہ ہوگا۔

17 تا 24 جولائی

بینکوں سے وابستہ کام مقررہ وقت پر حل نہ ہو سکیں گے۔ آپ کا انداز گفتگو تلخ رہے گا۔ ساس کے ساتھ تعلقات خراب رہیں گے۔ کاروبار میں سرمایہ کاری کے لیے موزوں وقت ہے۔ اندرون ملک سفر کے لیے جانا ہوگا۔ قرض دی ہوئی رقم واپس ملنے کے قوی امکانات ہیں۔ ملازمت پیشہ افراد جن کی ترقی متوقع ہے رواں دنوں میں ترقی ہونے کے امکانات ہیں۔ شریک حیات کے ساتھ کچھ ان بن ہوتی نظر آ رہی ہے۔ انعامی سکیمیں بانڈ نمبر وغیرہ کھیلتے ہیں تو بڑا انعام نکلتا نظر آ رہا ہے۔ سواری اور گھر پر اخراجات ہوں گے۔ صحت کی طرف خاص توجہ دیں گے اور اچھی خوراک کھائیں گے۔

25 تا 31 جولائی

کھانے پینے اور خوش خوراکی کے زیادہ مظاہروں کی ضرورت نہیں، ورنہ معدہ جواب دے دے گا اور ہضم سے متعلق مسائل پیدا ہوں گے۔ اعلیٰ افسران اور صاحب حیثیت لوگ آپ کی بات پر توجہ دیں گے اور بہت ممکن ہے کہ آپ کا کام بھی ہو جائے۔ ذاتی کاروبار کرنے والے افراد کو بھی نئے گاہک اور نئے راستے تلاش کرنے چاہئیں، اس حوالے سے کامیابی کا واضح اشارہ زائچہ میں موجود ہے۔ اپنے مخالفین اور دشمنوں پر نظر رکھیں، گو آپ کے خلاف کوئی سخت اور پریشان کن قدم اس وقت اٹھانے کی پوزیشن میں تو نہیں، لیکن ممکن ہے کچھ نہ کچھ چھوٹا موٹا مسئلہ پیدا کرنے میں لگے رہیں۔ اخراجات میں ہونے والا اضافہ آپ کو تنگ کرے گا۔ ملازمت کی تلاش میں ہیں تو کوشش جاری رکھیں مثبت پیش رفت ہوتی نظر آ رہی ہے

سعد تاریخیں	7-12
نحس تاریخیں	3-4-23-24-27
لکی نمبر	2-3-5

اوج شمس

تحریر: خالد اسحٰق راٹھور

زندگی ایک متحرک لمحہ کا نام ہے۔ سکوت موت کی علامت ہے۔ ہر زندہ کو زندگی سے موت کی طرف آنا ہے۔ زندگی ایک ایسی شہ ہے جو فرد کو سکوت یعنی موت کے بارے سوچنے نہیں دیتی۔ حرکت کی اگلی حالت سکوت کا خیال بھی اس کے ذہن میں نہیں آتا تاوقتیکہ سکوت کا لمحہ آنہ پہنچے۔ ہر صبح کے ساتھ روشن کرنیں ایک نئی امید ایک نئی خواہش اور زندگی کی ایک نئی تمنا دیتی ہیں۔ سورج کی روشنی میں جو طاقت ہے، جو تحریک ہے، جو توانائی ہے، جو مایوسی کو ہمت سے بدلنے، جسم اور ذہن

زمانہ قدیم سے شمس کو دیوتا، اوتار، بزرگ، طاقت ور، عزت شہرت، اولاد نرینہ، کامیابی، حکومت، قوت ارادی، لیڈر شپ، پُر کشش شخصیت، صاحب اختیار لیڈر، بزنس مین اور کامیاب ترین اوصاف کا حامل جانا جاتا ہے۔

ماہ رواں میں اوج شمس کا وقت آپ کی زندگی میں وہ سب کچھ تبدیل کر سکتا ہے، جس سے آپ نجات کے خواہاں ہیں۔ ناکامی کو کامیابی، مایوسی کو خوش دلی سے، زوال کو عروج سے، غربت کو دولت سے، بے نامی کو شہرت سے، کمزوری کو طاقت سے، بے کشش شخصیت کو پُر کشش سے بدل سکتے ہیں اوج شمس کے اس وقت کو آپ اپنی زندگی میں بہتری کے لیے، اپنی اولاد کی کامیابی کے لیے، عزیز اقارب کی خوشگوار زندگی کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔ مضمون کو مزید طوالت دیئے بغیر جامع انداز میں وہ روحانی عمل تحریر کر رہا ہوں جس کا ایک خاص وقت میں تیار کرنا آپ کے لیے یا جس کے لیے بھی آپ عمل تیار کریں کامیابی اور آسودگی کے وہ راستے کھول دے گا جس کی آپ کو تمنا ہوگی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ح ط و م س ا ا ق ک ی ق خ ل د ر ل ہ ع ا خ س ص ن

۱۵۸۰	۱۵۷۷	۱۵۷۰	۱۵۸۴
۱۵۷۱	۱۵۸۳	۱۵۸۱	۱۵۷۶
۱۵۸۶	۱۵۷۲	۱۵۷۵	۱۵۷۸
۱۵۷۴	۱۵۷۹	۱۵۸۵	۱۵۷۳

[illegible]

مختصر سا عمل ہے۔ نام اور نام والدہ کے ساتھ حروف نورانی لے لیں۔ ان کے کل اعداد دائرہ شمسی سے لیں۔ حاصلہ اعداد کے مطابق نقش مکمل کریں۔ سطر عمل کی تکسیر بنائیں اور تکسیر کی درمیانی لائن کو نقش کے چاروں طرف لکھ دیں۔ تکسیر اگر طاق ہو تو ایک سطر لکھی جائے گی اور اگر جفت ہو تو دو سطور تحریر کی جائیں گی۔

خیال رہے تکسیر کو مختصر نہیں کرنا بلکہ مکمل درج کرنا ہے۔

نقش یا سطر تکسیر کو تحریر کرتے ہوئے کوئی غلطی نہ ہو اور اگر ہو جائے تو نیا نقش تیار کریں۔ غلطی کی درستگی والا نقش کام نہ دے گا۔

نقش سفید کاغذ کی بجائے پیلے رنگ کے کاغذ پر تحریر کریں۔

نقش تحریر کرنے کے لیے صرف زعفرانی سیاہی استعمال کریں۔

اس لوح کو چاندی پر نہ بنائیں۔

کے مردہ گوشوں کو از سر نو زندگی دینے، آگے بڑھنے اور ہر اونچی بلڈنگ اور پہاڑ کے اوپر سے گزرتے ہوئے اسے زیر نگیں کرنے کی جو طاقت

خ	ا	ل	د	ا	س	ح	ا	ق	خ	ر	س	ص	ط	ع	ک	ق	ل	م	ن	و	ه	ی	1
ی	خ	ه	ا	و	ل	ن	د	م	ا	ل	س	ق	ح	ک	ا	ع	ق	ط	خ	ص	ر	س	2
س	ی	ر	خ	ص	ه	خ	ا	ط	و	ق	ل	ع	ن	ا	د	ک	م	ح	ا	ق	ل	س	3
س	س	ل	ی	ق	ر	ا	خ	ح	ص	م	ه	ک	خ	د	ا	ا	ط	ن	و	ع	ق	ل	4
لہ	ب	ق	س	ع	ل	و	ی	ن	ق	ط	ر	ا	ا	ا	خ	د	ح	خ	ص	ک	م	ه	5
ه	ل	م	س	ک	ق	ص	س	خ	ع	ح	ل	د	و	خ	ی	ا	ن	ا	ق	ا	ط	ر	6
ر	ه	ط	ل	ا	م	ق	س	ا	ک	ن	ق	ا	ص	ی	س	خ	خ	و	ع	د	ح	ل	7
ل	ر	ح	ه	د	ط	ع	ل	و	ا	خ	م	خ	ق	س	س	ی	ا	ص	ک	ا	ن	ق	8
ق	ل	ن	ر	ا	ح	ک	ه	ص	د	ا	ط	ی	ع	س	ل	س	و	ق	ا	خ	خ	م	9
م	ق	خ	ل	خ	ن	ا	ر	ق	ا	و	ح	س	ک	ل	ه	س	ص	ع	د	ی	ا	ط	10
ط	م	ا	ق	ی	خ	د	ل	ع	خ	ص	ن	س	ا	ه	ر	ل	ق	ک	ا	س	و	ح	11
ح	ط	و	م	س	ا	ا	ق	ک	ی	ق	خ	ل	د	ر	ل	ه	ع	ا	خ	س	ص	ن	12
ن	ح	ص	ط	س	و	خ	م	ا	س	ع	ا	ه	ا	ل	ق	ر	ک	د	ی	ل	ق	خ	11
خ	ن	ق	ح	ل	ص	ی	ط	د	س	ک	و	ر	خ	ق	م	ل	ا	ا	س	ه	ع	ا	10
ا	خ	ع	ن	ه	ق	س	ح	ا	ل	ا	ص	ل	ی	م	ط	ق	د	خ	س	ر	ک	و	9
و	ا	ک	خ	ر	ع	س	ن	خ	ه	د	ق	ق	س	ط	ح	م	ا	ی	ل	ل	ا	ص	8
ص	و	ا	ل	ک	ل	خ	ی	ر	ا	ع	م	س	ح	ن	ط	خ	س	ه	ق	د	ق	7
ق	ص	د	و	ق	ا	ه	ا	س	ل	خ	ک	ط	ل	ن	خ	ح	ی	س	ر	م	ا	ع	6
ع	ق	ا	ص	م	د	ر	و	س	ق	ی	ا	ح	ه	خ	ا	ن	س	ل	ل	ط	خ	ک	5
ک	ع	خ	ق	ط	ا	ل	ص	ل	م	س	د	ن	ر	ا	و	خ	س	ه	ق	ح	ی	ا	4
ا	ک	ی	ع	ح	خ	ق	ق	ه	ط	س	ا	خ	ل	و	ص	ا	ل	ر	م	ن	س	د	3
د	ا	س	ک	ن	ی	م	ع	ر	ح	ل	خ	ا	ق	ص	ق	و	ه	ل	ط	خ	س	ا	2
ا	د	س	ا	خ	س	ط	ک	ل	ن	ه	ی	و	م	ق	ع	ص	ر	ق	ح	ا	ل	خ	1

تانبہ یا سونا پر حسب حیثیت تیار کر سکتے ہیں۔ وائٹ گولڈ بھی استعمال نہیں کرنا۔

ساعتوں کا خاص خیال رکھیں۔

عطر شمس اور بخور شمس ضرور استعمال کریں۔ یہ اشیاء آپ ادارہ سے طلب کر سکتے ہیں۔ عطر شمس، بخور شمس کے علاوہ زعفران بھی آپ کو ادارہ راہنمائے عملیات سے مل سکتا ہے۔

رات کی شمس کی ساعت میں تیار نہ ہوگا۔

بعد از تیاری ہر اتوار کو پہلی ساعت شمس میں عطر شمس نقش یا لوح کو حسب ضرورت لگائیں۔ مثالی نقش پچھلے صفحہ پر دیا گیا ہے۔

نقش تیار کرنے کے لیے درج ذیل کوائف کو بنیاد بنایا گیا ہے۔

نام: خالد اسحاق

حروف نورانی: خ ر س ص ط ع ک ق ل م ن و ہ ی

بسط حرفی

خ ال د اس ح اق خ ر س ص ط ع ک ق ل م ن و ہ ی

بسط حرفی کی عددی قسمت یہ ہوئی

خ ا ل د ا س ح ا ق خ ر س ص ط ع ک ق ل م ...

400 90 70 50 30 107 300 16 30 18 500 17

1000 900 800 700 600 500 300

ٹوٹل=6311

کل اعداد 6311 کی بنیاد پر بادی چال سے نقش بنے گا جو پچھلے صفحہ پر دیا گیا ہے۔ بسط حرفی کی بنیاد پر جو تکسیر بنی وہ بھی دی گئی ہے۔ تکسیر کی لائنیں 23 تھیں سو درمیان والی ایک لائن کو نقش کے گرد تیار کر دیا گیا ہے۔ اگر تکسیر کی لائنیں جفت ہوتیں تو درمیان والی دو سطور نقش کے گرد تحریر کی جائیں گی۔

نقاش کے جفری ٹوٹکے

تحریر: فضل محمود نقاش ترنڈہ محمد پناہ

اس مضمون میں صرف جفری قواعد پر بحث کی گئی ہے۔ جب کہ نجوم کے مطابق کوائف پر بحث کسی اور وقت پر کی جائے گی۔

پیارے قارئین کرام! جو ادارے نجوم پر جنتریاں اور رسالے جاری کرتے ہیں۔ آپ ان سے اپنا حساب بنوانا چاہیں تو وہ آپ کے کوائف یوں لیتے ہیں کہ نام سائل، نام والدہ سائل، نام والد سائل، وقت سوال، تاریخ سوال، موجودہ رہائشی علاقہ (موضع، شہر، تحصیل، ضلع) تاریخ پیدائش، وقت پیدائش اور مقام پیدائش وغیرہ۔ چنانچہ آپ ذرا نجوم وجفر سے شغف رکھتے ہوں تو ان کوائف میں نام سائل معہ والدہ کا کیا تعلق ہے۔ کیا یہ نجوم میں کام آتا ہے اگر آتا ہے تو کس قدر آتا ہے۔ کیا سر حرف والے قاعدہ میں یا اس سے جفری قاعدہ سے برج معلوم کیا جاتا ہے۔ یا نام سائل معہ نام والد تو ڈاک ارسال کرنے کا ہوگا۔ باقی رہا سائل نے ماہر نجوم وجفار سے رابطہ کیوں کیا۔ یقیناً وہ ایک سوال ہوگا۔ جس کا جواب طلب کرنا چاہتا ہے۔ اگر سائل کو اپنی تاریخ پیدائش یاد نہ ہو تو اس کے لیے کہا جاتا ہے کہ آپ کی موجودہ عمر کیا ہے۔ اس بارے میں یہ دیکھا جاتا ہے۔ اتنی مدت قبل زحل، مشتری کن کن برجوں میں سیر کناں تھے۔ تاکہ سائل پر نحوست اور سعادت کا حکم لگایا جا سکے۔ مزید مریخ کی پوزیشن بھی چیک کر لی جاتی ہے۔ تاکہ تحسین کے طریقہ کار کو دیکھا جا سکے۔ عمر کے بارے میں سردی، گرمی یا بہار وخزاں کے موسم کا بھی پوچھ لیا جاتا ہے کہ سیارگان کی تبدیلی ایک برج سے دوسرے برج میں داخلہ کو درست طریقہ سے نوٹ کر کے سعادت ونحوست کو اچھی طرح دیکھا جاتا ہے۔ جب کہ کچھ حضرات صرف زحل سے حساب لگاتے ہیں۔ یہ قاعدہ بھی سائل کو قائل کرا جاتا ہے کہ ہاں واقعی فلاں فلاں سال اچھے تھے اور فلاں فلاں سال واقعی نحس اور بھاری تھے۔

پیارے قارئین کرام! یہ احقر العباد فقیر فضل محمود نقاش کوائف کون کون سے طلب کر کے سائل کے سوال کا حل نکالتا ہے۔ آپ کو اپنے طریقہ حساب کتاب سے روشناس کراتا ہوں۔ یہ میرا ذاتی طریقہ کار ہے۔ جو عام نہیں ہے۔ جناب عالی جب کوئی مجھ سے فون پر رابطہ کرتا ہے۔ تو اس کا فون کرنے کا دن، وقت اور تاریخ نوٹ کرتا ہوں۔ اور یہ بھی نوٹ کرتا ہوں کہ کس شہر (تحصیل وضلع) سے فون آیا ہے۔ وہ پاکستان کے کس صوبہ سے آیا ہے یا بیرون ملک سے آیا ہے۔ یہ سائل کا ارادہ ہوتا ہے۔ اور جب وہ میرے پاس تشریف لاتا ہے تو اس وقت تاریخ اور دن کو نوٹ کر لیتا ہوں۔ پھر جب وہ مجھ سے اپنے سوال کے لیے ہمکلام ہوتا ہے تو اس وقت بھی نوٹ کرتا ہوں۔ اگر وہ خود اپنا مدعا بیان کرتا ہے تو وہ مرد ہونے کی صورت اس مرد کا نام، اس کی والدہ کا نام اور ان کی نانی کا نام لکھتا ہوں۔ پھر اس کی بیوی کا نام، اس کی والدہ کا نام پھر والدہ کی والدہ کا نام (نانی) نام نوٹ کرتا ہوں اور اگر عورت ہو تو اسی طرح کے کوائف میں خاوند کے لیتا ہوں۔ کنوارہ / کنواری ہونے کی شکل میں میں ایک مرد یا عورت سائل کے کوائف لیتا ہوں۔ فرد کی تاریخ پیدائش، وقت پیدائش اور مقام پیدائش نوٹ کرتا ہوں۔ اسی طرح اس کی بیوی کی تاریخ پیدائش، وقت پیدائش اور مقام پیدائش نوٹ کرتا ہوں۔

دونوں میاں بیوی کے آبائی گھروں کی باہم سمت بھی نوٹ کرتا ہوں کہ مشرق، مغرب، شمال، جنوب وغیرہ میں سے کون کونسی سمتیں بنتی ہیں۔ تاریخ شادی، تاریخ نکاح، تاریخ منگنی وغیرہ بھی نوٹ کرتا ہوں تاریخ طلاق یا تاریخ بیوگی یا تاریخ رنڈوہ بھی نوٹ کرتا ہوں اسی طرح ہر اہم معاملے کے کوائف معلوم کرتا ہوں دونوں کے مقامات رہائش بھی نوٹ کرتا ہوں آخر میں سوال پوچھتا ہوں کہ آپ کے تشریف لانے کا مقصد (سوال) پوچھتا ہوں۔ اگر سوال وہ خود سوال کندہ بتاتا ہے تو اسکو اولیت دیتا ہوں اور اگر اس کا ہمراہی ساتھی بتاتا ہے۔ تو اسکے مطابق سوال حل کرتا ہوں کہ یہ سوال کندہ کا سفیر ہوتا ہے اور اگر سوال کندہ کا سوال علیہ پر سوال علیھا ایک یا ایک سے زیادہ ہوں تو ان کے کوائف لیتا ہوں۔ سوال دوستی، دشمنی، شادی، نکاح طلاق، بندش کشائش رزق حصول ملازمت، حصول روزگار، بھائی، بہن،

والدین، اولاد یا زوجین میں سے ہوتا ہو اس کو نوٹ کرتا ہوں۔ ان تمام کوائف کے علاوہ بھی کسی چیز کی ضرورت محسوس کرتا ہوں تو پوچھ لیتا ہوں جیسا کہ شادی کے سوال میں دیگر سوال میں سوال کنندہ سوال علیہ یا سوال علیھا کے درمیان رشتہ بھی پوچھ لیتا ہوں۔ اکثر سوال کنندگان ایسے سوالات / کوائف مکمل طور پر اور درست معلوم نہیں ہوتے۔ جس قدر یاد ہوتے ہیں یا یاد ہوتے ہیں۔ انہیں کے مطابق حساب کتاب (زائچہ) لگاتا ہوں۔ تیار کرتا ہوں۔ اگر سوال کنندہ میرے پاس نہیں آتا وہ اپنے گھر سے نمائندہ بھیج دیتا ہے تو اس کا حساب الگ ہوتا ہے۔ اور جو فون پر پوچھتا ہے اس کا حساب الگ ہوتا ہے اور اگر سوال کنندہ کا ہمراہی اگر کوائف نوٹ کرا رہا ہو تو وہ اپنے کوائف نوٹ کرانے سے انکار کر دے جیسا کہ مرد کی صورت میں بیوی کے کوائف یا عورت کی شکل میں مرد کے کوائف، اپنی ذات، قوم یا پیشہ اور رہائش کا مقام کو چھپائے یا غلط بیانی سے کام لے یا ایسا کہہ دے کہ آپ کو باقی کوائف کی کیا ضرورت ہے یا زیادہ کوائف کیوں لے رہے ہیں یا ایسا بولے کہ کام تو اس آدمی کا ہے۔ لیکن آپ میرے کوائف کیوں لے رہے ہیں۔ تو ایسی صورت میں ان حضرات سے معذرت کر لیتا ہوں۔ ان کو واپس چلے جانے کا مشورہ دے دیتا ہوں اور کہتا ہوں کہ حساب کتاب کرنے والے پیر، عامل اور ماہر جفر اور بہت سے ہیں۔ آپ ان کے پاس چلے جاؤ۔ اگر وہ کہتے ہیں کہ ہم تو صرف آپ کے پاس آئے تھے۔ تو میں کہتا ہوں کہ آپ نے کوائف بتانے سے انکار کر دیا ہے۔ اس لیے آپ کے سوال کا حل نکالنا میرے لیے ناممکن ہے۔ اگر وہ راضی بھی ہو جائے تب بھی اس کا کام نہیں کرتا۔ کیونکہ اس کا وقت اول ختم ہو گیا۔ اب دوسرا وقت شروع ہو گیا۔ جو کہ غلط ہوتا ہے۔ میں سوال کنندہ سے یہ بھی پوچھتا ہوں کہ میرے پاس ذاتی اعتماد کے ساتھ آئے ہیں یا کسی نے بھیجا ہے۔ یا سنی سنائی پر آئے ہیں۔ چوری چھپے آئے ہیں یا اعلانیہ آئے ہو۔ میرے پاس آنے سے پہلے کسی اور عامل، پیر یا بھوپے کے پاس گئے تھے۔ اس سوال پر اکثر لوگ بات چھپاتے ہیں۔ جھوٹ بول جاتے ہیں۔ اگر بتاتے ہیں کہ ہاں فلاں کے پاس گئے تھے۔ مگر اعتبار نہ آیا۔ آپ سے بھی پوچھنا چاہتے کہ آپ کیا بتاتے ہیں۔ اکثر لوگ حساب کتاب کرنے والوں کا موازنہ کرتے پھرتے ہیں کہ اس عام پیر نے کیا کہا تھا اور اس نے کیا کہا تھا۔ ان دونوں میں سچا کون ہے۔ عام طور پر سچا وہ ہوتا ہے۔ جو کہتا ہے کہ تم پر کالا جادو ہے تعویذات ہیں

کرایا گیا ہے۔ خواہ عامل جاہل ہو وہ بڑا پہنچا ہوا بزرگ ہو جاتا ہے۔ سائل انہیں باتوں پر خوش اور مطمئن ہو جاتا ہے

پیارے قارئین کرام۔ یہ جو کچھ میری طرف سے بتایا گیا ہے۔ یہ سب نجوم کے علم کے تحت بتایا گیا ہے۔ جبکہ میں اس وقت جفری قواعد پر بحث کرنا چاہتا ہوں۔ آج کل موجودہ دن حساب و کتاب کا لفظ ان جفری قواعد پر اطلاق کرتا ہے۔ جو آپ نے شمع شبستان رضا کی کتاب میں دیکھا ہے۔ کہ نام مع والدہ کے اعداد استخراج کر کے مطلوبہ سوال کے عدد پر تقسیم کر کے جواب دیا جاتا ہے۔ اس میں مزید وضاحت یا تخصیص کے لیے دن کے اعداد بھی شامل کیے جاتے ہیں۔ تا کہ ہر بار سوال کرنے سے ایک جیسا جواب نہ آئے۔ پھر اس میں مزید وضاحت کرنا ہو تو تاریخ قمری ہجری بھی شامل کر دیں۔ پھر جواب نکالیں۔ ان تین طریقوں کی الگ الگ فلاسفی ہے۔ جو عامل جفار کے لیے ہے یا سوال کنندہ کے لیے بھی ہے۔ پہلا طریقہ یہ ہے کہ نام معہ والد کے اعداد نکال کر جواب نکالیں۔ (میں اکثر عاملوں اور پیروں فقیروں کو نام درست نہ لکھتے دیکھا ہے۔ جیسے نذیر کو نزیر لکھنا وغیرہ اور بعض اوقات ہم آواز ناموں میں اختلاف کر جاتے ہیں۔ جیسے اسماء، عاصمہ، رکیہ، رقیہ زکیہ، ذکیہ وغیرہ) نام اسی طرح کالیں جسطرح وہ سائل خود لکھتا ہے۔

چنانچہ ان پڑھ سائل پر عامل خود مختیار ہے کہ اس کو درست نام معلوم ہونا چاہیے۔ چھٹی کے دن کے نام پر موجودہ معروف نام کے زیادہ اثرات ہوتے ہیں۔ لیکن عامل حضرات چھٹی کے دن والے نام پر زیادہ زور دیتے ہیں۔ جسطرح کا نام عامل لکھے گا اسی طرح کے اعداد استخراج ہونگے۔ اس قاعدہ کا فائدہ یہ ہے کہ ایسا سوال کنندہ جب بھی آئے گا۔ جواب ایک ہی طرح کا ملے گا۔ اور نقصان یہ ہے کہ اگر سوال کنندہ کا جواب اب بدل بھی گیا ہو تو مثال کے طور پر شادی کا تھا، صحت کا تھا یا پھر کام کا تھا تو جواب ایک جیسا آنے سے سوال کنندہ کہے گا کہ اب حالات ایسے کے ویسے ہو گئے ہیں۔ مگر آپ کا جواب جامد اب بھی اسی طرح کا کھڑا ہے لہٰذا آپ کا جواب غلط ہے۔ اس موقع پر عامل (ملاء بھوپا) اپنا سا منہ لے کر رہ جاتا ہے۔ چنانچہ اس ندامت اور شرمندگی سے بچنے کے لیے سوال کنندہ کا نام معہ والدہ کے ساتھ دن کے اعداد شامل کر کے جواب میں انقلاب پیدا کریں۔ اس قاعدہ کا فائدہ یہ ہے کہ پہلے والے جواب میں تبدیلی آ جائے گی۔ نقصان یہ ہے کہ اگر سائل سوال کنندہ

جائے گا کہ کل کا جواب درست تھا۔ یا آج کے سوال کا جواب درست ہے۔ اس کا تیسرا قاعدہ یہ ہے کہ ہفتے کے ساتھ دنوں کے جوابات ہر ہفتے میں ایک جیسے ہی رہیں گے۔ اس لیے جواب کو منقلب کرنے کے لیے قمری اسلامی ہجری تاریخ شامل کر کے جواب نکالتے ہیں۔

پیارے قارئین۔ سائلین/ سوال کنندگان کے سوالات ذرا اس انداز کے ہوتے ہیں۔ کہ

ا۔ کیا میری شادی فلاں لڑکی یا مرد سے ہو جائے گی۔؟ یہ سوال اس وقت کیا جاتا ہے کہ جب مابین فریقین کے والدین کے درمیان بات جاری ہوتی ہے۔ یا پھر کسی ایک پارٹی کو خبر نہیں ہوتی۔ صرف ایک پارٹی اپنی طرف سے پوچھ رہی ہوتی ہے کہ اگر بات کریں تو کامیابی ہو گیا یا نہ ہوگی۔ یا کیا ہوگا۔؟

۲۔ کسی کام کے بارے میں یا شادی کے مسئلہ پر بات جاری تھی۔ پھر بات رک گئی ہے۔ کیا معاملہ طے ہو جائے گا۔ یا بات ختم ہو جائے گ۔ آگے کیا ہونے والا ہے۔ حساب کیا کہتا ہے حساب لگا کر بتائیں۔

۳۔ کام ہوتے ہوئے رک جاتا ہے۔ پھر ہونے لگ جاتا ہے۔ شادی کے سوال میں بھی یہی انداز اختیار کیا جاتا ہے۔ گویا سوال کنندہ یہ پوچھنا چاہتا ہے کہ کام ہو گا یا ختم ہو جائے گا۔ سوال کنندہ کو ایک قسم کا تجسس ہوتا ہے۔ یہ تین سوالات ماہیت کے ہیں (منقلب، ثابت اور ذوجسدین) منقلب کا جواب یہ ہے کہ اگر بات نہ بن رہی ہو، کام نہ ہو رہا ہو یا شادی کی بات طے نہ ہو رہی ہو تو عدد ایک (منقلب) کہتا ہے کہ کام ہو جائے گا اور اگر کام ہو رہا ہو مگر متجسس سوال کنندہ کے قبل از وقت سوال کر دے کہ کام ہو جائے گا یا نہ ہوگا۔ تو اس کے لیے عدد ایک (منقلب) کہتا ہے کہ بساط الٹ ہو جائے گی کام منقلب ہو جائے گا۔ یعنی کام ہوتے ہوتے یا بنتے بنتے الٹ ہو جائے گا۔ کام ختم ہو جائے گا (متجسس اپنے مطلب کی بات سننا چاہتا ہے) ثابت کا جواب یہ ہے کہ جو بات ابھی تک ہو چکی ہے۔ وہ قائم اور ثابت رہیگی۔ اگر بات طے ہو گئی ہے۔ شادی ہو گئی ہے تو وہ قائم رہیگی۔ اور اگر کام نہیں ہوا۔ کسی کام کا انکار ہو چکا ہے۔ تو وہ بات پھر کبھی نہ ہوگی۔ اسے بالکل نہ ہونا سمجھا جائے۔ اسی بات کا زیادہ امکان ہوتا ہے۔ تیسری بات ذوجسدین کی ہے۔ اس میں کام ہو جانے کے بعد کسی بات پر، کسی حادثہ سے یا کسی اور وجہ و سبب سے کام ختم ہو جاتا ہے۔ کام کا ہونا یا کرنا اچھا نہیں سمجھا جاتا۔ یا کام کے ہونے یا شادی وغیرہ کے ہونے سے مطلق انکار ہو جائے۔ کوئی وجہ، سبب اور اسباب نظر بھی نہ آ رہے ہوں تو وہ کام ہو کر رہتا ہے۔ شادی ہو کر رہتی ہے۔ جاننا چاہیے کہ یہ سب کچھ فال اور شگون کے زمرے میں آتے ہیں۔ آپ کے علم میں آنا چاہیے کہ یہ جفری ٹوٹکے یا نجوم کے زائچے فال (شگون) کے تحت ہوتے ہیں۔ چنانچہ فال گو عامل، جفار یا منجم جو کچھ غلط یا درست بول دیتا ہے۔ وہ اس وقت پورا ہو جاتا ہے۔ جب سوال کنندہ کے دل میں عامل،

لوگوں کے پاس جانے سے منع کرتے ہیں۔ وہ ایسا درست کرتے ہیں۔ حضرت محمد ﷺ نے فرمایا کہ تم لوگ نیک شگون لیا کرو۔ زبان سے سوال کنندہ کے لیے اچھے سوال نکالا کرو۔ تا کہ بات اسی طرح پوری ہو۔ غلط سوال کنندہ کی غلط بات پر سختی اور خوف کی بات بتانا زیادہ اچھا ہے۔

جفری ٹوٹکہ اور جفری شگون/ فال کے لیے درج ذیل جدول سے کام لیں۔

۱	منقلب عدد اور حروف	ا، د، ز، ی، م، ع، ق، [illegible]، ذ، غ	دوشنبہ، پنجشنبہ، جمعہ
۲	ثابت عدد اور حروف	ب، ھ، ح، ک، ن، ف، ر، ث، ض	سہ شنبہ، چہار شنبہ
۳	ذوجسدین عدد اور حروف	ج، و، ط، ل، س، ص، ش، خ، ظ	شنبہ، یک شنبہ

پیارے قارئین کرام۔ سوال کنندہ دوسرا سوال یہ کرتا ہے کہ جناب اگر یہ کام ہو گیا تو کیا وہ میرے لیے مفید رہیگا؟ سود مند رہیگا؟ یا نیک رہے گا بد ہوگا؟ وغیرہ ان سوالوں کے قاعدہ اربعہ عنصری استعمال کیا جاتا ہے۔ اور اس قاعدہ سے بیماری اور مریض کے بارے میں جواب استخراج کیا جاتا ہے۔ کہ مریض کو کیا مرض ہے؟ طریقہ قاعدہ اسی طرح ہے۔ جسطرح قاعدہ ماہیت کا ہے۔ ان سوالات کے جوابات کے چار پر تقسیم کر کے جوابات حاصل کئے جاتے ہیں۔ جفری ٹوٹکہ اور جفری فال/ شگون کا یہ دوسرا جدول ہے، جو فضل محمود نقاش کا خفیہ طریقہ ہے۔

۱	آتشی عدد اور حروف	ا، ھ، ط،	شنبہ
۲	بادی عدد اور حروف	ب، و، ی، ن، ع، ص	سہ شنبہ، چہار شنبہ، جمعہ
۳	آبی عدد اور حروف	ج، ز، ل،	یکشنبہ، دوشنبہ
۴	خاکی عدد اور حروف	د، ح، ک، م، س، ف، ق، ر، ش، ت، ث، خ، ذ، ض، ظ، غ	پنجشنبہ

جناب عدد ایک آتشی کام اور شادی کے نیک ہونیکی علامت ہے۔ مگر صحت میں جنات و آسیب کی علامت ہے۔

عدد دو بادی ہے۔ یہ کام کے بد ہونے اور شادی (منکوحہ) کسی دوسرے مرد کے پیار میں محبوبہ بن جانے کی علامت ہے

عدد تین آبی ہے۔ کام مناسب ہونیکی علامت ہے۔ جبکہ شادی/ منکوحہ پیار کرنے والی کے ہونیکی علامت ہے۔

عدد چار خاکی ہے۔ کام بند ہو جائے اور نحوست کی علامت ہے۔ جبکہ شادی میں جلدی جدائی کی علامت ہے۔

پیارے قارئین کرام۔ ماہیت اور اربعہ عنصری اعداد کو ملا کر ایک بروجی طریقہ بن جاتا ہے۔ لیکن رہتا یہ جفری طریقہ ہے۔ آپ اس طریقہ اور قاعدہ میں دونوں طریقوں سے کام لے سکتے ہیں۔ آپ نام سائل سوال کنندہ اور اسکی والدہ کے نام کے اعداد ذیل کے جدول سے لیکر جمع کر دیں۔ پھر روز سوال کے عدد کو شامل کر کے ۱۲ پر تقسیم کر دیں۔ دنوں کے نام قدیم زمانہ میں فارسی میں لیے جاتے ہیں۔ جفار معضرات آج بھی فارسی نام جفر میں لیتے ہیں۔ لیکن اردو میں دنوں کے نام اور ہیں۔ آپ اردو میں دنوں کے نام لے سکتے ہیں۔ اگر آپ دنوں کے نام اردو میں لیں گے تو جوابات میں فرق پڑ جائے گا۔ اس لیے درست طریقہ یہی ہے کہ قدیم علماء جفر کے مطابق دنوں کے نام فارسی میں لیں۔ برج حوت کے حروف عدد صفر بھی ہے۔ آپ انہیں خارج بھی کر سکتے ہیں۔

یہ قاعدہ کسی کتاب میں موجود نہ ہے۔ اسے عام جاہل پیپروں عاملوں سے محفوظ رکھنے کے لیے اختراع کیا گیا تھا۔

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
حمل	ثور	جوزا	سرطان	اسد	سنبلہ	میزان	عقرب	قوس	جدی	دلو	حوت
ا	ب	ج	د	ھ	و	ز	ح	ط	ی	x	x
x	ن	x	م	x	ل	x	ک	x	ع	x	س
x	x	x	ق	x	ص	x	ف	x	x	x	ش
x	x	x	ت	x	x	x	ر	x	x	x	خ
x	x		ذ			x	ث				ظ
			غ				ض				
x	سہ شنبہ چہار شنبہ	یکشنبہ	پنجشنبہ	x	x	دوشنبہ	x	شنبہ	جمعہ	x	x

۱۔ برج حمل آپ کے ہر کام کے ہونے کی دلیل ہے۔ اور نیک کام ہونے کی خبر دیتا ہے۔ شیاطین سے بچنا ضروری ہے۔

۲۔ برج ثور آپ کے کام میں رکاوٹ یا دیر نظر آتی ہے۔ آپ کو یا آپ کے کام میں نظر بد کا خطرہ ہے۔

۳۔ برج جوزا آپ کو کام نہ کرنے کا مشورہ دیتا ہے۔ رکاوٹ موجود ہے۔ آپ کے بیمار ہو جانے کا خطرہ بھی موجود ہے۔

۴۔ برج سرطان آپ کا کام تو درست ہے۔ کام ہو بھی جائے گا۔ مگر کام کے ختم ہونے کا اور جادو ہونے کا خطرہ زیادہ ہے۔

۶۔ برج سنبلہ یہ کام نہ کریں تو اچھا ہے۔ نظر بد سے کام تباہ ہو جائے گا۔ شادی بھی نہ کریں تو اچھی بات ہے شاید گھر چھوڑ جائے۔

۷۔ برج میزان کام کے ہونیکی دلیل ہے۔ البتہ بیماری پیدا ہو سکتی ہے۔ شادی پیار و محبت والی ہو سکتی ہے۔

۸۔ برج عقرب کام ہونے والا رک جانے اور جاری رہنے کی دونوں خبریں حالات کے مطابق دیتا ہے۔ شادی جادو سے جدائی ہو جائے۔

۹۔ برج قوس میں برج جوزا کی مماثلت ہے۔ کام ہو بھی سکتا ہے اور نہیں بھی البتہ کام نیک ہے۔ شادی بھی اچھی اور نیک ہے۔

۱۰۔ برج جدی کام کے ہو جانے کی علامت تو ہے۔ مگر لوگوں کا حسد اور نظر بد سے محفوظ نہیں رہ سکیں گے احتیاط کریں۔

۱۱۔ برج دلو کام میں مشکلات اور دیری یا رکاوٹ کی خبر دیتا ہے۔ یا وقفہ وقفہ سے کام ہونیکی علامت بھی ہے۔ شادی درست ہے۔ بیماری بھی ہے۔ ان سب باتوں کے باوجود پیار و محبت اور جذبہ میں کمی نہ آئے گی۔ اگر کام نہ ہو سکے تو یا دل سے نہ جائے گی۔

۱۲۔ برج حوت مکمل تباہی و بربادی کی علامت ہے۔ جو چیز بظاہر اچھی لگے گی مگر بعد میں بری ثابت ہو سکتی ہے اور اس میں یہ بات بھی موجود ہے کہ بظاہر کام، شادی اور عورت خراب نظر آ رہی ہو مگر بعد میں سب اچھا ہو جائے۔

پیارے قارئین کرام۔ یہ سب جفری ٹوٹکے ہیں۔ ان پر مکمل انحصار نہیں کیا جا سکتا۔ ان میں غلطی کا امکان ہے۔ جواب مختصر ہوتا ہے۔ جامع ہونے سے وضاحت طلب ہوتا ہے۔ چونکہ مفصل نہیں ہے۔ اس طرح سائل / سوال کندہ مزید سوال کرتا ہے یا ماہر جفار / عامل / پیر یعنی ملاء بھوپا سے وضاحت طلب کرتا ہے۔ اگر پیر صاحب موقع شناس، مردم شناس اور چرب زبان ہیں تو اپنے مرید اور سائل کو راضی اور مطمئن کر لیتے ہیں۔ اگر جواب نہ بن سکے تو کہہ دیتا ہے کہ دعاء کرتے ہیں اللہ تعالیٰ سب کام اچھا کرے گا۔ آپ کی مراد بر آئے گی۔ اگر پیر کی آواز میں اعتماد ہوتا ہے تو مرید خوش ہو جاتا ہے۔ کہ مرشد کریم نے جو فرما دیا ایسا ہی ہوگا۔ اگر آواز بے اعتماد اور ڈھیلی ہوتی ہے یا یوں کہہ دیا کہ جیسے اللہ تعالیٰ چاہے گا ویسا ہی ہوگا تو مرید خود بھی اداس ہو جاتا ہے اور پیر سے بھی مایوس ہو جاتا ہے۔ بلکہ وہ اللہ تعالیٰ سے بھی مایوسی کا اظہار کر دیتا ہے۔ جبکہ میرا تجربہ یہ ہے کہ سائلین / سوال کندگان حساب کتاب صرف عامل جفار کا امتحان لینے کے لیے کرتے تھے کہ مرشد کریم نے جو فرما دیا ایسا ہی ہوگا۔ اگر آواز بے اعتماد اور ڈھیلی ہوتی ہے یا یوں کہہ دیا کہ جیسے اللہ تعالیٰ چاہے گا ویسا ہی ہوگا تو مرید خود بھی اداس ہو جاتا ہے۔ اگر جواب عقل کو لگ جائے یا کام کے ہونیکی بشارت مل جائے تو فوراً اس کا حل اور تعویذ کا مطالبہ کر دیتے

نادر عملیات

تحریر: فقیر محمد افضل چشتی، ڈی جی خان۔

نقش برائے حاجت:۔

یہ نقش ہر حاجت کے لیے ہے۔ نئے چاند کی پہلی جمعرات سفید کاغذ پر مشک وزعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھیں۔ گلے یا بازو میں ڈالیں۔ انشاء اللہ اپنے مقصد میں کامیاب ہونگے۔ دلی خواہش پوری ہوگی۔

نقش

بسم اللہ الرحمن الرحیم			
۹	۲۲	۱۹	۱۶
۲۰	۱۵	۱۰	۲۱
۱۴	۱۷	۲۴	۱۱
۲۳	۱۲	۱۳	۱۸

نقش برائے رزق:۔

یہ نقش رزق کی ہر حاجت کے لیے ہے۔ ستارہ گردش میں ہو، سفر کی رکاوٹ ہو، نکاح کی رکاوٹ ہو، رزق کی تنگی ہو اور امتحان میں کامیابی کے لیے۔ یہ نقش نئے چاند کی پہلی جمعرات یا جمعہ کے دن عصر کے وقت مشک و زعفران سے لکھ کر یا چاندی پر کندہ کرا کر پہننے سے ہر حاجت پوری ہوگی، رزق وسیع ہوگا۔

نقش

بسم اللہ الرحمن الرحیم			
ر	ح	م	ن
۴۱	۴۹	۲۰۱	۷
۴۸	۳۸	۱۰	۲۰۲
۹	۲۰۳	۴۷	۳۹

نقش برائے رونا بند:۔

اگر کوئی بچہ روتا ہو، رو رو کر برا حال ہو، بہت تنگ کرتا ہو یا کسی بد نظری کا شکار رہو تو یہ تعویز بچے کے گلے میں ڈالے۔ رونا بند ہو جائے گا۔ انشاء اللہ اپنے مقصد میں کامیاب ہوں گے، حاجت پوری ہوگی۔

نقش

بسم اللہ الرحمن الرحیم			
ر	ح	ی	م
۱۱	۳۹	۲۰۱	۷
۳۸	۸	۱۰	۲۰۲
۹	۲۰۳	۳۷	۹

نقش برائے حب:۔

یہ نقش حب کے لیے ہے محبوب کو تابع و فرمانبردار کرنے کے لیے یہ نقش نئے چاند کی پہلی جمعرات کو لکھ کر اپنے سیدھے بازو پر باندھیں۔ محبوب تابع و فرمانبردار ہوگا۔ آپ کا کہنا مانے گا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم		
۳۷	۱۳	م
۳۳	ل	۲۷
ک	۴۷	۲۳
الحب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بنت فلاں		

نقش برائے ذہن تیزی:۔

اگر کسی بچے کا ذہن پڑھائی میں کمزور ہو یا اگر کسی آدمی کو بھولنے کی بیماری ہو تو یہ نقش مشک زعفران سے چینی کی پلیٹ پر لکھ کر 7 دن پئیں۔ انشاء اللہ ذہن بھی تیز ہو جائے گا۔ تمام دلی خواہش پوری ہوں گی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم			
ق	د	و	س
۷	۵۹	۱۰۱	۳
۶۲	۸	۲	۹۸
۱	۹۹	۶۱	۹

برج اسد

تحریر: سید عرفان، اسلام آباد۔

مختصر منسوبات

جنسی خواص	عنصری خواص	جسدی خواص
مذکر	آتشی	ثابت
حاکم کوکب	مخصوص دن	مخصوص حروف
شمس	اتوار، منگل، بدھ	م
جسم کا حصہ	مخصوص رنگ	مخصوص پتھر
پشت، قلب	سنہرا، سبز، سرخ	حجر الشمس، یاقوت، مرجان

موزوں کھانے:۔

مالٹا، مٹر، املی، لیموں

موزوں کھیل / شوق:۔

دعوتیں، پینٹنگ، کھیل تماشے، تھیٹر، سیر و تفریح۔

موزوں جڑی بوٹیاں اور پودے:۔

بادام، صنوبر، لیموں، گیندا، امر بیل، زعفران۔

پیشہ:۔

حکومتی ملازمت، انتظامی عہدے، اداروں کی سربراہی، سیاست، لیڈرشپ، فلم ڈرامہ کرنے والے، سیاحت، صنعت و تجارت، تعلقات عامہ، تفریحی ادارے، دوا سازی، کیمیا، ڈاکٹری، تصنیف، تکلیف، تعلیم و تربیت، نفسیات، صحافت، زیورات، سامان آرائش، شکار۔

عام خصوصیات

اسد افراد بڑی کھلی شخصیت کے حامل ہوتے ہیں سخی ہوتے ہیں۔ جس طرح سورج آگ اور گرمی سے بھرا ہوا ہوتا ہے لیکن وہ سب کے لیے زندگی کا باعث بنتا ہے۔ اس طرح اسد افراد دوسروں کے لیے فائدہ مند ثابت ہوتے ہیں۔ یہ لوگ محنتی ہوتے ہیں۔ اچھے منتظم ہوتے ہیں۔ جب تک وہ خود سربراہ ہوتے ہیں۔ یہ دوسروں کی سربراہی میں کام کرنے میں مشکل محسوس کرتے ہیں ان کی خواہش ہوتی ہے کہ ان کے ہر کام کو سراہا جائے۔

موزوں حالات / منسوبات:۔

بادشاہ، حکمران، افسران، جنگلی اور خونخوار جانور اور ان کے رہنے کی جگہ، محل، جنگل سونا اور سونے کی اشیاء اور اُن کو بنانے والے، تھیٹر آرٹسٹ، تھیٹر سے متعلق لوگ، سٹے باز، غیر شادی شدہ افراد۔

موزوں اشیاء:۔

سجاوٹ والا شیشہ، خوبصورت ملبوسات، سونا، زیورات، انعام، پرفیوم۔

صحت:۔

اپنے جوش اور جذبے کی وجہ سے اسد افراد بہت آگے نکل جاتے ہیں اور اپنے آرام کا کوئی خیال نہیں رکھتے۔ جس کی وجہ سے ان کو صحت کے مسائل کا سامنا ہو سکتا ہے۔

محبت کے معاملات:۔

محبت کے معاملات میں یہ افراد دل کھول کر خرچ کرتے ہیں۔

خیال رکھنے والے اور رومانٹک ہوتے ہیں اسد افراد اپنے پیاروں کا دل نہیں توڑتے۔

مثبت خصوصیات

اسد افراد بہت جاذب نظر شخصیت کے مالک ہوتے ہیں، سخی ہوتے ہیں، بہت زیادہ دلکش شخصیت کے مالک ہوتے ہیں اور اپنی فراخ دلانہ عادات کی وجہ سے دوسرے لوگوں کو اپنے قریب آنے پر مجبور کردیتے ہیں۔ یہ ضرورت سے زیادہ پرجوش نہیں ہوتے۔ وفادار ہوتے ہیں، پُر اعتماد ہوتے ہیں جب تک وہ خود فیصلے کرتے ہیں۔ وہ اچھے منتظم ہوتے ہیں۔

اچھے ساتھی ہوتے ہیں۔ تخلیقی، ہوتے ہیں، پُرجوش ہوتے ہیں۔ کھلے دل و دماغ کے مالک ہوتے ہیں۔

اسد افراد وفادار، ایماندار اور سچے پیار کرنے والے ہوتے ہیں اور اپنے پیاروں کو خوش کرنے کے لیے ہر حد تک جاتے ہیں۔

اسد افراد دوسروں سے زیادہ جوشیلے ہوتے ہیں اور انتھک محنت کرتے ہیں۔

منفی خصوصیات

اگر ان کو نظر انداز کیا جائے تو یہ جلد ناراض ہوجاتے ہیں اور اگر ان کو سربراہ نہ مانا جائے (خاص طور پر اس فرد کی جانب سے جس کو یہ اپنے سے کم تر محسوس کرتے ہیں) تو بھی ان کا یہی رویہ ہوتا ہے۔ یہ صرف اپنے خیالات کو صحیح سمجھتے ہیں اور اس کو ثابت کرنے کے لیے وہ ضرورت سے زیادہ بحث کرتے ہیں۔ تکبر کرتے ہیں۔ اپنے آپ پر فخر کرتے ہیں۔ شان و شوکت کا اظہار کرتے ہیں اور کمزور لوگوں کو دباتے ہیں۔ اگر ان کے جذبات کو ٹھیس پہنچے تو تنگ مزاج ہوجاتے ہیں۔ اسد افراد بے مقصد گفتگو کرتے ہیں۔ مغرور، جھوٹی شان و شوکت کا اظہار کرتے ہیں، دوسروں کو ڈراتے ہیں، ضدی ہوتے ہیں، ان کے پجاری ہوتے ہیں۔

اسد افراد اپنے قریبی لوگوں کو بے بس کردیتے ہیں اور ان کی بے توجہی برداشت نہیں کرتے ان کا دل فوراً ٹوٹ جاتا ہے کیونکہ اس معاملے میں وہ بہت حساس ہوتے ہیں۔

بیماریاں

یہ افراد اپنے آپ کو نظر انداز کردیتے ہیں جبکہ ان کو آرام کی بھی ضرورت ہوتی ہے۔ ان افراد میں کمر اور دل کے امراض کافی پائے جاتے ہیں۔ کام کی زیادتی اور محنت کے باعث پریشانی اور ذہنی بے سکونی کا بھی شکار رہتے ہیں۔

قسط نمبر:5

بیماریاں اور ان کا علاج

تحریر: ریحان اکرم

مسوڑھوں میں پیپ پڑنا

(پائیوریا Pyorrhoea)

1. گندم پائیوریا کے لیے مفید ہے۔ اس کی چپاتی سبزی وغیرہ کے ساتھ خوب اچھی طرح چبا کر کھائیں۔ اس سے نہ صرف دانتوں اور مسوڑھوں کو مطلوبہ ورزش میسر آتی ہے، بلکہ اس سے ہاضمے کو بھی مدد ملتی ہے۔

2. سخت امرود کھانا دانتوں اور مسوڑھوں کے لیے بہترین ٹانک ہے۔ اس سے مسوڑھوں میں سے خون رسنا بند ہوجاتا ہے۔ امرود کے نئے اور نرم پتے چبانے سے بھی مسوڑھوں اور دانتوں کو یہی فائدہ پہنچتا ہے۔

3. پالک کا جوس پینا بھی مفید ہے اگر اس میں گاجر کا جوس شامل کرلیا جائے تو فائدہ مزید بڑھ جاتا ہے۔ قدرتی تازہ کچی غذا اچھی طرح دھو کر کھانا اور گاجر اور پالک کا جوس دانتوں اور مسوڑھوں کی بیماریوں کا علاج اور حفاظت ہے۔

4. صبح اور سونے سے پہلے برش کریں ٹوتھ برش پر ذرا سا لیموں کا جوس بھی ڈال لیا کریں۔ برش کرنے کے بعد نیم گرم پانی سے کلی کیجیے۔ ہڑ کا سفوف بہترین منجن اور علاج ہے۔

5. ہر وضو کے ساتھ لیموں کے چند قطرے مسواک پر ڈال کر آہستہ آہستہ ملیے مسواک سے زبان بھی صاف کریں اور تالو بھی تاکہ جمی ہوئی کھانے کی تہہ صاف ہوجائے اور سڑنے نہ پائے اور منہ سے بدبو نہ آئے۔ یہ منہ اور حلق کی بیماریوں کا بہترین علاج بھی ہے۔

6. پسی ہوئی کالی مرچ میں سفوف ہڑ اور نمک (ہم وزن) ملا کر مسوڑھوں پر صبح وشام ملیے۔ سوجن اور پیپ کا بہترین علاج ہے۔

بالوں میں سفیدی (اور جوؤں) کا علاج

1. مچھلی کے ساتھ گاجر، موسمی یا سبزی یا کوئی پھل کھائیں۔ مچھلی بالوں کی صحت، تازہ خون اور آنکھوں کی بیماریوں کے لیے خاص طور پر مفید ہے۔

2. آملے کو کاٹ کر چھوٹے ٹکڑے کرلیں اور سائے میں خشک کرلیں پھر انہیں کھوپرے کے تیل میں ابالتے رہیے۔ حتیٰ کہ کالا سا مادہ نیچے رہ جائے۔ اس کو بالوں پر لگانے سے سفیدی کا عمل رک جاتا ہے اور بال خوبصورت ہوجاتے ہیں۔

3. توری (تورائی) کھوپرے کے تیل میں ابال کر لگانے سے بھی بالوں میں سفیدی کا عمل جلد شروع ہونے سے رک جاتا ہے۔ توری کے چھوٹے ٹکڑے کاٹ کر سائے میں خشک کریں۔ پھر انہیں کھوپرے کے تیل میں تین دن تک ڈالے رہنے دیں۔ اس تیل کو چولہے پر چڑھا کر اتنی دیر جوش دیں کہ یہ ٹکڑے کالے پڑ جائیں۔ اب سر میں اس تیل کی خوب مالش کریں اس طرح کہ زیادہ سے زیادہ تیل جذب ہوجائے۔

4. روزانہ رات کو خالص زیتون کا تیل بالوں پر لگا کر اچھی طرح مالش

کریں یہاں تک کہ تیل جذب ہو جائے۔ انشاء اللہ بال زیادہ عرصہ تک کالے رہیں گے۔ تین ماہ کے روزانہ لگاتار استعمال سے سفید بال کالے ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔ باذن اللہ تعالیٰ۔

5. پیاز کا عرق سر میں تیل کی طرح لگانے سے جوئیں مرجاتی ہیں اور بیماری سے گرنے والے بال دوبارہ نکل آتے ہیں۔

سوزش معدہ کا علاج

(Gastritis)

1. کھانا چبا چبا کر کھایئے۔
2. ہرے ناریل کا پانی سوزش معدہ کے لیے مفید ہے۔
3. ابلے ہوئے چاولوں کا پانی اور چاولوں کی کھچڑی مفید ہے۔
4. دہی، دودھ کا زیادہ استعمال کریں اور کم از کم بارہ گلاس پانی روز پئیں۔ ہر گھنٹہ بعد ایک گلاس۔
5. شہد، کیلا، سبزیاں روزانہ کھائیں مگر کم مقدار میں۔

سکری (خشکی) کا علاج

(Dandruff)

سر میں خشکی پیدا ہونا اور پپڑیاں اترنا سکری کہلاتا ہے۔ سر میں کھجلی یا خارش رہتی ہے اور کھجانے کی وجہ سے جلد سرخ ہو جاتی ہے۔

1. سر کی جلد کو صاف رکھیں تاکہ جلد پر مردہ خلیات (Dead Cells) ختم ہو جائیں۔ بالوں میں حسب ضرورت برش کریں تاکہ خون کی گردش بڑھے۔
2. زیتون کے تیل سے سر کی ہر روز اچھی طرح کم از کم سات منٹ مالش کریں۔ مالش بالوں کی جڑوں کو ملتے اور مسلتے ہوئے کریں۔ کم از کم سات دن تک لگاتار۔
3. دو چمچے میتھی کے بیج رات بھر پانی میں بھگو دیجیے۔ صبح اسے رگڑ کر اس کا پیسٹ بنا کر سر پہ لیپ کر کے آدھا گھنٹہ تک اسے لگا رہنے دیجیے۔ پھر نیم گرم پانی سے سر دھو لیجیے۔ سر دھونے کے بعد، آخر میں ایک چمچہ تازہ لیموں کا رس بالوں پر لگانا بھی مفید ہے۔ اس سے نہ صرف بال چمکیلے ہو جاتے ہیں۔ بلکہ ان میں چپ چپا پن (Stickiness) اور سکری بالکل ختم ہو جاتی ہے۔
4. ہفتے میں دو بار دہی میں بیسن ملا کر سر پر لگانا مفید ہے۔
5. آملہ کے تیل میں چند قطرے لیموں کا رس ملا کر سر میں مالش کریں۔ سکری کے مریض پانی والے فروٹ زیادہ سے زیادہ استعمال کریں۔ مثلاً سیب، انگور، موسمی، ناشپاتی، تربوز۔
6. روزانہ نیم کے پتوں کو پانی میں پیس کر سر دھوئیں۔

کالی مرچ سے علاج

کالی مرچ ہاضم اور اعصابی ٹونک ہے۔ بلغم خارج کرتی ہے امراض جلد میں مفید ہے، بھوک بڑھاتی ہے، بدہضمی دور کرتی ہے، کھانسی، زکام اور بخار کے علاج میں بہت نافع ہے۔ کالی مرچ کے چھ دانے اچھی طرح پیس کر ایک گلاس گرم پانی میں رات کو پینا مفید ہے۔ شدید زکام میں کالی مرچ کا سفوف دودھ میں ابال کر چٹکی بھر سفوف ہلدی ڈال کر تین روز تک روزانہ پئیں۔ چٹکی بھر کالی مرچ کا سفوف شہد کے ساتھ روزانہ دو بار چاٹنا کمزور یاد داشت کے لیے مفید ہے۔ کالی مرچ سات دانے اور سات بادام روزانہ ایک گلاس دودھ کے ساتھ لینا زبردست اعصابی ٹونک ہے۔ جنسی کمزوری رکھنے والے مردوں کے لیے محرک باہ ہے۔ جوڑوں کے درد اور اعصابی درد سے نجات کے لیے بیرونی سطح پر اس کے تیل کی مالش مفید ہے۔ روزانہ کالی مرچ کا سفوف نمک ملا کر منجن کے طور پر استعمال کرنا دانتوں اور مسوڑھوں کے امراض مثلاً پیپ پڑ جانا، درد، حساس پن سے محفوظ رکھتا ہے۔ چٹکی بھر کالی مرچ کا سفوف لونگ کے تیل کے ساتھ دانت کے خلا میں رکھنا، دانت کے درد سے نجات دیتا ہے۔ دانتوں کے درد میں اس کا جوشاندہ بنا کر غرارے کرنا مفید ہے۔ اس کا سفوف ایک چٹکی پانی کے ساتھ کھلانے سے پسینہ آ کر بخار اتر جاتا ہے۔ پرانے پیچش میں اس کو دہی کے ساتھ کھانا مفید ہے۔

آپ کی ضروریات کا حل

بذریعہ قرآن وحدیث

حسب ضرورت یہ دعائیں بار بار مانگیں۔

دنیا اور آخرت کے غموں سے نجات کے لیے

حضور اکرمؐ نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص صبح وشام سات سات بار یہ (قرآنی) دعا پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اس کو دنیا اور آخرت کے غموں سے بچالیں

جواہر اللماعۃ

ایک اور عربی کتاب جو بعد از ترجمہ آپ کے لیے پیش ہے۔اس کتاب کے مصنف شیخ علی ابوۃ اللہ المرزوقی ہیں۔حروف کے علوی وسفلی ارواح وغیرہ سے لے کر انسانی زندگی کے ہر پہلو پر اس قدیم کتاب میں عملیات کا ایک خزانہ ظاہر ہونے کے لیے پوشیدہ ہے۔نقوش الواح، طلسمات، موکلات، حسابی، عددی، روحانی قواعد، محبت، خیر وشر، تسخیر، غیبی مدد، دعوت خدام وعون، قضاء حاجات، باہ، اشیاء کے خواص، طالب ومطلوب، تکمیل خواہشات وحاجات اور قسم قسم کے اعمال اس کتاب کی اہمیت کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔مستند عملیات اور روحانی علوم کے متلاشی عوام وخواص کے لیے خاص کتاب ہے۔اس قدیم خزانہ سے مستفید ہونا آپ کے علم میں اضافہ کا باعث ہوگا۔کچھ سال پہلے راہنمائے عملیات میں اس کا قسط وار ترجمہ شائع ہوتا رہا ہے۔اب مکمل کتاب بعد از ترجمہ قارئین کے لیے حاضر ہے۔

گے۔(ابوداؤد وفتح الباری)

حسبی اللہ لا الہ الا ھو علیہ توکلت وھو رب العرش العظیم(9:129)

ترجمہ:۔ مجھ کو اللہ کافی ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔میں اسی پر بھروسہ رکھتا ہوں اور وہی عرش عظیم کا مالک ہے۔

ہر خطرناک بیماری سے شفا کے لیے

خطرناک بیماری مثلاً کوڑھ وغیرہ میں حضرت ایوبؑ کی دعا جو اللہ تعالیٰ نے قبول فرمائی آپ ہر بیماری میں اسے روزانہ پڑھیں۔

انی مسنی الضر وانت ارحم الرحمین

ترجمہ:۔ اے میرے رب! مجھے بہت تکلیف ہے۔آپ سب سے زیادہ رحم فرمانے والے ہیں.. (چنانچہ مجھے اس بیماری سے شفا عطا فرما)۔ (21:83)

ہر بیماری اور تنگدستی کے لیے

توکلت علی الحی الذی لا یموت الحمد للہ الذی لم یتخذ ولدا (ابویعلی وابن سنی)

نوٹ:۔ پابندی سے روزانہ پڑھیے۔

جادو اور شیطانی وسوسوں سے بچاؤ کے لیے

روزانہ بلا ناغہ مندرجہ ذیل دو سورتوں (معوذتین) کی تلاوت کرنے سے ہر قسم کی آفت اور جادو سے محفوظ رہے گا اور جادو کیے ہوئے انسان پر دم کرنے سے جادو انشاء اللہ زائل ہو جائے گا۔یہ وسوسوں کا بھی بہترین علاج ہے۔بار بار روزانہ خاص طور پر ہر نماز کے بعد اور سوتے وقت بھی پڑھیے۔

اعوذ باللہ من الشیطن الرجیمo

بسم اللہ الرحمن الرحیمo

قل اعوذ برب الفلقo من شر ما خلقo ومن شر غاسق اذا وقبo ومن شر النفثت فی العقدo ومن شر حاسد اذا حسدo (113:1-5))

ترجمہ:۔ کہو کہ میں صبح کے رب کی پناہ چاہتا ہوں ہر اس چیز کے شر سے جسے اس نے پیدا کیا اور اندھیری رات کے شر سے جبکہ وہ چھا جائے اور گرہوں میں پھونک مارنے والیوں کے شر سے اور تمام حسد کرنے والوں کے شر سے جبکہ وہ حسد کریں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قل اعوذ برب الناسo ملک الناسo الہ الناس o من شر الوسواس الخناسo الذی یوسوس فی صدور الناسo من الجنۃ والناس o

ترجمہ:۔ کہو کہ میں لوگوں کے رب کی پناہ مانگتا ہوں (جو کہ) لوگوں کا بادشاہ (بھی) ہے (اور) لوگوں کا معبود حقیقی (بھی) ہے ہر اس چیز کے شر سے جو دلوں میں وسوسے ڈال کر چھپ جاتی ہے۔وہ جنات میں سے ہو یا انسانوں میں سے۔

نوٹ:۔ جادو سے حفاظت اور مکمل علاج کے لیے پڑھیے حصہ چہارم۔

معافی اور طلب رحم کے لیے

آپؐ کو طلب رحم کے لیے یہ دعا بتائی گئی۔آپ بھی مانگیے۔

رب اغفر وارحم وانت خیر الرحمین

اے میرے رب! (رحیم) مجھے معاف کردے اور مجھ پر رحم فرما اور تو ہی درحقیقت رحم فرمانے والا ہے۔(23:118)


زحل درجدی اور یورانس در ثور کے اثرات

تحریر: فضل محمود نقاش، ترنڈہ محمد پناہ

(اس تحریر سے ادارہ راھنمائے عملیات اور تمام قارئین کرام کا متفق ہونا ضروری نہ ہے۔اس تھری کو ماضی کی مثال ہر مستقبل ہر قیاص نجیمی کیا گیا ہے۔)


پیارے قارئین کرام ۔ زحل 14 فروری 1988ء بروز اتوار بوقت 5 بجے صبح پاکستانی معیاری وقت کے مطابق برج جدی میں داخل ہوا تھا۔ اب 29 سال 10 ماہ 65 دن 4 گھنٹے 49 منٹ بعد زحل 20 دسمبر 2017ء بروز بدھ بوقت 9 بجکر 49 منٹ پر دوبارہ اپنے ذاتی برج میں ہو چکا ہے۔ اُس وقت طالع وقتی برج دلو کا 12 درجہ افق مشرقی لاہور میں طلوع ہورہا تھا۔ افق مشرقی پشاور میں دلو کا 8 درجہ، افق مشرقی کراچی پر 4 درجہ اور افق مشرقی کوئٹہ پر 5 درجہ طلوع ہورہا تھا۔ بہاولپور، ملتان، رحیم یار خان اور ترنڈہ محمد پناہ کے درمیانی علاقہ پر برج دلو کا افق مشرقی کا 7 درجہ 26 دقیقہ تا 8 درجہ 42 دقیقہ کے درمیان اختلاف کے ساتھ طلوع ہوا تھا۔ یعنی 1 درجہ 16 دقیقہ کا اختلاف پایا جاتا ہے۔ پاکستان کے ہر شہر میں افق مشرقی پر برج دلو کے مختلف درجات طلوع ہوں گے۔ حتیٰ کہ مغربی سرحد پر برج جدی کے آخری درجات ہو سکتے ہیں۔ جہاں برج دلو کا صفر درجہ اور صفر دقیقہ طلوع ہورہا تھا۔ زحل کے زائچہ کو اسی طرح لے کر باقی حکام ت نجیمی لگائے جائیں۔ فضل محمود نقاش کا طالع شمسی دلو ہے اور قمری جدی ہے۔ چنانچہ یہ زائچے انفرادی طور پر بھی زیر بحث آسکتے ہیں۔ جب کہ فی الحال ان زائچوں کو اجتماعی آبادی اور اجتماعی امور کے لیے زیر بحث لائے جارہے ہیں۔

پیارے قارئین کرام ! یورانس 6 جون 1934ء بروز بدھ بوقت 20 بجکر 45 منٹ پر برج ثور میں داخل ہوا تھا۔ اب 83 سال 11 ماہ 8 دن 23 گھنٹے 39 منٹ بعد یورانس دوبارہ برج ثور میں داخل ہوا ہے۔ جس کی تاریخ داخلہ 15 مئی 2018ء بروز منگل بوقت 20 بجکر 24 منٹ ہے۔ زحل کو ایک برج میں تقریباً 2.1/2 سال لگتے ہیں۔ جب کہ یورانس کو تقریباً 7 سال لگتے ہیں۔ یورانس کا ایک دور 84 سال تقریباً کا ہے اور زحل کا دور 30 سال تقریباً کا ہے۔ چنانچہ زحل کے 3 دور یورانس کے ایک دور کے تقریباً برابر سمجھا جاتا ہے۔ زحل 22 مارچ 2020ء بروز اتوار بوقت 8 بجکر 58 منٹ پر برج دلو میں دوبارہ داخل ہوگا۔ جب کہ یورانس 7 جولائی 2025ء بروز پیر وقت 12 بجکر 58 منٹ پر برج جوزا میں داخل ہوگا۔



پیارے قارئین کرام! زحل برج قوس سے برج جدی میں 30 نومبر 1929ء بروز ہفتہ بوقت 9 بجکر 26 منٹ پر داخل ہوا تھا۔ یہ وہ زمانہ تھا جب برطانوی ہند کے برطانوی وزیر امور ہند مسٹر برکن ہیڈ ہندوسانیوں کو کہا تھا کہ تم ہندوستانی اس قابل نہ تھے کہ انہیں جمہوری اقتدار سے آشنا کرایا جائے اور پھر ایک مرتبہ مسٹر برکن ہیڈ نے پارلیمنٹ میں ہندوستانی اقوام کی اہانت کرتے ہوئے کہا کہ ہندوستان کے لوگ اس حد تک ایک دوسرے سے بیزار نہیں اور ان میں اس قدر اختلاف پایا جاتا ہے کہ وہ ایک ایسا دستوری اساس بھی تیار نہیں کر سکتے۔ جس پر وہ متفقہ طور پر راضی ہو جائیں۔ اس طنز کا جواب دینے کے لیے انڈین نیشنل کانگریس

نے 12 فروری 1928ء بروز اتواری کو A.P.C (آل پارٹیز کانفرنس) بمقام دہلی بلائی۔ جس میں ہندو اور مسلمان شریک ہوئے تھے۔ جب 19 مئی 1928ء بروز ہفتہ کو اجلاس ہوا تو ہندوؤں نے مسلمانوں سے نفرت کا اظہار کیا۔ اس طرح مسٹر برکن ہیڈ کی بات درست معلوم ہوتی ہے۔ کیونکہ مسلمان اور ہندو دونوں ہندوستانی تھے۔ جب متحدہ ہندوستان تھا۔ ہندو کی بدذہنیت اور خبث و بغض کی وجہ سے ہندو نے ظاہر کیا کہ ہندوستان صرف ہندوؤں کا ہے۔ مسلمان غیر ملکی و دیشی ہیں۔ بدمذہب ہیں اور ہندوستان میں اقلیت ہے۔ جس میں نہرو رپورٹ 1928ء وجود میں آئی۔ نہرو رپورٹ مسلمانوں کے خلاف تھی۔ اس رپورٹ میں پورے ہندوستان میں ہندو اکثریت کی بنا پر مبنی ایک ایسی حکومت قائم کرنے کی تجویز تھی یا خواب تھا۔ جس میں ہندو حاکم اور مسلمان محکوم بن جاتے تھے۔ جس پر 1929ء میں حضرت محمد علی جناح صاحب کے 14 نکات سامنے آئے۔ مسلمانوں کا اجلاس 31 دسمبر 1928ء میں بروز پیر کو ہوا۔ جس میں سر شفیع اور سر فضل حسین کی مسلم لیگ تو شامل تھی۔ مگر قائداعظم محمد علی جناح کی مسلم لیگ شامل نہ تھی۔ آل انڈیا مسلم لیگ 30 دسمبر 1906 بروز اتوار کو وجود میں آئی تھی۔ مسلم لیگ کا برج شمسی جدی 9 درجہ ہے۔ جب اس مسلم لیگ پر ساڑھ ستی یا ڈھایا جس نحوست زحلی آئی تو آل انڈیا مسلم لیگ تقسیم ہوگئی۔ ایک حصہ سر شفیع کا ہوگیا اور دوسرا حصہ علام محمد اقبال اور قائداعظم محمد علی جناح کا ہوگیا۔ قائداعظم محمد علی جناح کا طالع شمسی برج جدی 4 درجہ سمجھا جاتا ہے۔ جناح مسلم لیگ کو ہندوستان میں خاص اہمیت حاصل ہوگئی تھی۔ چنانچہ مارچ 1929ء میں دوبارہ کانفرنس کا انعقاد ہوا۔ جس میں نہرو رپورٹ کی رد میں قائداعظم محمد علی جناح نے 14 نکات پیش کیئے۔ جن کو تمام ہندوستانی مسلمانوں نے منظور کر کے سراہا۔ اس میں بنگال، پنجاب، پختونخواہ (سرحد)، بلوچستان اور سندھ کی حد بندی کا تحفظ تھا۔ اور مسلمانوں کا بھی تحفظ تھا۔ سندھ کو بمبئی ریزیڈنس سے الگ کردینے مطالبہ تھا۔ بلوچستان اور موجودہ پختونخواہ میں ہندوستان کے دوسرے صوبوں کے عین مطابق آئینی اصلاحات کے نفاذ کا مطالبہ تھا۔ یہ چودہ نکات قائداعظم محمد علی جناح صاحب کی سیاسی بصیرت اور صوابدید تھی۔ گویا قائداعظم محمد علی جناح صاحب کے 14 نکات موجودہ پاکستان کے وجود کا باعث بنے تھے۔ قائداعظم محمد علی جناح نے 14 نکات پیش کر کے بتادیا کہ ہندو مسلمانوں سے نفرت کرتے ہیں اور تعصب رکھتے ہیں اور یہ ہر وقت شرارت پر آمادہ رہتے ہیں۔ گویا قائداعظم محمد علی جناح نے ہندوستان میں دو قومی نظریہ بیان



علیہ نے آل انڈیا مسلم لیگ کے سالانہ اجلاس 30 دسمبر 1930ء بروز منگل کو مسلمانوں کے لیے الگ اور آزاد مملکت کا مطالبہ کردیا۔ جسے آج تک پاکستان کا خواب کہا جاتا ہے یا تصور پاکستان کہا جاتا ہے اور علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ سے منسوب کیا جاتا ہے جو بعد میں مسلم لیگ کا نصب العین ہوا۔

قارئین کرام! آپ کو اس مضمون میں قیام پاکستان سے قبل زحل در قوس کے زمانہ کے حالات (مختصر تاریخ پاک و ہند) پیش کیئے ہیں۔ پھر زحل در جدی کے حالات بھی بیان کیئے گئے ہیں۔ جو کچھ ہوتا رہا۔ وہ مختصر کر کے آپ کے لیے تحریر کردیا ہے۔ تاکہ آپ ان تاریخی واقعات کو پڑھ کر اور سمجھ کر آپ زحل در قوس و جدی کے آثار و اثرات کو سمجھ سکیں۔ اور آئندہ اس دور پر پہلے دور ہر قیاس کیا جاسکے۔ چنانچہ پاکستان کے قیام کے بعد زحل در قوس تیسری مرتبہ آچکا ہے۔ پاکستان میں زحل در قوس 23 دسمبر 2014ء بروز منگل بوقت 21 بجکر 34 منٹ سے آیا تھا۔ اس دوران پاکستان میں میاں محمد نواز شریف کی حکومت قائم ہوئی تھی۔ میاں نواز شریف کو جناب عمران خان نے کہا کہ الیکشن کے دوران چار سیٹوں میں دھاندلی ہوئی ہے۔ آپ وہ سیٹس مجھے واپس کردیں۔ یا دوبارہ الیکشن کرائیں۔ کیونکہ ان چار سیٹوں پر میاں نواز شریف کے اپنے معتمد آدمیوں کو کامیاب رکھایا تھا۔ اس لیے وہ چار سٹیں واپس کرنا یا ان پر دوبارہ الیکشن کرانا خالی از خطرہ نہ تھا۔ اگر وہ چار سٹیں ہار جاتا تو اپنے خاص آدمیوں کی معیت سے محروم ہوجاتا۔ جن میں محمد ایاز صادق اسپیکر قومی اسمبلی خاص طور پر تھے۔ خواجہ آصف، پرویز رشید اور خواجہ سعد رفیق کی سیٹیں بھی خاص طور پر تھی۔ یہ مسلم لیگ (ن) کے چار پائے تھے اور اعلیٰ پائے کے تھے۔ میاں نواز شریف ان کی وجہ سے چوپایہ ہوگیا تھا۔ یہ چاروں آدمی جو کچھ کہتے یا مشہورہ دیتے میاں نواز شریف مان کر ان پر عمل کرتا رہا ہے۔ میاں نواز شریف ان چاروں کی سیٹیں بچانے کے لیے الیکشن دوبارہ نہ کرانے پر ڈٹ گیا۔ حتیٰ کہ معاملات عدالتوں میں چلے گئے۔ چونکہ میاں نواز شریف کی حکومت تھی اس لیے ان کے خلاف صرف دھرنا ہوسکتا تھا۔ چنانچہ یہی جھگڑا بالآخر دھرنے تک نوبت جاپہنچی۔ پھر اس دوران حالات ایسے ہوگئے کہ حکومت گرنے کے قریب ہوگئی۔ اس حکومت کو سید خورشید شاہ، محمود اچکزئی اور مولانا فضل الرحمٰن نے سہارا دے کر گرتی حکومت کو بچایا۔ مگر اس دوران چند واقعات ایسے بھی ہوگئے جس میں جناب عمران خان کو دھرنا چھوڑنا پڑا۔ پشاور میں آرمی پبلک سکول میں قاتلانہ حملہ، کوئٹہ میں پولیس ٹریننگ مرکز پر قاتلانہ حملہ اور بھارت سے بے وقت سیلاب کا آجانا وغیرہ۔ یہ سب

کچھ میاں نواز شریف کی حکومت کو بچانے میں مدد دے گئے۔ حتیٰ کہ معاملہ سپریم کورٹ جا پہنچا۔ جس کا انجام سب نے دیکھا۔ میاں نواز شریف زحل در قوس میں حکومت سے نااہل قرار دے کر فارغ کر دیئے گئے۔ ان پر الزام پانامہ آف شور کمپنی بنانے کا لگا تھا۔ زحل درجدی میں میاں نواز شریف اپنی جماعت پاکستان مسلم لیگ (ن) کی سربراہی سے فارغ کر کے نااہل قرار دے دیا۔ اب میں نواز شریف کے قدم یا حالات جیل کی طرف جاتے ہوئے نظر آ رہے ہیں۔ میاں نواز شریف کے قریبی آدمی بھی زد میں آ رہے ہیں۔ یہ ایسا انقلاب آ رہا ہے۔ جو میاں نواز شریف اور اس کا خاندان پاکستان کی سیاست سے خارج ہو جائے گا۔

